

علم الجفر کی مشہور کتاب مجموعہ عملیات و نقشیات
مفتاح الجفر
تالیف
ماہر فن غلام حسین جبار

فہرست کتاب احسن التکسیر معروف بہ مفتاح الجفر

ختم شد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہزاران ہزار تعریف اس رب العالمین کی شان میں ہے کہ جس نے عرش و کرسی اور لوح و قلم کو پیدا کر کے طبقات آسمان و زمین کو ظاہر کیا اور واسطے زیب و زینت آسمانوں کے کواکب روشن قنادیل کے جابجا نصب کر کے آفتاب اور ماہتاب کو جلوہ گر فرمایا۔ اور واسطے زینت زمین کے ہیژدہ ہزار مخلوقات کو اپنے ید قدرت کاملہ سے پیدا کر کے جہان کو آباد کیا خصوصاً ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کر کے خلعت خلافت سے سرفراز فرما کے جمیع علوم عطا فرمائے اور درود نامحدود اس نبی آخر الزماں اور اس کی آل پر کہ جسکی شان میں اللہ جل شانہٗ لَوْلَاكَ لِمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ فرمایا یعنی اشرف الانبیاء محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کو رونق افروز فرما کے دائرہ اسلام کو روشن کیا۔

امابعد یہ خاکسار سید محمد حسن عرف میر غلام حسن ولد میر بخش ابن میر محمد پناہ نبیرۂ حضرت مخدوم شاہ جلال کبیر اولادلیا پانی پتی شائقان علم جفر و تکسیر کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ اس فقیر نے علم جفر و تکسیر و رمل عرصہ بارہ برس میں جناب سید السادات حضرت معصوم شاہ مغربی سے دارالسلطنۃ شاہجہاں آباد میں حاصل کیا مگر نیرنگیٔ زمانے کے سبب اپنے وطن سے آکر محمد علی شاہ بادشاہ اودھ میں ملازم ہوا جبکہ صرصر بادِ صرصر نے چمنستان سلطنت لکھنؤ کو خزاں کر دیا فقیر نے بھی گوشہ نشینی اختیار کی چند عرصے میں سرکار والی مرشد آباد نے قدر دانی فرما کر فقیر کو طلب کر لیا اور ملازم رکھا چونکہ ایک کتاب علم نجوم میں میں نے زمانہ شاہی میں تصنیف کی تھی اور نام اس کا انوار النجوم تھا اور ایک کتاب علم رمل میں اور یہ کتاب احسن التکسیر موسوم بہ مفتاح الجفر واسطے تعلیم قرۃ العین فرزند احسن یعنی سید دلدار حسن کہ کل مراد زندگانی اس فقیر کا تھا تصنیف کی تھی اور جملہ علوم و نجوم و رمل و جفر کامل اس نونہال خوبی نے مجھ سے بذریعۂ ان کتب کے حاصل کر لئے تھے۔ افسوس ہے کہ جب آفتاب عمر میر البہ بام ہوا تو اس سرمایۂ حیات نے عین شباب میں

یعنی ۲۰ برس کی عمر میں ۲۰ محرم ۱۲۹۱ھ کو اس دار ناپائدار سے سفر کیا چونکہ ان کتب میں میں نے وہ رموز حل کر کے لکھدیئے ہیں کہ جو متقدمین پوشیدہ کرتے آئے ہیں اور آج تک یہ علم سینہ میں رہا لائق شائع کرنے کے نہیں تھا مگر برائے یادگار اس مرحوم کے بفرمائش بعض احباب خصوصاً باصرار محب اخلاص شعار حافظ محمد عبد الستار خانصاحب تاجر کتب کے میں نے اسکو لکھا اور واسطے چھاپنے کے حق تصنیف اس کا خانصاحب موصوف کو ہبہ بالعوض کیا اور حسب ضابطہ دفتر سرکار انگریزی میں لکھوا دیا امید کہ جو احباب ان کتب سے فیض حاصل کریں تو فاتحہ خیر سے اس مرحوم کو محروم نہ رکھیں بمصداق آیۂ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۞ معلوم ہو کہ یہ علم حروف یعنی علم جفر دو طرح پڑھے ایک اخبار دوسرے آثار اخبار اسکو کہتے ہیں کہ جو سائل سوال کرے اس کا جواب نکلے اور ضمیر یعنی جو سائل کے دل میں ہو وہ بتادے۔ اور حتیٰ یعنی کوئی چیز سائل کے ہاتھ میں پوشیدہ رکھے جفار اسکو بتائے اور آثار یا دفینہ ہو اسکو بتائے اور آثار میں تسخیرات علوی و سفلی ہیں، علوی اس کو کہتے ہیں کہ تسخیر ملائکہ اور تسخیر کواکب اور سفلی اس کو کہتے ہیں کہ تسخیر جن اور بھوت اور شیاطین یا تسخیر بادشاہان اور امراء، یا معشوق وغیرہ اس کتاب میں اخبار و آثار سب لکھدیئے۔ مگر اس علم کو اس فن کے استادوں نے بکمال رمز و کنایہ لکھا ہے کہ ہر ایک سمجھ نہیں سکتا اگر کیسا ہی ذہن صاف ہو مگر طبع اور فکر اس شخص کی نہ پہونچے ہرگز نقطہ حقیقت سے اس علم کے ماہر نہ ہو یہ علم ایسا نہیں ہے کہ جو عقل کے زور سے دریافت کر سکے کیونکہ یہ نعمت پوشیدہ کرنے کے لائق تھی یا یہ کہ نااہل اور جاہلوں سے چھپایا ہے کہ مبادا کوئی جاہل اگر مقصد عالی سے کامیاب ہو جاویگا تو طرح طرح کا فتنہ برپا کریگا اور علم اسرار الٰہی ہے اور آثار انبیاء علیہم السلام ہے اور علماء و حکمائے فلاسفہ خوب اس علم حروف سے ماہر تھے اور اس علم کے ساتھ علم نجوم کا بھی لازم ملزوم ہے جو علم نجوم سے ماہر نہ ہوگا وہ اس علم میں خام رہے گا۔ چنانچہ ایک عالم فلاسفے آصف بن برخیا تھے کہ وہ خلیفہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے تھے کہ تخت ملکہ پریزاد بلقیس کا

ملک سبا سے چھ مہینے کے راستے سے چشم زدن میں منگوا لیا تھا یہ قصہ پروردگار عالم نے قرآن شریف میں فرمایا ہے بہت مشہور و معروف ہے مگر پہلے چند قاعدے علم نجوم کے بیان کئے جاتے ہیں کہ ساعت کواکب کی سعد یا نحس معلوم کرے اور طالع وقت کو معلوم کرنا چاہئے اور آفتاب کا معلوم کرنا لازم ہے کہ کس درجے پر کس برج میں ہے اور قمر کس برج میں اور کس منزل پر ہے اور یوم کا کون ستارہ ہے اور وہ ستارہ لائق اس کام کے ہے ہر برج اور منزل اور ستاروں پر حروف ابجد کے تقسیم ہیں۔ تمامی احکامات میں حروف بروج اور منازل کے درکار ہوتے ہیں اور وقت اور ساعت ہر ایک کام میں آتے ہیں پہلے اس کا بیان کرنا ضروری ہے۔

باب پہلا قوانین علم نجوم اور اسکی کیفیات میں شامل چھ فصلوں پر

فصل ۱۔ بیان علم نجوم میں معلوم ہو کہ منجمان سابقین کو علم تکسیر اخبار اور آثار میں بہت دخل تھا علم نجوم کی تکسیر اعمال اخبار آثار میں بہت ضرورت ہوتی ہے بغیر نجوم کام نہیں چلتا اور یہ علم حروف جفر اور تکسیر کا قدیم ہے چنانچہ حکمائے فلاسفہ علم نجوم سے خوب ماہر تھے اور سوال سائل کو شل فال کے جانتے تھے اور علم آثار پر انکا دارو مدار تھا۔ چنانچہ حکیم فیثاغورث اور حکیم سامور اور آصف بن برخیا اور افلاطون اور ارسطو اور بطلیموس اور جالینوس ان لوگوں کی تسخیرات میں ملائکہ اور کواکب اور جن تھے اور اس کا قصہ بہت طول ہے اور علم نجوم کا حضرت ادریس پر نازل ہوا تھا اور حضرت ادریس نے طوفان حضرت نوح علیہ السلام کی ڈیڑھ سو برس قبل خبر دی تھی جناب باری تعالےٰ نے قرآن شریف میں وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ فرمایا ہے۔ اور پروردگار عالم نے تمام کاروبار دنیا گردش فلک اور رفتار ستارگان پر مقرر کیا ہے چنانچہ حضرت شیخ شہاب الدین بونی مغربی نے جدول حروف برجوں اور ستاروں کی لکھی ہے اور حروف ابجد کو زیر اور زبر اور پیش اعراب دیکر لکھا ہے واسطے دریافت کرنے احوال ہر ایک شخص کے اس کا بیان معہ جدول کے آویگا مگر اول شمس اور قمر کا حال معلوم کرنا چاہیئے کہ آفتاب کا دورہ بارہ برجوں میں ایک سال کا ہے اور قمر کا دورہ بارہ برجوں میں ایک ماہ کا ہے اور انکی سیر کا حال معلوم کرنا واجب اور

لازم ہے سیر آفتاب سے طالع وقت معلوم ہوگا اور سیر قمر سے منازل قمر کے معلوم ہونگے۔ پہلے معلوم کرے کہ وقت سوال سائل کے آفتاب کس برج میں اور کس درجے پر ہے اور قمر کس برج میں ہے اور کون سی منزل پر ہے اس دن کا درجہ سیر کا اور دقیقہ معلوم ہوگا حساب یونانی سے اسطرح پر معلوم کرے کہ پہلے غرۂ جنوری سے تاریخ مطلوب تک کتنے روز ہوئے ان کو جمع کرے اور دس روز اضافہ قانون کا جمع پر زیادہ کرے اور جمع کو بارہ برجوں پر تقسیم کرے اول برج جدی سے جس جا پر منتہیٰ ہو اس برج میں اتنے درجے جانے

اسامی بروج	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس
تقسیم ایام	۲۹	۳۰	۳۰	۳۱	۳۱	۳۲	۳۱	۳۱	۳۱	۳۰	۳۰	۲۹

جدول ماہ ہائے عیسوی

نام ماہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
تقسیم ایام	۳۱	۲۸	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱

مثلاً ایک شخص نے ۲۲ تاریخ مارچ کو سوال کیا کہ آج آفتاب کس برج اور کتنے درجے پر ہے اول غرۂ جنوری سے تاریخ مطلوب تک شمار کیا اس طرح پر اول غرۂ جنوری سے ۳۱ روز لئے اور ماہ فروری کے ۲۸ روز لیئے اور ماہ مارچ کے ۲۲ روز لیے ان کو جمع کیا ۸۱ روز ہوئے اور دس روز قانون کے جمع پر زیادہ کیئے ۹۱ روز ہوئے ان اعداد کو بروج پر تقسیم کیا ۲۹ روز برج جدی کو دیئے اور ۳۰ روز برج دلو کو دیئے اور ۳۰ روز برج حوت کو دیئے تو یہ ۸۹ روز ہوئے اور دو عدد باقی رہے وہ برج حمل کو دیئے تو معلوم ہوا کہ آفتاب ۲۲ تاریخ مارچ کو برج حمل میں دو درجے پر آیا ہے اسطرح پر استخراج کر کے آفتاب کو معلوم کرے۔

فصل ۲۔ استخراج قمر کے بیان میں دریافت کرنا چاہئے اگر کوئی شخص سوال کرے کہ فلاں مہینے کی فلاں تاریخ کو قمر کس برج میں ہوگا اور کس درجے پر ہوگا پہلے حساب آفتاب کا انگریزی ماہ پر کیا کہ شمسی ماہ سال ہے اور قمر کا استخراج ماہ ہائے عربی پر ہے کہ یہ سال ماہ قمری عربی ماہ کی تاریخ پر استخراج ہے اگر کسی شخص نے سوال کیا کہ آج ۱۲ تاریخ ربیع الاول ۱۲۹۴ھ میں قمر کس برج میں ہے اسطرح

پر حساب کرے ۴ تاریخ کو اندر ۱۳ عدد کے ضرب کرے اور اعداد ضرب کو جمع اور ۲۶ عدد قانون کے جمع ضرب پر زیادہ کرے ان سب کو جمع کر کے ۳۰ اور ۳۰ کی طرح کرے بارہ برجوں پر اور شروع اول طرح سے کرے کہ جس برج میں آفتاب ہو پہلے ۳۰۔ اس برج کو دے بعدہٗ دوسرے برج کو

برج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
عدد	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰

چار تاریخ ربیع الاول کو اندر ۱۳ کے ضرب کیا تو ۵۲ عدد ہوئے اور ۲۶ عدد قانون کے جمع پر زیادہ کئے تو ۷۸، عدد ہوئے مثلاً جب قمر نے طلوع کیا وقت شام کے تو آفتاب برج حوت میں تھا پس برج حوت سے تقسیم شروع کی ۳۰ عدد برج حوت کو دیئے اور ۳۰ برج حمل کو دیئے تو ۶۰ عدد ہوئے ۱۸ باقی رہے پس معلوم ہوا کہ برج ثور میں ۱۸ درجے پر قمر ہے منزل دبران پر اور ہر منزل کی ۱۳ درجے کی سیر ہے

جدول بارہ برجوں کی مع منازل و درجات و تقسیم حروف ابجد کے

برج حمل			برج ثور			برج جوزا		
ا	ب	ج	ج	د	ہ	ہ	و	ز
۱	۲	۳	۳	۴	۵	۵	۶	۷
شرطین	بطین	ثریا	ثریا	دبران	ہقعہ	ہقعہ	ہقعہ	ذراعہ
۱۳ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۱۳ درجہ

برج سرطان			برج اسد			برج سنبلہ		
ح	ط	ی	ی	ک	ل	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۱۰	۱۱	۱۲	۱۲	۱۳	۱۴
نثرہ	طرفہ	جبہہ	جبہہ	زہرہ	صرفہ	صرفہ	عوا	سماک
۱۳ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۱۳ درجہ

برج میزان			برج عقرب			برج قوس		
س	ع	ف	ف	ص	ق	ق	ر	ش
۱۵	۱۶	۱۷	۱۷	۱۸	۱۹	۱۹	۲۰	۲۱
عفرہ	زبانا	اکلیل	اکلیل	قلب	شولہ	شولہ	نعائم	بلدہ
۱۳ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۱۳ درجہ

برج جدی			برج دلو			برج حوت		
ت	ث	خ	خ	ذ	ض	ض	ظ	غ
۲۲	۲۳	۲۴	۲۴	۲۵	۲۶	۲۶	۲۷	۲۸
ذابح	بلع	سعود	سعود	اخبیہ	مقدم	مقدم	مؤخر	رشا
۱۳ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۴ درجہ	۹ درجہ	۱۳ درجہ	۱۳ درجہ

ایک برج کے ۱۳ درجے کئے اور حروف ابجد سے ہر منزل کو ایک حرف یعنی ۲۸ منازل کے اور ۲۸ حرف ابجد کے ہیں برابر تقسیم میں ہوئے اور ایک برج کو دو منازل اور تیسرا حصہ منزل کا اس طرح پر جدول میں تحریر ہے حساب کرے ہر منزل پر قمر معلوم ہوگا اور جو حروف درکار ہوئے تو اس حرف کو حسب طلب گرفت کرے **فصل ۳۔** استخراج طالع وقت میں معلوم کرنا چاہیئے کہ پہلے حساب طبعی سے آفتاب کو استخراج کرے۔ پس جسوقت کہ آفتاب معلوم ہو کہ فلاں برج اور فلاں درجے پر ہے پس وہ درجہ آفتاب کا وقت صبح کے طلوع ہوا اور جسوقت سوال سائل نے کیا اسوقت معلوم ہوا کہ وقت صبح سے وقت مطلوب تک کے گھڑی دن آیا ہے یا باقی رہا ہے یا رات ہے پس طلوع آفتاب تا طلوع دیگر ۶۰ گھڑی کا عرصہ ہوا پس اسوقت معلوم کرے کہ کے گھڑی صبح سے گذرے ہیں۔ ان گھڑیوں کو جمع کیا اور ۶ میں ضرب کیا اور حاصل کو جمع کیا اور آفتاب کو معلوم کیا۔ کتنے درجے آفتاب اس برج سے گذرا ہے ان درجات گذشتہ کو جمع کر کے ضرب پر ملایا اور جس برج میں آفتاب ہے اس برج سے ۳۰ اور ۳۰ درجے قسمت برج پر کیا جس برج میں عدد منتہی ہوا اس برج کو طالع وقت اور لگن جانے وہ خانہ

پہلے یہ زائچہ ۱۲ خانے کا کھینچ کر شمار خانوں کا کیا اور ۱۲ خانوں تک لکھا مثال اسکی
یہ ہے ۲۲ تاریخ ماہ مارچ ۱۸۷۷ء کو سائل نے سوال کیا اور ماہ ربیع الاول ۱۲۹۴ھ
کی ۶ تاریخ کو۔ اس سائل نے کیا آفتاب کو معلوم کیا تو برج حمل کے اول درجے پر
آیا تھا اور صبح کی گھڑی کو شمار کیا تو دس گھڑی دن آیا تھا دس کو ۶ کے اندر ضرب کیا
چھ رباعی ۶۰ ہوئے اور ایک درجہ آفتاب کا جمع پر زیادہ کیا تو ۶۱ ہوئے پس آفتاب
سے تقسیم کیا ۳۰ برج حمل کو دیا اور ۳۰ برج ثور کو دیا ایک عدد باقی رہا پس معلوم ہوا کہ
برج جوزا کا اول درجہ طلوعت کرتا ہے اسی طرح پر طالع وقت کو استخراج کرے بارہ
برجوں پر حرف تقسیم کرنا اخبار میں بکار آمد ہوتا ہے اور قاعدہ آثار میں ملائکہ کو برج پر تقسیم کریں
فصل ۴۔ دریافت اوتاد میں معلوم کرنا اوتاد اور زائل اوتاد وغیرہ کا از روئے زائچہ سال کے

زائچہ سال کا یہ ہے



خانہائے اوتاد سے زمانہ حال کے احکام استخراج ہوتے ہیں اور مائل اوتاد سے زمانہ استقبال کا
حال معلوم ہوتا ہے اور زائل اوتاد سے زمانہ ماضی کا حال معلوم ہوتا ہے زائچے کا پہلا خانہ
اور چوتھا خانہ اور ساتواں خانہ اور دسواں خانہ اوتاد ہے اور دوسرا خانہ اور پانچواں خانہ اور
آٹھواں خانہ اور گیارھواں خانہ مائل اوتاد ہے اور تیسرا اور چھٹا خانہ اور نواں خانہ اور بارہواں
خانہ زائل اوتاد ہے یہ استخراج احکام سوال سائل کے بیان میں بکار آمد ہے اور جدول

بروج عناصر کی جو حروف ابجد کے برجوں پر منقسم ہیں معلوم کرنا چاہئے کہ ہر ایک عمل میں طبع عناصر
اور موکلات آتش کے اور موکل حرارت اور برودت اور رطوبت اور یبوست ہر چہار عناصر کی
طبع اور برج ہر عمل کے دیکھنا بکار آمد ہے جو شخص عامل اس بات پر عمل کرے وہ کامل ہے اور تمام
حروف تہجی کا تمام عمل تکسیرات میں بسط جمل کبیر اور بسط صغیر سو موکلات کے اور اعراب نیا تکسیر
میں لازم ہوا اور جاننا نظرات کواکب اور برج کا کہ رکن کامل ہو اور اگر یہ احوال دریافت نہ کریگا تو کچھ اثر نہ ہوگا

جدول ملائکہ اور عناصر حروف ابجد یہ ہے

برج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
عناصر	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی	آتشی	خاکی	بادی	آبی
حروف	اہط	حل	وی ب	ج ز ش	ط م ن	ل و ت	ص ی ث	ہ س ق	ذ ش م	ذ ح ع	ض ع ط	ق ث ظ
حروف طالع	اعبہ	حمہ	تنفض	بسلر	حطع	زخ	صقط	رس	حقش	ننکص	نور	جبتہ
ابجد صغیر	۶۷	۵۰	۱۹۲	۲۹۰	۲۳	۱۹۹۰	۷۵۰	۳۸۸	۹۳۸	۹۳۰	۶۰	۳۱۰
موکل	اسرافیل	کلکائیل	عطرئیل	ہمواکیل	دردائیل	سرفائیل	ہمائیل	اموکیل	تنکفیل	نوائیل	اسرائیل	قہدائیل
	نومائیل	نومائیل	جبرئیل	طاطائیل	اسمائیل	جبرائیل	نوحائیل	میکائیل	سرہمائیل	مجلائیل	فرائیل	نفہارئیل
طالع	وردائیل	سرفائیل	عطاطائیل	اموکیل	تنکفیل	سیکائیل	نورائیل	حولائیل	ہمرائیل	عطلطائیل		
موکل	سراطیل	عوزئیل	ہیکائیل	براطیل	اہیل	صمرائیل	صلقائیل	سرطائیل	سلمائیل	تجلنائیل	مجدائیل نفہائیل	تنکفیل عزرائیل
برج	را		یرقائیل	سراکیل	سطفائیل	ہمراکیل	ہمرائیل	مہکائیل	سہکائیل	ضحکائیل	وردائیل	اموائیل
عدد موکل	۶۸ ۳۱۰	۶۷ ۳۰۳	۱۷ ۳۰۳	۳۳۰ ۳۸۲	۶۵ ۱۲۵	۱۴۷ ۲۵۹	۱۰۸ ۴۲۲	۳۷۲ ۴۲۳	۱۶۶ ۳۱۱	۱۷ ۱۶۰	۴۰ ۳۶۹	۳۱۴ ۳۲۶

جدول ملائکہ حروف تہجی

حروف	الف	با	تا	ثا	جیم	حا	خا	دال	ذال	را
نام ملائکہ	یا اسرافیل	یا جبرائیل	یا عمورائیل	یا میکائیل	یا سلکائیل	یا شرفائیل	یا میکائیل	یا دردائیل	یا ابراطیل	یا ابرائیل
حروف	زا	سین	شین	صاد	ضاد	طا	ظا	عین	غین	فا
نام ملائکہ	یا شرنائیل	یا ہمواکیل	یا اجائیل	یا عطکائیل	یا ططائیل	یا لومائیل	یا لومائیل	لوحائیل	یا ہمرائیل	یا سرخلائیل
حروف	قاف	کاف	لام	میم	نون	واو	ها		یا	
نام ملائکہ	یا عطرائیل	یا جردائیل	یا ططائیل	یا رومیل	یا حولائیل	یا زنجائیل	یا دروائیل یا دردائیل		یا سرائیکائیل یا سرطائیل	

فصل ۵ ۔ تقسیم انواع سوجعف وموکلات کے بارہ برجوں میں اور منازل اور ساعت ستاروں کے

بیان میں جدول دریافت کرنے ستاروں اور بارہ برجوں اور ملائک کی جوان سے تعلق رکھتے ہیں وقت حاجات کے عمل میں لاوے مگر استخراج عمل اس سے معلوم کرنا چاہیے تمام حروف تہجی کے اوپر سبعہ سیارہ اور موکلان تمام بروج اور کواکب کے اس جدول سے معلوم کرنا ضرور اور واجب ہے ہر عمل کی جلد تاثیر ہوگی واسطے کل عمل کے ہر جا پر کار آمد ہوگا ۔ فقط جدول یہ ہے ۔

کواکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
سبعہ سیارہ	روز شنبہ	روز پنجشنبہ	روز سہ شنبہ	روز یکشنبہ	روز جمعہ	روز چہار شنبہ	روز دو شنبہ
اعداد	۴۵	۹۵۰	۸۵۰	۴۰۰	۲۱۷	۲۸۴	۳۴۰
ملائکہ	زہبائیل ارفائیل	ارمائیل حمزاد	صحائیل سمائیل	کلسائیل کلمائیل	نورائیل اسموائیل	بہرائیل	صفیائیل تفوئیل
اعداد	۳۴۳	۸۷	۴۹	۱۴۶	۳۴۸	۹۱	۱۹
بخورات	لوبان عود	عود شکر	مشک عود	عود دار چینی	عطر صندلین	عود لوبان	عود کافور شکر لوبان
حروف کواکب	انبج	علیم	عفزت	طفبت	خطنغ	معکوت	سضدد
اعداد	۱۶۴	۱۵۰	۳۰۲	۱۵۱۱	۲۱۵۱	۶ ذع	۱۸۴
موکلان حروف تہجی	اسرافیل عطرائیل ہمواکیل کاکائیل	کومائیل سرکطائیل روبائیل	دورائیل البحائیل امواکیل اسرائیل	سرفائیل اسمائیل لوحائیل میکائیل جبرئیل	تنکفیل نورائیل جولائیل کاکائیل	سرجائیل جملائیل رفتمائیل عزرائیل	ہمرائیل عططائیل وردائیل اہراطیل
موکلان ہفت فلک	دوخائیل	صبرائیل	ہماسکیل	میکائیل	اسرافیل	جہنائیل	عزرائیل
موکلان ما بین زمین و آسمان	ہواھسا	محلق ۲	ہندوال ۳	دمرہائیل ۴	چورائیل ۶	سمائیل ۷	احملہ ۳
موکلان ما بین طرق سطح ہفت	اسرافیل	عنائیل	جمزائیل	برقان	سموس	ابیض	میمون

جدول منازل عرب کی ۲۸ پر شمار ہے اور تقسیم اوپر ہفت کواکب کے چار چار کی قسمت ہے اور قمر ۲۸ روز میں منازل کو طے کرتا ہے اور ہر منزل پر ایک شبانہ روز قیام کرتا ہے اور جس کام کیواسطے درکار ہو اس جدول سے دیکھ لے جدول منازل قمر کہ عمل اور مستحصلات میں کام آوے ۔

نام کواکب	زحل	مشتری ۴	مریخ ۴	آفتاب	زہرہ ۴	عطارد	قمر ۴
نام منزل	ذراع	شرطین	ثریا	ہنعہ	بطین	زبانا	ہقعہ
نام منزل	سماک	طرفہ	اکلیل	صرفہ	دبران	نعائم	نثرہ
نام منزل	بلدہ	مقدم	جبہہ	قلب	عواد	سعود	زبرہ
نام منزل	ذابح	شولہ	بلغ	موخر	اخبیہ	(غفرہ	رشا
امورات	زبان بندی	محبت و جاہ و حشمت	دشمنی و قتل	سیاند رسایہ	محبت سعید	زبان بندی خواب بندی	برائے علاج
امورات	جدائی	تسخیر	خرابی ہلاکت	خیر و شر	دوستی فراغت	تسخیرات	بیمار بیماری وغیرہ

منازل قمر یہ دار مدار ہے علامہ خواجہ نصیر الدین طوسی نے مستحصلات کا استخراج اوپر منازل قمر کے رکھا ہے اور اس سے بارہ جواب استخراج کئے ہیں اور باقی جس وقت جس کام کیواسطے قمر موافق ہوئے فوراً وہ عمل اثر کریگا اور یہ علم تکسیر میں رکن ہے اور ساعت کواکب کی بھی لازم ہے ہر ایک عمل کیواسطے ہر ایک ساعت درکار ہے ۔ معلوم کرنا چاہیے کہ آج کون روز ہے اور وقت طلوع آفتاب کس ستارے کی ساعت تھی اگر روز یکشنبہ ہے تو طلوع آفتاب کیوقت اول ساعت شمس کی ہے اور بعد اسکے زہرہ کی ساعت ہے اور بعد اسکے عطارد کی ساعت ہے اور بعد اسکے عطارد کی ساعت ہے اور بعد اسکے قمر کی ساعت ہے اور بعد اسکے زحل کی ساعت ہے اور بعد اسکے مشتری کی ساعت ہے اور بعد اسکے مریخ کی ساعت ہے اور اگر روز دوشنبہ ہے تو اول ساعت قمر کی ہوگی اور اگر روز سہ شنبہ ہے تو اول ساعت مریخ کی ہوگی اور اگر چہار شنبہ ہے تو اول ساعت عطارد کی ہوگی اور اگر روز پنجشنبہ ہے تو اول ساعت مشتری کی ہوگی اور روز جمعہ ہے تو اول ساعت زہرہ کی ہوگی اور اگر روز شنبہ ہے تو اول ساعت زحل کی ہوگی جس ستارے کی وقت سحر کے اول ساعت ہوتی ہے وہ ستارہ اس روز کا مالک ہے اور جسطرح پر اول ساعت آفتاب سے دور لکھا ہے اسطرح پر شمار کرے چنانچہ ایک جدول ساعت شبانہ روز کی لکھی ہے جدول پر عمل کرے فقط

جدول روز کی ساعت کی

روز یکشنبہ	روز دوشنبہ	روز سہ شنبہ	روز چہارشنبہ	روز پنجشنبہ	روز جمعہ	روز شنبہ
آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد
مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر
شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ

جدول شب کی ساعت کی

شب یکشنبہ	شب دوشنبہ	شب سہ شنبہ	شب چہارشنبہ	شب پنجشنبہ	شب جمعہ	شب شنبہ
عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد
مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر
آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ
قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب
زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر	مریخ	عطارد
مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	آفتاب	قمر

جسطرح پر دن کی ساعت ہے اسی طرح پر رات کی ساعت ہے اسکو دریافت کرنا چاہیے اگر روز یکشنبہ کو آفتاب کی ساعت ہے تو واسطے تسخیر امرا اور ملوک اور زبان بندی کی اور مقہوری اعداد کے اگر روز دوشنبہ ہے تو واسطے دوستی اور الفت کے مناسب ہے اگر روز سہ شنبہ ہے تو واسطے دشمن کے عمل کرنا بہتر ہے اور اگر روز چہارشنبہ ہے تو واسطے دوستی اور زبان بندی کے اور جو کام قبض و بسط کا ہووے اور اگر روز پنجشنبہ ہے تو واسطے موافقت مرد اور زن اور کشائش کار اور رنج و شری کیواسطے اور خرید و فروخت وغیرہ اور جمعہ کا دن ساعت زہرہ کی ہے واسطے عشقبازی اور شادی اور نکاح کے سعد ہے

فصل ۶ وقت دریافت کرنے قمر در عقرب وغیرہ میں اور اسمیں چند قاعدے ہیں مثلاً کسی سائل نے پوچھا کہ اسوقت کے گھڑی دن آیا ہے یا باقی رہا ہے تو اس جدول کے طریقے سے دریافت کرے اسطرح پر کہ ایک چوب بقدار سات انگشت کے لیکر دھوپ کے درمیان آفتاب کے روبرو ہموار زمین پر کھڑی کرے اور اسکے سائے کو انگشت سے شمار کرے اور اس جدول پر عمل کرے معلوم ہو جائیگا:

جدول یہ ہے

انگشت شمار	گھڑی درر
۶۴	۱
۶۴	۲
۳۴	۳
۱۶	۴
۱۲	۵
۱۱	۶
۱۰	۷
۹	۸
۸	۱۰
۶	۱۱
۵	۱۲
۴	۱۳
۳	۱۴
۲	۱۵
۱	۱۶

اول ایک سے زیادہ دوپہر تک اور دوسے دوپہر کم ہوتا جاتا ہے روز اس جدول سے معلوم ہوتا ہے یہ جدول واسطے طالع وقت استخراج کرنیکے اور ساعت دریافت کرنیکے لکھی ہے اور ارطھائی گھڑی کی ایک ساعت ہوتی ہے اور غرہ ہر ماہ کا معلوم کرنیکے واسطے ایک یہ قاعدہ لکھا ہے معلوم کرلے مگر یہ قاعدہ بہت معتبر نہیں ہے اور استخراج قمر کا قاعدہ سابق میں بیان کرچکا ہوں قاعدہ یہ ہے کہ اول اگر روز یکشنبہ یا دوشنبہ یا سہ شنبہ کو ہلال ہووے تو معلوم ہوگا کہ ۲۹ روز کا مہینہ

ہوگا اگر روز چہار شنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ یا شنبہ کو ہلال ہووے تو چاند ۳۰ روز کا ہوگا۔
قاعدہ۴:۔ ہندی حساب سے قمر در عقرب دریافت کرنیکا معلوم کرنا چاہیے کہ کس ماہ میں کس تاریخ
کو قمر در عقرب ہوگا اسطرح پر کہ ہندی مہینے پر اس کا حساب ہے چنانچہ ماہ اگہن میں چاند کی ۲۸۔
اور ۲۹ تاریخ دوپہر دن کو قمر در عقرب ہوگا اور ماہ پوس کو ۲۶ اور ۲۷ کو تمام روز اور ۲۵
تاریخ کا دوپہر دن اور ماہ ماگھ میں ۲۳۔ اور ۲۴۔ اور دوپہر دن ۲۵ تاریخ کا اور ماہ
پھاگن میں ۲۱ اور ۲۲ تمام روز اور ۲۳ کا دوپہر دن اور ماہ چیت میں ۱۸ اور ۱۹ روز
تمام اور ۲۰ کا دوپہر دن اور ماہ بیساکھ میں ۱۶ اور ۱۷۔ اور ۱۸ کا دوپہر دن اور ماہ جیٹھ
میں ۱۳ اور ۱۴۔ اور ۱۵ کا دوپہر دن اور ماہ اساڑھ میں ۱۱۔ اور ۱۲ تاریخ ۱۳ کا
دوپہر دن اور ماہ ساون ۸۔ اور ۹ تاریخ کو اور ۱۰ کا دوپہر دن اور ماہ بھادوں میں
۶ اور ۷ تاریخ تمام اور ۸ کا دوپہر دن اور ماہ کنوار میں ۳ اور ۴ تاریخ کو اور ۵ کو دوپہر
دن اور ماہ کاتک میں ۱۔ اور ۲ تمام تاریخ اور ۳ کا دوپہر دن۔
قاعدہ۵:۔ قمر کے دریافت کرنے کا خواجہ نصیرالدین طوسی سے منقول ہے اس قاعدہ سے
معلوم کرے۔ جو کہ تاریخ ماہ کی ہووے اسکو دوچند کرے اور ۵ عدد قانون کے جمع پر
زیادہ کرے اور جس برج میں آفتاب ہو اس برج سے ۵ اور ۵ کی طرح کرے۔ جس
برج میں منتہی ہوئے اس برج میں قمر کو جانے اور جو عدد کہ باقی رہے ہوں ان کو
۶ میں ضرب کرے جو کہ حاصل ضرب ہوں انکو درجے قمر کے اس برج میں جانے اور
حال آفتاب کا یہ ہے کہ آفتاب کو نوروز کے دن سے ۳۱ روز برج حمل میں رہتا ہے اور
۳۱ روز برج ثور اور ۳۲ روز برج جوزا میں اور ۳۱ روز برج سرطان میں اور ۳۱ روز
برج اسد میں اور ۳۱ روز برج سنبلہ میں اور ۳۰ روز برج میزان میں اور ۳۰ روز
برج عقرب میں اور ۲۹ روز برج قوس میں اور ۲۹ روز برج جدی میں اور ۳۰ روز برج
جدی میں اور ۳۰ روز برج دلو میں اور ۳۰ روز برج حوت میں اسطرح پر سال کے ۳۶۶ روز ہوئے اول جو استخراج شمس اور قمر کا بیان
کیا ہے وہ تمام حسابوں میں عمدہ ہے اور علم تکسیر کیواسطے استخراج آفتاب اور قمر کا
اور استخراج طالع وقت کا اور معلوم کرنا ساعت کواکب اور روز کی گھڑی اور ساعت معلوم

کرے یہ کفایت کرتا ہے اگر تشریح قاعدہ نجوم کی کرتا ہوں تو طول ہوتا ہے بسبب بندی کیواسطے کافی ہے

باب دوسرا استخراج ابجدات اور اصطلاحات جفر اور تکسیر میں مشتمل تین فصلوں کے

فصل ۱:۔ اس علم کی اصطلاحات اور ابجدات کے بیان میں اور یہ ابجد شمسی ہے ا ب ت
ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ی اور
ابجد قمری یہ ہے ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ اور اسی ابجد سے ۲۸۔ ابجدین استخراج کی
ہیں منازل قمر کے اوپر اور اشارات تکسیرات صدر سوخرات کے بیان سبعہ سیارات پر
منقسم ہیں۔ ہر ایک تکسیر پہ ایک کواکب منصوب ہے ہر ایک استخراج مطالب کیواسطے
علیحدہ لکھا ہے اور بارہ بسط میں ۱۲ بروج پر منقسم ہیں اور نو طرح ہیں تو افلاک کے
اوپر ہیں اور چند قاعدے متصرفات علم کی اصطلاح ہیں اس کا بیان کیا جاتا ہے معلوم
کرنا چاہیے اول حروف نورانی اور حروف ظلمانی نورانی وہ حروف ہیں کہ جو قرآن شریف کی اول
سورتوں میں نازل ہوئے ہیں اور حروف ظلمانی وہ ہیں جو ان سے باہر ہیں اور حروف
صامت اور حروف ناطقہ ہیں۔ حروف صامت وہ ہیں جو بغیر نقطے کے ہیں اور ناطقہ وہ
ہیں کہ جنکے اوپر اور نیچے نقطے ہیں اور حروف تواخیہ اور حروف غیر تواخیہ یہ ہیں کہ جو ایک صورت
کے دو اور تین ہیں مثلاً ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ
۱۸ حروف تواخیہ ہیں اور دس حروف غیر تواخیہ ا ف ق ک ل م ن و ہ ی اور حروف نورانی
یہ ۱۴ حروف ہیں ا ہ ح ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر اور باقی یہ ۱۴ حروف ظلمانی ہیں
ب ج د و ز ف ش ت ث خ ذ ض ظ غ اور ۱۳ حروف صامت یہ ہیں ا د ہ ح ط ک ل م س ع ص ر ی
اور ۱۵ حروف ناطقہ یہ ہیں ب ت ث ج خ ذ ز ش ظ غ ف ق ن ی اور حروف ملفوظی اور حروف مکتوبی اور حروف مسروری
ملفوظی یہ ہیں الف جیم دال ذال سین شین صاد ضاد شین عین قاف
کاف لام حروف مکتوبی میم نون واؤ اور حروف مسروری باتا ثا حا خا را زا
طا ظا نا ھا یا قاعدہ اول جسکی استخراج سوالات میں ضرورت ہوتی ہے اول حروف
کو اوتاد کہتے ہیں اور دوسرے حروف کو مائل اوتاد کہتے ہیں اور تیسرے حروف کو

کو زائل اوتاد کہتے ہیں مثلاً اوتاد ب مائل اوتاد ج زائل اوتاد ہ مائل اوتاد و زائل اوتاد اسی طرح پر ابجد کی مثال ہے جس حال میں استخراج حروف میں چند سطورات جمع ہوئے یا جفر جامع سے صفحات کے استخراجات حروف جمع ہوئے تو جو کہ اوتاد ہیں وہ زمانہ حال کا احوال اور جو کہ مائل اوتاد ہے وہ زمانہ استقبال کا حال ہے اور جو کہ زائل اوتاد ہے وہ زمانہ ماضی کا حال سائل کا ہے۔ مراتب اعداد ثلاثہ اوتاد اول عدد اکائی اور استقبال عدد دہائی اور ماضی عدد سیکڑا ہے اسیطرح استاد بیان کرتے ہیں اور حروف زبر اور بینات اول زبر اور دوم بینات مثلاً الف اتو زبر اور ل ف بینات اسیطرح پر تمام ابجد کا زبر اور بینات بھی استخراج میں بکار آمد ہوتا ہے۔ قاعدہ چار عناصر پر ابجد کے منقسم ہے اول آتش ا ہ ط م ف ش ذ دوم عناصر باد ب و ی ن ص ت ض۔ سوم عناصر آب ج ز ک س ق ث ظ چہارم عنصر خاک د ح ل ع ر خ غ

فصل ۲۔ اصطلاحات علم جفر میں یہ اصطلاحات اخبار میں ہوتے ہیں۔ حروف داخل کبیر اور وسیط اور صغیر اور اصغر حروف شمار اور مستحضرہ اور حروف مستخرجہ اور حروف آساس اور حروف نظیر ابجدی اور مستحصلہ اور حروف غریزی اور صدر موخر اور حاصل جواب اور منصوب اور مقلوب اور طول عرض اور عمق اور قطر اور استنطاق اور استنباطات اور دائرہ حروف زمام اور ترفع حرفی اور ترفع مراتب اور ترفع اعدادی اور ترفع اوتار اسیطرح پر متنزل ہیں۔ مطابق ترفع کے اور ترفع اوتار ازواج اور بسط حرفی اور بسط ملفوظی اور بسط عربی اور بسط قضارب اور بسط تضعیف اور بسط تنصیف اور بسط فارسی اور بسط غریزی اور بسط تمارج اور بسط کسورات یعنی تکسیری اور امتزاج الحروف اور بہت سے اشارات قوانین اس علم حروف میں ہیں مگر یہ چند قاعدے واسطے ہندی کے ہیں اور بارہ قوانین جو تحریر کئے ہیں ان کا بیان آگے ہوگا۔

فصل ۳۔ استخراج دس ابجدوں کا اور استخراج مستحصلہ ضرب سے میں نے بہت سے رمز اور کنایات کو واضح کر دیا ہے چنانچہ الف ملفوظی کے عدد ۱۱۱ کو حروف ابجد میں ضرب

کیا اس کو معلوم کرنا چاہیے۔ چنانچہ الف کے ۱۱۱ عدد ہوئے اور ب کے ۲ عدد ہوئے انہیں ضرب کیا ۲۲۲ عدد ہوئے اوردو کے عدد ۴ ہیں اسمیں ضرب کیا تو ۴۴۴ ہو اور ہ کے عدد ۵ ہیں اسمیں ضرب کیا تو ۵۵۵ ہوئے پھر و کے ۶ کو اسمیں ضرب کیا تو ۶۶۶ ہوئے پھر ز کے ۷ کو اسمیں ضرب کیا تو ۷۷۷ ہوئے پھر ح کے ۸ کو اسمیں ضرب کیا ۸۸۸ ہوئے پھر ط کے ۹ کو اسمیں ضرب کیا تو ۹۹۹ ہوئے مثلاً عدد الف ایقغ اور بکر اور جلش اور دمت اور ہنث اور وسخ اور زعذ اور حفض اور طضظ اور اسی طرح ۲۸ ابجد استخراج کئے ہیں مگر دس ابجد تو بیان کرتا ہوں اسکو معلوم کرنا چاہیے واسطے استخراج جواب سائل مستحصلہ اور نظیرہ

پہلا ابجد

اساس	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
نظیرہ	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

دوسرا ابجد ابتث

اساس	ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
نظیرہ	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ہ	ی

تیسرا ابجد اجذش

اساس	ا	ج	ذ	ش	ظ	ق	ن	ب	ح	د	ص	ع	ک	و
نظیرہ	ت	خ	ز	ض	غ	ل	ہ	ث	ر	ص	ط	ف	م	ی

چوتھا ابجد اہطم

اساس	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
نظیرہ	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

پانچواں ابجد ارغی

اساس	ا	ر	غ	ی	ب	ر	ف	ت	ی	ت	ث	ش	ک	ج
نظیرہ	ص	ل	ح	ض	م	خ	ط	ن	د	ظ	و	ذ	ع	ہ

چھٹا ابجد ایقغ

اساس	ا	ی	ق	غ	ب	ك	ر	ح	ل	ش	د	م	ت	ه
نظیرہ	ن	ث	و	س	ح	ز	ع	ذ	ح	ن	ض	ط	ص	ظ

ساتواں ابجد احزط

اساس	ا	ح	ز	ط	ق	و	ت	د	س	ع	ل	ی	ج	ر
نظیرہ	ض	ف	ن	ب	خ	س	ط	ك	ه	ث	ذ	ص	غ	م

آٹھواں ابجد اوكع

اساس	ا	و	ك	ع	ش	ض	ج	ح	م	ص	ث	غ	ه	ی
نظیرہ	س	ر	ذ	ب	ز	ل	ف	ت	ط	د	ظ	ن	و	خ

نواں ابجد اثخر

اساس	ا	ث	خ	ر	س	ط	ع	ك	ن	ی	ت	ح	د	س
نظیرہ	ض	ع	ق	م	ه	ب	ج	د	ز	ص	ط	ف	ل	د

دسواں ابجد ادری

اساس	ا	د	ر	ی	م	ع	ق	ت	ذ	ع	ج	د	ط	ل
نظیرہ	س	ص	ش	غ	ظ	ب	ه	ح	ك	ن	ف	ر	ت	س

ان دس ابجدوں کو لسان الغیب کہتے ہیں اور حروف مستحصلہ ان ابجدوں سے استخراج ہوتے ہیں مستحصلہ یعنی ارواح حروف کی لسان الغیب ہیں واللہ اعلم یعنی نقطہ ضرب النفوس ضرب فی نفسہ اعداد حرف ہیں اور اسکو جذر بھی کہتے ہیں مثلاً حرف دال کے ۴ عدد ہیں ان کو ۴ میں ضرب کیا تو ۱۶ ہوئے اور میم چالیس عدد ہیں ان کو چالیس میں ضرب کیا تو ۱۶۰۰ ہوئے اور دوسری ضرب یہ ہے کہ میم کے چالیس عدد ہیں اسکو ۱۳ میں ضرب کیا یعنی مراتب حروف میں بحساب ابجد کے ۴۰ کو ۱۳ میں ضرب کیا تو ۵۲۰ ہوئے

اور حروف عدد حروف کی ضرب کیا یا ترتیب میں ضرب کیا تو مستحصلہ اسطرح پر ضرب نفس کی ہے اسکی شرح بیان کردی اور حروف نظیرہ کو درجات بروج میں یا منازل ظاہر ہوگا اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ بعض اشارہ حروف نظیرہ کو درجات بروج میں یا منازل میں یا بروجوں میں یا ۹ افلاک میں یا کواکب یا عناصر میں ضرب کرتے ہیں اور حروف حاصل کرکے اس حرف نظیرہ کے زیر سطر میں لکھے اور اس حرف کا نظیرہ دیکھے صدر مؤخر میں جواب حاصل کرے اور جسطرح ضرب کا بیان ہے اس طرح پر طرحات حروف کا بیان ہے کہ جو شخص کہ اسپر عمل کریگا جواب سائل سے محتاج رہے گا اور علم جفر کے نکتے سے واقف ہوگا۔ طرح کا بیان یہ ہے اول طرح ۳۰۔ اور ۳۰ کے درجات پر ہے اور دوسری طرح ۲۸ منازل پر ہے اور تیسری طرح بارہ بروج پر ہے اور ۹۔ اور ۹ کی طرح نہ افلاک پر ہے اور ۷ اور ۷ کیطرح سبعہ سیارات پر ہے اور ۴۔ اور ۴ کیطرح اربع عناصر پر ہے اور ۳ اور ۳ کیطرح موالید ثلاثہ پر ہے اور اس سے شمار ضرب ہے اور اسکو خوب دریافت اور یاد کرنا چاہیے

باب تیسرا بیان تکسیرات صدر مؤخر کا ہفت کواکب پر اس میں ایک فصل ہے

فصل ۱. قاعدہ اخبار میں یعنی جواب سوال سائل اور آثار اور عملیات کی ساخت میں بکار آمد ہے ہر ایک اعمال کی شال میں بیان کیا جاتا ہے مثلاً بسط حروف کو بعضے کسر حروف کہتے ہیں اور تکسیر لغت یونانی میں توڑنے کو کہتے ہیں اور جفر میں معنی پوست ہزنالہ ہے اور روشن گنویں کے بھی معنی ہیں اور تکسیرات کا بیان دو طرح پر ہے ایک تو حرفی ہے اور دوسرا عددی ہے حرفی وہ ہے کہ حروف اسماء کے مختلف ہیں اول اور آخر کو جو حروف کہ سطر میں پھیرتے پھیرتے استخراج میں اول کی سطر آخر میں نکل آتی ہے اس کو زمام کہتے ہیں اور زمام کو مہار شتر بھی کہتے ہیں اور تکسیر عددی وہ ہے کہ اعداد اسمائے اللہ تعالیٰ کو ساتھ نام آدمی کے یا کوئی آیت قرآن مجید کی ہو ان دونوں کو جمع کیا اس کو زبان یونانی میں تنف کہتے ہیں اور اس کا بیان آگے ہوئے گا اور بسط حرفی تین قسم پر ہے ایک کو سائم حروف کہتے ہیں اور دوسرے حروف میں اور تیسرے عدد میں دونوں

کی جمع ہے اور بسط مسلم وہ ہے کہ حروف اسم شخص کا ساتھ ترکیب حروف اسمائے اللہ تعالےٰ یا کوئی آیت قرآن شریف کی ایک سطر ترکیب دے اسکو بسط مسلم کہتے ہیں اور پر اس طرح کے مثلاً کلمہ اقارب یعنی ہر ایک حرف کو ترکیب سے جدا جدا لکھا اور بسط مرکب وہ ہے کہ حروف اسم الہٰی کو ساتھ اسم آدمی کے حرف ملفوظی میں ترکیب دے یا یعنی کلمۂ اشہب ہر ایک کو جداگانہ ملفوظی کیا مثلاً الف شین بسط کیا اور اس کلمۂ ملفوظات کو بسط عربی عددی کیا تو واحد واح د ث ل ا ث م ی ا ت ہ خ م س ہ ا ث ن ی ن اور اسکو صدر مؤخر کیا تو سطریں گوناگوں حرف گردش کھا کے ہر جا پر ظاہر علیحدہ علیحدہ صورت کی سطریں پیدا ہوئیں جسوقت کہ زمام بر آیا اسمیں مہنیات اسرار الہٰی ہے اور کرامات انبیاء علیہم السلام ہے۔

باب چوتھا تکسیر متوسط کے بیان میں شامل اوپر فصلوں کے

فصل ۱۔ جاننا چاہیئے کہ جو حروف برابر طول میں ظاہر ہوں مطابق حروف کے نقش مربع یا مثلث میں پُر کرے اور نزدیک بعضے استادوں کے زیادہ یا کہ بلا تکرار حروف کہ سطور وقف الحروف کے یعنی متوسط اشکل حروف کے پُر کرے اگر حروف طاق ہوں تو طاق اور اگر جفت ہوں تو جفت میں پُر کرے جتنے حروف شمار میں ہوں اتنے خانے کے نقش میں پُر کرے اسکو تداخل تکسیر کہتے ہیں اور تداخل تکسیر کی دو وجہ ہیں اول تو وقف زوج ہو تو خانہ جفت میں نقش کو پُر کرے اور اگر وقف تکسیر متوسط ہو تو بہت عمدہ ہے اور وقف اعداد کی میزان کو کہتے ہیں۔ ہر خانہ طاق میں پُر کرے۔ ہر سطر کی اصلاح حسب ترتیب اور وضع حروف کے دے یا ایک اسمی ہے یا آیت ہے اور اگر عمل صحیح اور درست ہے تو تاثیر بہت ہوگی اور یہ عجب طرح کا اسرار الہٰی ہے کہ ہر ایک نامحرم اور نا اہل سے پوشیدہ رکھنے کا ہے۔

فصل ۲۔ معلوم ہو کہ زمام اور تکسیر کی چند وجہ ہیں اول بیان تکسیر الحروف اور استخراج زمام کا جاننا چاہیئے کہ مدار تکسیر کا اوپر حروف استخراج زمام کے ہے اور حروف اسمائے الہٰی اور اسم آدمی ہے جو کچھ کہ ربع عالم کے چار عناصر ہے اور اجسام اور نفوس میں جو کچھ کہ نفس کے اندر ہے اسکی طبع واجب ہے اور ہر طبعی کو جسم اور ہر جسم کو اسم مرکب

حرفی کو مسخر روحانی تحت اور تصرف پروردگار کا ہے اگر کسی حرف کی کوئی شخص دعوت کرے اور روحانی مستخرج کرے اور اس حرف کا قاری ہو تو البتہ مسخر ہوگا۔

باب پانچواں تداخل تکسیر اسم المتجانسین میں شامل اوپر تین فصلوں کے

فصل ۱۔ واضح ہو کہ اسم متجانسین یہ ہے کہ دو اسم واسطے ذات واحد کے ہوں اور معنی ان دونوں اسموں کے علیحدہ ہوں اور اسکی مثال یہ ہے کہ اسم اللہ جل شانہٗ میں موجود ہے۔ مثلاً رحیم الرحمٰن، حی القیوم، کریم لطیف، قریب مجیب ملک وکیل بیچ اسماء کے ہے اور مثال یہ ہے کہ ایک شخص کے دو اسم ہیں ایک مقرون اور دوسرا المحلول کنیت اور علمیت بصفت اسم حضرت خیر الانام میں ہے مثلاً خواجہ احمد اور شاہ محمد اور کنیت اور علمیت نام کی یہ ہے کہ لفظ دین کا نام کے آخر میں ہوئے مثلاً نجم الدین و شمس الدین و ابو الفتح و ابو القاسم اور عبد الصمد و عبد الرحیم اسطرح کے نام کو متجانس کہتے ہیں اگرچہ دو اسم متجانسین تقدیم اول پر دوسرے کے اور تقدیم دوم اوپر پہلے کے ہو تو صحیح ہے اور اسی طرح سے خیال کرنا چاہیئے۔ **فصل ۲۔** بیچ بیان تداخل تکسیر اسم متجانسین کے اسم طالب مقدم اوپر اسم مطلوب کے ہمیشہ روا ہے مثلاً طالب تقی ہے اور مطلوب عبد الصمد ہے قطع نظر الف و لام اسم مطلوب میں زیادہ ہے اور مطلوب میں چھ حرف ہیں اور اسم طالب میں تین حرف ہیں اور ان دونوں اسما کو بسط مسلم میں لکھا اور پر اسطرح کے ع ب د ص م د ت ق ی **فصل ۳۔** تداخل تکسیر عجمی کے بیان میں۔

تداخل تکسیر عجمی یہ ہے کہ حروف اسم طالب اور حروف اسم مطلوب اگر عمل واسطے محبت کے ہے تو نام کواکب زہرہ اور مشتری شامل کرے اور اگر عمل واسطے عداوت کے ہے تو اسم کواکب زحل یا مریخ کا شامل کر کے ایک سطر لکھے یعنی جسوقت اول کی سطر آخر میں پیدا ہوئے اس سطر کے چار چار حرف کر کے سطر مجرد کرے اور ملائکہ ہر حرف کا لکھے اگر روز یکشنبہ ہے تو آتش پر عمل کرے ملائک حضرت عزرائیل ہیں اور اگر روز دوشنبہ کو تو آب پر عمل کرے اور ملائک حضرت میکائیل علیہ السلام ہیں اور اگر روز سہ شنبہ اور پنجشنبہ ہو تو اوپر ہوا کے

عمل کریں اور ملائک حضرت اسرافیل علیہ السلام ہیں اور اگر روز چہار شنبہ یا دوشنبہ کو تو ادر خاک کے عمل کرے۔ ملائک حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں اور وقت عمل کرنے کے خوشبو بخورات آتش پر روشن کرے اور حروف کواکب اور بروج اور منازل قمر کی ترکیب دے اور بخور کواکب بر وقت عمل کرنے روشن کرے اور اس کا بیان آگے ہوگا۔

باب چھٹا بیچ تداخل تکسیر مراتب الحروف کے شامل اور یہ ۱۰ فصلوں کے

فصل ۱۔ تداخل تکسیر مراتب الحروف کا یہ ہے کہ جو اسم طالب اور مطلوب کا ہے اور جو کہ حرف مراتب اسم ہو اسکو اول میں لکھا مثلاً حامد کا جو الف ہے وہ مرتبہ اعلیٰ پر ہے پہلے لکھے اور دال بعد اسکے اور ح کو بعد اسکے اور میم بعد اسکے چنانچہ الف دال حا میم **فصل ۲۔** بیچ بیان تداخل مراتب اعداد کے جاننا چاہئے کہ حروف اسم طالب اور حروف اسم مطلوب میں جو کہ قلیل عدد رکھتا ہوئے اسکو مقدم کرے اور جو کہ بہت عدد رکھتا ہوئے اسکو آخر میں لکھے مثلاً علی حرف ی کم عدد کا ہے اول لکھا اور لام اسکے بعد اور ع اسکے بعد چنانچہ یلع اور دوسرا اسم یہ ہے معین میم کے چالیس عدد ہیں اور عین کے ستر اور ی کے دس عدد اور نون کے پچاس عدد ہیں یمنع **فصل ۳۔** بیچ بیان تداخل تکسیر عنصری کے تداخل تکسیر عنصری اسکو کہتے ہیں کہ جو نام اللہ کے ناموں میں ہو۔ یا آدمی کے نام سے ہو اسکو معلوم کرے کہ کیا عنصر ہے چار عنصر علیحدہ علیحدہ لکھے اگر عنصر آتش کا ہے تو تمام حروف موجود ہوں اور جو عناصر ہوں اسکو لکھے اور مراتب اسکے لکھے مثلاً نام سلیمان ہے اس میں الف اور میم آتش کا ہے اور ی اور ن ہوا کا ہے اور س اور لام خاک کا ہے جیسے ا م ی ن س ل اسی طرح پر لکھے **فصل ۴۔** تداخل تکسیر مرکب الحروف میں اگر نام اللہ کا ہو یا آدمی کا نام ہو اسکے حرفوں کو لفظی کرے اور پھر اسکو صدر مؤخر کرے جیسے اسم یا ودود ہے اسکو لفظ کیا واؤ تین حرف ہوئے دال کے تین حرف ہیں پھر واؤ تین حرف ہوئے پھر دال کے تین حرف ہوئے ان سب کو مرکب لکھا داو وال واو دال اسی نہج پر اور حروف اسم کے کرنا چاہئے۔ **فصل ۵۔** تداخل

تکسیر عددی یعنی شمار عربی میں جیسے نام میں یا کلمے میں ہوئے اول جمل کبیر لکھے اور بعد اسکے حروف ملفظ مرکب لکھے اور بعد اسکے عددی لکھے جیسے اسم عزیز ہے بسط جمل ہوئے ع ز ی ر بعد اسکے بسط مرکب لفظ لکھے جیسے سبعین ع کے ۷۰ اور ز کے ۷ عدد ہیں یعنی اول میں کیا شین اور با کے دوم اور یا تین اور ع ستر اور سبعین اور ز کے سبع اور یا کے اعشار اور نون کے خمسین اب ان سب کو جمع کیا س ب ع ی ن ع ش ر ہ ش ب ع س ب ع پس یہ حروف حاصل ہوئے اسم عزیز سے اس طرح سے لکھے **فصل ۶۔** بیان تکسیر مزاجین میں یعنی حرف اسم طالب و مطلوب کو امتزاج دے اور اسکی سطر لکھے بعدہٗ اسکو تکسیر کرے تاکہ سطر استخراج امتزاج آخر زمام میں پیدا ہوگی مثال اسکی یہ ہے شمس طالب اور قمر مطلوب دونوں اسم کو امتزاج دیا اسکو جمل مزاج کہتے ہیں جیسے ش ق م م س ر اگر دونوں اسم شمار میں برابر ہوں تو اگر طالب کے اسم یا مطلوب کے دو حرف زیادہ یا تین حروف تو پہلے اسم زیادہ کو لکھے جو اسم زیادہ کا ہے اسکو مقدم کرے جیسے اسم ابراہیم مطلوب اور اسم طالب برہان ان دو اسم کو امتزاج کیا اب ب ر ر ہ ا ا ہ ن ی ب م اور دوسرے حمید شاہ طالب اور عبدالرحمن مطلوب امتزاج دیا ع ح م ب ی د ر ش ہ ا ہ ح ن **فصل ۷۔** تداخل تکسیر تربیع الحرفی کے بیان میں اگر حرف طالب کے نام کے جفت ہوں اسکو تربیع الحرفی کہتے ہیں اور بعض استاد کہتے ہیں کہ حرف جفت یا دونوں اسموں کے حرف طاق ہوں اس تداخل تکسیر میں دوگانہ حرف اول تا آخر بسط کرے اور حرف اسمیں تمام سطر کے جمع کرے تاکہ زمام ہو مثلاً اسم الٰہی اور اسم آدمی کے حروف دونوں اسم کے بسط کرے چنانچہ نصیر وکبیر ن ص ی ر ک ب ی ر مثلاً حی اور قیوم ح ی ق ی و م مثلاً حق وکیل ح ق و ک ی ل مثلاً محمود اور معین م ح م و د م ع ی ن **فصل ۸۔** تداخل تکسیر شفع میں یعنی اسم آدمی سے اسم اللہ تعالیٰ کا حرف وضع کرے اور اسم الٰہی کو اسم طالب اور اسم مطلوب کے درمیان میں لکھے اور ہر ایک سطر درست کرے صدر مؤخر کرے کہ زمام پیدا ہو یعنی سطر اول آخر میں ظاہر ہوئے یہ زمام اصلی ہے یہ طریقہ حب کا ہے۔ مثلاً اسمائے الٰہی کے جفت حروف ہیں العزیز الودود الوہاب اللطیف یہ حروف زوج اسمائے الٰہی کے ہیں مثلاً اسم طالب اور مطلوب اور پر اس طرح کے ہیں یا یزید اسم طالب

واسم مطلوب ابوسعید اور اسم اللہ تعالیٰ یا ودود ان حروف کو بسط مسلم میں لکھا تو یہ ہوئے ودوداب وس ع ی دب ای زی د اسکو تکسیر شفیع کہتے ہیں۔ اسمائے اللہ تعالیٰ کے حروف ہر ایک عمل میں آتے ہیں۔

فصل ۹۔ تداخل تکسیر الوتری میں تکسیر وتری اسکو کہتے ہیں کہ اسمائے اللہ تعالیٰ کے حروف وتر میں اگر چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے فراق واقع ہوئے ان اسمائے اللہ تعالیٰ کو لاوے مثلاً یا مُهَیمِنُ یا صَمَدُ یا وَدُودُ اور اسم طالب اور مطلوب کو اوپر اس طرح کے نظام وحسام واحد ہوا ان کو بسط مسلم کیا ح س ا د و ا ح د ن ظ ا م تکسیر وتری اسکو کہتے ہیں اوپر اس قیاس کے لکھنا چاہیئے۔

فصل ۱۰۔ بیان تداخل تکسیر وتف زوجی میں یہ معلوم کرنا چاہیئے

کہ وتف زوجی کیا ہے اسمائے اللہ تعالیٰ یا سوا اسکے اوپر دو طرح کے ہیں زوج مطلق دوم زوج فرد زوج مطلق اسم ہوئے تو صالح ہے اور اسم حرفی یا ۸ حرفی یا ۱۲ حرفی یا ۱۴ حرفی ہو مثلاً اسم المتعالی جو حروف اس اسم کے خانہائے سطر مربع میں بسط کرے اسطرح پر مثال اسکی یہ ہے۔

متعالی						مقتدر					ابجد					مجید			
م	ت	ع	ا	ل	ی	م	ق	ت	د	ر	ا	ب	ج	د	ه	م	ج	ی	د
ت	ا	ی	م	ع	ل	د	ر	م	ق	ت	ه	ا	د	ب	ج	ی	د	م	ج
ا	م	ل	ت	ی	ع	ق	ت	د	ر	م	ج	ه	ب	ا	د	د	ی	ج	م
ی	ل	ا	ع	ت	م	ر	م	ق	ت	د	د	ج	ا	ه	ب	ج	م	د	ی
ع	ی	ت	ل	م	ا	ت	د	ر	م	ق	ب	د	ه	ج	ا				
ل	ع	م	ی	ا	ت														

فصل ۱۱۔ بیان تداخل تکسیر عددی میں معلوم کرنا چاہیئے

کہ وتف عددی یہ ہے کہ اسمائے اللہ تعالیٰ یا آدمی کے عددی اسم کے ۵ حروف ہوں یا ۷ حروف ہوں طاق کیواسطے خانہ طاق اور جفت کیواسطے خانہ جفت تو درست ہوگا اول سطر

مربع یا مثلث ہو مثلاً المنعمُ، المقتدرُ ۷، المالکُ ۹، الملکُ حرف اس اسم کیمطابق خانہ کے جدول تیار کر کے لکھے جیسا کہ لکھا ہے **فصل ۱۲۔** تداخل تکسیر منصوب الطرفین میں معلوم کرنا چاہیئے کہ تکسیر منصوب الطرفین یہ ہے کہ حروف بسط کو خانہائے طاق میں یا جفت میں ایک ایک حرف ہر دو طرف سے لکھا تا کہ زمام برآوے یعنی اول سطر آخر میں ظاہر ہوئے۔ جسطرح پر پہلے بیان کیا ہے۔ مثال اسکی یہ ہے۔

ا	ب	ج	د	ا	ب	ج	د	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح
د	ا	ج	ب	ا	د	ب	ج	ح	ا	ب	ه	و	ج	د	ز
ب	د	ج	ا	ا	ج	د	ب	ج	د	ز	ح	ه	د	ا	ب
ا	ب	ج	د	ا	ب	ج	د	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح

فصل ۱۳۔ مقلوب التکسیر میں معلوم کرنا چاہیئے کہ مقلوب الطرفین یہ ہے کہ حروف سطور خانہ طاق یا جفت میں ایک ایک حرف ہر سطر کا لکھے اور حروف اول کو قائم رکھے تا کہ ہر سطر کا حرف اول قائم چلا جاوے جیسا کہ ابجد کی جدول میں لکھتا ہے۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط				
ب	د	و	ح	ط	ز	ه	ج	ا	ا	ب	ج	د
ا	ح	ز	ج	ا	ه	ط	و	ب				
ح	ج	ه	و	ب	ط	ا	ز	د	ج	ب	د	ا
ج	و	ط	ز	د	ا	ب	ه	ح				
و	ز	ا	ه	ح	ب	د	ط	ج	د	ب	ا	ج
ز	ه	ب	ط	ح	د	ح	ا	د				
ه	ط	د	ا	و	ح	ج	ب	ز	ا	ب	ج	د
ط	ا	ح	ب	ز	ج	و	د	ه				

اور تکسیر دوسری مقلوب کے بیان میں کہ جو حروف سطر مبسوط کے جفت ہوں جیسا کہ پہلے لکھ چکا ہوں کہ دو حرف آخر کی طرف اور دو حرف اول کی طرف اسطرح پر گردش دے کہ اول آخر میں ظاہر ہو جاوے **فصل ۱۴۔** معلوم کرنا منسوب اور مقلوب کا آخر سطر تک پہلے معلوم کرے کہ حروف سطور کے بیچ خانہ طاق کے ہیں یا جفت کے دیکھے پہلا حرف اول سطر کا چھوڑ دے اور جو حرف بعد اسکے ہو اسکو لکھے اسطرح سے تمام صدر موخر کی سطروں کو لکھے سب سطور میں

برابر عمل کرے ایک کو چھوڑ دے اور دوسرے کو لکھے ______ اسطرح پر لکھتا چلا جائے زمام تک اور مثال اسکی یہ ہے جدول میں ۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط
ب	د	و	ح	ط	ز	ه	ج	ا
د	ه	ز	ج	ا	ه	ط	و	ب
ح	ج	ه	و	ب	ط	ا	ز	د
ج	و	ط	ز	د	ا	ب	ح	ه
و	ز	ا	ه	ح	ب	د	ط	ج
ز	ه	ب	ط	ج	د	ح	ا	د
ه	ط	د	ا	و	ح	ج	ب	ز
ط	ا	ح	ب	ز	ج	و	د	ه

فصل ۱۵ ۔ تداخل تکسیر روح میں تکسیر روح اسکو کہتے ہیں کہ حروف جفت اور سطور جفت ہوں پہلے نظر کرے دو حرف سطر سے اٹھائے تمام سطور پر عمل درستی کیساتھ لکھے تا زمام برآوے اور تمام سطروں کو گردش دے مثال اسکی یہ ہے **فصل ۱۶** تداخل تکسیر معکوس و عکس کے بیان میں

ا	ب	ج	د	ه	د
و	ج	ه	ب	د	ا
ب	ه	و	ج	ا	ه
ج	د	ا	ه	د	ب
ه	ا	د	و	ب	ج
د	د	ب	ا	ج	ه

تکسیر معکوس عکس یہ ہے جس حروف کو سطور سے اٹھائے بموجب قاعدے کے قانون سے سطور کو وضع کرے چنانچہ مثال اسکی جدول

ا	ب	ج	د
ج	ب	د	ا
د	ب	ا	ج
ا	ب	ج	د

ابجد میں لکھی ہے **فصل ۱۷** پنج بیان تکسیر المیزان کے تکسیر المیزان یہ ہے کہ دو حروف سے ۳۰ حروف کے سطور تک کسور نہایت ہیں استخراج جمل کبیر میں اور دورہ حرف کے بعد عملیات میں کسور معلوم کرے واسطے قاعدے اور قوانین استخراج حروف تہجی کے اور عمل زمام میں وضع کرے پہلے حسب ضابطہ کے اول اعداد اور حروف جو کہ لکھے ہوئے مراد کے ہوں ۔ پنج میزان کے وزن کرتے ہیں اور بعد اسکے چند سطور نام کے اس طرح پر میزان کرے ۔ مثال اسکی یہ ہے کہ اعداد کو رقم ابجد میں لکھے چنانچہ اب ج د ہ و ز ح ط ی یا یب یج ید یہ یو یز یح یط ک کا کب کج کد کہ کو کز کح کط لا لب لج لد لہ لو لز لح لط م ما مب مج مد مہ مو مز مح مط ن نا نب ند نہ نو نز نح نط س اسی طرح سو تک لکھتا چلا جائے جس جا پر دائرہ اس میزان العمل کا آوے

معلوم کرے **فصل ۱۸** بیان تکسیرات میں تکسیر متجانسین و متخالفین برج حمل سے تعلق ہے اور کواکب اس کا مریخ ہے اور تکسیر مراتب الحروف برج ثور سے متعلق ہے منقسم ہے اور ستارہ اس کا زہرہ ہے اور تکسیر مراتب العددی برج جوزا سے مراد ہے اور ستارہ اس کا عطارد ہے اور تکسیر عناصری برج سرطان سے منسوب ہے اور ستارہ اس کا قمر ہے اور تکسیر مرکب عجمی برج اسد سے متعلق ہے اور کواکب اس کا آفتاب ہے اور ترکیب مرکب الحروف برج سنبلہ سے منسوب ہے اور ستارہ عطارد ہے اور تکسیر مرکب العددی میزان سے متعلق ہے اور ستارہ اس کا زہرہ ہے اور تکسیر مرکب الحرفی برج عقرب سے منسوب ہے اور کواکب اسکا مریخ ہے اور تکسیر تروج الحروف برج قوس سے متعلق ہے اور ستارہ اس کا مشتری ہے اور تکسیر مرکب التشفیع برج جدی سے منسوب ہے اور ستارہ اس کا زحل ہے اور تکسیر مرکب الوتری برج دلو سے منسوب ہے اور ستارہ اس کا زحل ہے اور تکسیر وقف الحرفی برج حوت سے منسوب ہے اور ستارہ اس کا مشتری ہے اسی طرح سے تکسیرات کا بیان ہے

باب ساتواں ان قوانین کے بیان میں جو اخبار میں لازم ہیں مشتمل ۹ فصلوں پر

فصل ۱ ۔ معلوم کرنا چاہئے کہ یہ بیان ترفع اور تنزل کا ہے مثلاً ترفع اور یہ تین طرح کے ہے اول ترفع عددی اور دوم ترفع حرفی اور سوم ترفع طبعی اول ترفع عددی ہے یہ مراد ہے کہ بلند کرنا حروف مطلوب کو اوپر عدد ابجد کے چنانچہ عدد ہر ایک اس حرف کے جو درجہ احاد میں ہو اسکو عشرات میں لیجائے اور عشرات میں مآت میں اور مآت کو الوف میں کہ اسکو مرتبہ کہتے ہیں مثال اسکی الف کا یا اور پھر قاف اور پھر غ چنانچہ ایقغ یا دو عدد ہیں با کا کاف اور کاف کا را ہوا یعنی لفظ بکر ہوا ج میں ۳ عدد ہیں جل ش د مت هنث وسخ زعذ اور حفض اور طصظ اسی طرح ترفع عددی ہے اور دوسری طرح ترفع حرفی کی ہے مثال اسکی یہ ہے اگر الف کو ترفع کیا تو ب ہوا اور ب کو ترفع کیا تو ج ہوا اور ج کو ترفع کیا تو دال ہوا اور دال کے ترفع میں ہ اور ہ کو ترفع کیا تو واؤ ہوا اس طرح پر تمام ابجد کی ترفع ہے اور سوم ترفع طبعی اور یہ دو وجہ کے ہے اول وجہ یہ ہے کہ اگر صرف فاک کا ہے اسے بادی کے حرف سے بدل کر لیا ۔

اور اگر پانی کا ہے تو اسکو ہوا کے حرف سے بدل کرلیا اور اگر ہوا کا ہے تو آتش سے بدل کرلیا اور دوسری وجہ یہ ہے اگر الف آیا تو با سے بدل کرلیا اور اگر ہا آیا تو طے بدل کرلیا اور اگر ط ہوا تو میم سے بدل کرلیا اور اگر میم ہوا تو ف سے بدل کرلیا اور اگر ف ہو تو ش سے بدل کرلیا اور اگر ش ہوا تو ذال سے بدل کرلیا اور ذال ہوا تو الف سے بدل کرلیا چنانچہ ابجد عناصری کا پہلے بیان کرچکا ہوں بار بار کے لکھنے میں طول کتاب ہوتا ہے اور جو کہ طرح ترفع کی بیان کی ہے اسی طرح پر متنزل کرے جسطرح پر زیادہ کرے اسی طرح کم کرے اب ترفع اقراری کا یہ بیان ہے مثلاً الف کی ترفع ج اور ج کی ہ اور ہ کی ز اور ز کی ط اور ط کی ک یعنی تیسرا حرف لے اس طرح سے تمام کو شمار میں لاوے اور ترفع زواجی یعنی چوتھا حرف شمار کرے مثلاً الف کا ترفع دال اور دال کا ترفع ز اور ز کا ترفع ی اس طرح پر تمام ابجد کو شمار میں لاوے۔ **فصل ۲**۔ بیان بسط تضعیف میں مثلاً ایک یا ہے اسکو دوچند کیا تو ۲۰ عدد ہوئے اس کا ک اور ک دوچند کیا تو ۴۰ ہوئے اس کا م اور ۴۰ کو دوچند کیا تو ۸۰ ہوئے اسکا ف ہوا ۸۰ کو دوچند کیا تو ۱۶۰۔ اور اس کو دوچند کیا تو ۳۲۰۔ اسکا س ق اور اسکا ک ش ہوا اور اس کا دوچند ہوا ۶۴۰ م خ ہوا اس طرح پر تمام ابجد کو دوچند کرتا چلا جاوے تمام اعداد حروف کے پیدا کریگا اور بسط تنطیف کا یہ بیان ہے مثلاً حرف خ ہے اسکو نصف کیا تو ش ہوا اور پھر نصف کیا ت ن اور نصف کیا تو ہ ع باقی کسر نہ آویگی۔

فصل ۳۔ تضارب حروف المراتب کے بیان میں جو کہ مراتب حروف کے ابجد میں ہیں ان کو اعداد حروف میں ضرب کرے اور جو کہ حاصل ضرب ہیں وہ مستحصلہ ہے کہ روحانی حروف کھنچ آتے ہیں جواب سوال سائل میں بکار آمد ہے جسوقت حروف اساس ملفوظی کو بچھاوے اور نظیرہ ابجدی دے ان حروف نظیرہ کو حروف مراتب عدد حروف میں ضرب کرکے حاصل ضرب خانے کے نیچے لکھے تاکہ تمام نظیرہ اس طرح پر استخراج کرکے پھر نظیرہ دیگر صدر مؤخر کرے جواب حاصل ہوگا اس نکتے کو خوب یاد رکھے اس کو پہلے بھی بیان کیا ہے۔

اور آئندہ اور طرح کا استخراج مستحصلات میں بیان لکھونگا انشاءاللہ تعالیٰ **فصل ۴**۔ بسط تمازج کے بیان میں بسط تمازج اسکو کہتے ہیں مثلاً اسم طالب محمد ہے اور اسم مطلوب عظیم ہے م ح م د اسم مطلوب ع ظ ی م اول ع اور م کو ملایا ۱۱۰ ہوئے تو ق ہوا یا ح ظ کے ۹۰۸ ح ظ ہوا پھر ی م ملا تو ن پیدا ہوا پھر د کو اور م کو ملایا دم رہا اسکو بسط تمازج کہتے ہیں تمام حروف اسی طرح پر ملائے تو اعداد یکساں رہے اور حروف مبدل ہوگئے چنانچہ ی ق ح ظ ن د م ہوا ان کو مرکب کیا تو نظم حدیقہ ہوا۔ **فصل ۵**۔ بسط کسورات کے بیان میں معلوم کرنا چاہیئے کہ یہ حساب اس طور پر ہے کہ جس جا پر کسر واقع ہوئے اسکو ترک کرے مثال اسکی اسم محمد کو بسط کسور میں عمل کیا م ح م دال میم کو نصف کیا تو ۲۰ ہوئے پھر نصف کیا تو ۱۰ ہوئے پھر نصف کیا تو ۵ ہوئے آگے کسر ہے ترک کیا بعد اسکے ح کو نصف کیا ۴ ہوئے پھر نصف کیا تو ۲ ہوئے پھر نصف کیا تو ایک ہوا اسکے حرف بنائے ک ی ہ د ب ا ہوا پھر م ک ی ہ ہوا ______ اور دال ب ا یہ سب ہوئے ک ی ہ د ب ا ک ی ب ا۔ یہ حروف استخراج ہوئے چنانچہ ایک شخص نے سوال کیا کہ روزگار زید کا اس سال میں ہوگا یا نہیں پہلے حروف سوال کو بسط مسلم میں لکھا د و ز ک ا ر ر ی د ک ا س س ا ل م ی ن ہ و ک ا ی ا ن ہ اور اسکو تخلیص کیا س و ن ک ا ی د س ل م ن ہ ۱۲ حروف ہوئے اسکو بسط کسورات میں لائے ر ق ن و ج ز ک ی ہ ا د ب ا س ل ی ہ ل ی ہ م ک ی ہ ن ہ ک تمام حروف کو تخلیص کیا ر ق ن و ج ز ک ی ہ ا د ب س ل م اور ۱۵ حروف کو مراتب سے لکھا ا ب ج د ہ و ز ی ک ل م ن س ق ر پندرہ خانہ کی جدول میں اس سطر کو لکھا

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ی	ک	ل	م	ن	س	ق	ر
ر	ا	ق	ب	س	ج	ن	د	م	ه	ل	و	ک	ر	ق
ی	ر	ز	ا	ک	ق	و	ب	ل	س	ه	ج	م	ن	و
د	ی	ن	ر	م	ز	ج	ا	ه	ک	س	ق	ل	ن	ب
ب	و	و	ی	ل	ن	ق	ر	س	م	ک	ز	ه	ج	ا
ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ی	ک	ل	م	ن	س	ق	ر

اور تکسیر صدر مؤخر میں گردش دے اور بعد اسکے بفکر عرض اور طول اور عمق اور قطر کو دیکھا تو کلمہ شرقیہ برآیا جواب زید در ہی سال زر و جاہ یابد **فصل ۶**۔ بسط تنزلات کے بیان میں جسطرح پر ترفع کو بیان کیا تھا اسی طرح تنزل کا بیان ہے مثلاً مراتب الحروف کا تنزل رہے کہ حرف غ کا تنزل حرف ظ اور ظ کا ض اور ض کا تنزل ذ اور ذ کا تنزل خ ہے اسطرح پر تمام ابجد کو تنزل کرلاوے اور دوسری طرح غ کا تنزل ق اور ق کا تنزل یا ہے اور یا کا تنزل الف ہے یہ تنزل اعدادی ہوئے چونکہ قاعدہ ترفع میں بیان کئے ہیں اسیطرح تنزل ہے۔ **فصل ۷**۔ بسط قوی العشر میں قوی العشر اسکو کہتے ہیں مثلاً چار حرف ابجد پر مثال دیتا ہوں اسکو معلوم کرنا چاہئے ابجد ان اعداد کو جمع کیا تو دس عدد ہوئے دس کا نصف کیا تو ۵ ہوئے اور آگے اسکے کسر ہے اسکو ترک کیا پھر تین حصے کئے تو بھی برابر نہیں ہوتے اسکو بھی ترک کیا اور بعد اسکے چار حصے کئے تو بھی حرف برابر نہ ہوئے اسکو ترک کیا بعد اسکے ۵ حصے کئے تو دو اور دو برابر ہوئے اسی طرح پر دس حصے تک بلا کسور کے اور حروف وحصول کے پیدا کرکے مستحصلات استخراج کریں۔ **فصل ۸** استخراج احکام سوال سائل میں احکام سوال سائل کا صدر مؤخرات سے نکالے اس کا بیان کیا جاتا ہے معلوم کرنا چاہئے کہ تکسیر صدر مؤخر سے حاصل کرنیکی چند وجہیں مقرر کی ہیں اور تمام عالم اس فن کو بیان کرتے ہیں کہ احکام گذشتہ اور آیندہ صدر مؤخر سے منسوب اور مقلوب احوال آیندہ معلوم ہوتا ہے اور یا احوال گذشتہ طالب کا اور جو کہ قلب صدر مؤخر سے حاصل ہوئے وہ اوپر حال سائل کے معلوم ہوتا ہے یہ بات حق ہے اور صدق ہے بلکہ اس بات کو زیادہ تصور کرے اور بعضے استاد اوپر آیندہ کے مجموع کلمات کو خواہ منسوب یا مقلوب یا صدر مؤخرات سے اور اکثر استاد بیان کرتے ہیں اوپر آیندہ اور مقلوب اوپر گذشتہ کے دلالت کرتا ہے مگر بہر حال صواب سے خالی نہیں ہے کسواسطے کہ ہر ایک شخص اپنی اپنی وضع پر بیان کرتا ہے اور علماء اور اس فن کے کہتے ہیں کہ حق بات تو یہ ہے کہ جو کلام مقلوب سے حاصل ہو وہ زمانہ گذشتہ سے

اور جو کلمہ منسوب سے حاصل ہو اسکا اشارہ اوپر آئندہ کے ہے **فصل ۹** جواب تکسیر کے حاصل کرنیمیں اہل جفر کے نزدیک اسکے چار درجے ہیں اسکا یاد رکھنا خوب ہے۔ اور جو شخص ان چار درجوں کو نہ جانیگا جواب سائل سے عاجز رہیگا۔ اول منسوب دوم مقلوب سوم عمق چہارم قطر ہر تکسیر کا استخراج کرے اور اسمیں نہایت غور و فکر عمل میں لاوے اسطرح پر کہ اول اور آخر کے حروف کو قرار دے کہ شاید کلمہ اوپر سائل کے گویا ہوئے یہ مذہب اشراقیہ ہے اور جس سطر میں کلمہ منسوب یا مقلوب پیدا ہوئے اس سطر کو علیحدہ لکھے اور ان حرفوں کو منسوب یا مقلوب کو ترفع اور تنزل اوتار کرے جو کہ نسبت سابق میں بیان کئے ہیں عمل میں لاوے تمام سطر گویا ہوگی جواب سائل کا مطابق سوال کے پیدا ہوگا دو تقدیر پر موافق اور اگر جواب دو طرح پر نکلے تو جو کلمہ کہ جواب کا غالب ہے اور پر معنی مطلب کے یا تکرار کرتا ہوئے تو اعراب عنصری دیکر اس کو معتبر کرے۔ خوب ہے واللہ اعلم

باب جفر جامع کے چند قاعدوں کے بیان میں مشتمل اوپر ۵ فصلوں کے

فصل ۱۔ معلوم کرنا چاہئے کہ امام الجن والانس امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ عامل اس عمل کا ہمیشہ باوضو ظاہر و باطن سے ہے اور اپنی زبان کو کلمہ فحش سے بچاوے تو اس علم پر قوت پاویگا اور پر کل اور جزئے اور ہر ایک حال اسپر منکشف ہوگا اگر کوئی شخص سوال عالم الغیب سے کریگا تو اس علم کا الہام عالم تقدس سے اسکو جواب باصواب دیگا مگر ہر خانہ اور ہر صفحہ کتاب جفر جامع سے استخراج کرے اگر صفحات کتاب ممدوح کے اسکے گھر میں ہونگے تو اہل خانہ مرگ مفاجات اور طاعون اور بلائے آسمانی سے محفوظ رہیگا اور چوری اسکے گھر میں نہ ہوگی اور نہ آگ لگے گی مالک اس گھر کا ہر ایک صفات حمیدہ سے متصف ہو جاویگا اور جس گھر میں یہ کتاب ہوگی وہ شخص ہمیشہ اپنی مراد کو پہونچیگا اور جو شخص صفحات اس کتاب کے اپنے پاس رکھے وہ اپنی مراد کو پہونچیگا اور یہ بات بہت تجربہ کی ہے اور کچھ شک اور شبہ اسمیں نہیں ہے اور جو جفر جامع کے لکھے اور کتاب اپنے گھر میں رکھے تو ہرگز زوال اور نقصان اس گھر کی دولت اور حشمت کا نہ ہوگا اور جو شخص اس کتاب جفر جامع کا مطالعہ ہر روز کرتا ہے اسکی ملازمت حضرت امام صاحب العصر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہوگی

واقع نہ ہو مگر عامل کو چاہئے کہ علم نجوم سے خبردار ہو تاکہ کسی کار خیر میں عاجز نہ آئے پہلے ساعت سعد اور نحس کو معلوم کرے کہ کس کام کو کون ساعت درکار ہے اور ساعت کا بیان اول کتاب میں ہو چکا ہے اور برج کی طلعت طالع وقت کے استخراج اور آفتاب اور قمر اور منازل کا بیان تمام ہو چکا ہے اور اس جا بھی ان کے عمل میں لانے کا بیان کیا جاتا ہے یاد رکھنا چاہئے تاکہ عمل میں خطا نہ ہو اگر طلعت برج حمل یا سرطان یا عقرب یا قوس یا جدی ہو اور نظرات کواکب سے تربیع یا مقابلہ ہو تو نیک ہر واسطے دفع سحر و جادو وغیرہ کے اور کشادہ کرنا مردبستہ کا شہوت سے اور روز شنبہ اور سہ شنبہ یا پنجشنبہ یا دوشنبہ یا شب جمعہ ہو اور طلوع طالع وقت برج یا جوزا یا عقرب یا حوت میں اور نظرات قمر اور زہرہ سے ہو تو نیک ہے واسطے زبان بندی حاسد و غماز اور چغلخور کے اور دشمن کیواسطے روز شنبہ یا یکشنبہ یا چہارشنبہ اور قمر برج عقرب یا جدی یا دلو یا سرطان یا سنبلہ میں اور یہی طالع وقت برج مذکور اور نظرات تربیع اور مقابلہ اور قران مریخ اور قمر کا ہو تو واسطے آوارگی دشمن کے اور روز سہ شنبہ اور شنبہ اور دوشنبہ یا شب دوشنبہ یا شب شنبہ ہو تو قمر برج اسد یا عقرب میں اور نظرات تربیع یا مقابلہ قمر اور مریخ کا ہو تو واسطے خصومت و عداوت دو شخصوں میں اور روز یکشنبہ یا شنبہ یا دوشنبہ یا سہ شنبہ یا چہارشنبہ یا پنجشنبہ کی شب ہو تو واسطے جدائی اور زبان بندی کے اور تربیع اور مقابلہ قمر اور مریخ کا ہو تو خوب ہے اور واسطے تسخیر یا ملاقات خواجہ سرایاں روز چہارشنبہ یا یکشنبہ یا جمعہ اور طالع وقت برج یا جوزا یا سنبلہ اور میزان اور ثور اور نظرات قمر اور عطارد سے تثلیث یا تسدیس ہو تو بہت نیک اور واسطے تسخیر خواتین معظمہ اور عورات جلیل القدر یا محبت مرد و زن کے روز یکشنبہ یا دوشنبہ یا چہارشنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ ہو اور طلوع طالع وقت اور یا قمر اندر ہوا ان بروج کے حمل اور ثور و سرطان و اسد و میزان و قوس و حوت ہوئے اور نظرات قمر سے اور مشتری اور زہرہ سے نظرات تثلیث اور تسدیس یا قران ہو تو نیک اور سعد ہے اور واسطے کشائش کار اور جمیع حاجات کے روز یکشنبہ اور دوشنبہ اور پنجشنبہ

اور شب جمعہ اور برج طالع جوزا یا سرطان اور نظرات قمر اور مشتری اور زہرہ تثلیث اور تسدیس ہو تو بہت مبارک ہے اور عزیز اور دوست کے یہاں جانے کیلئے روز یکشنبہ اور چہارشنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ اور طالع برج ثور اور میزان اور نظرات تثلیث اور تسدیس بہت مبارک اور نیک ہے اور علم تکسیر کا رکن نظرات کا ہونا اور واسطے محبت کے روز پنجشنبہ اور جمعہ اور شب ہر دو روز کی اور اگر قمر منصرف یعنی منصرف کے معنی یہ ہیں کہ اگر نظر قمر اور مشتری ہو چکی ہو اور نظر تثلیث یا تسدیس زہرہ ہے یا قران کیطرف توجہ کرے تو نہایت مبارک ہے اور جلدی مراد حاصل ہوگی اور اگر منصرف قمر زحل نظر تربیع سے ہو اور اتصال مریخ کے مقابلہ سے ہو تو یہ نظر بد اور نحس ہے واسطے خرابی اور ہلاکت دشمن کے اور اگر عداوت میان کواکب کے دریافت کرے تو معلوم ہوا کہ آفتاب اور زحل سے بہت عداوت ہے قمر اور مریخ سے عداوت ہے اور مشتری اور مریخ سے نہایت عداوت ہے مریخ اور زحل سے بہت دشمنی ہے اور اب دوستی معلوم کرے آفتاب اور مریخ سے دوستی ہے آفتاب اور عطارد سے دوستی ہے اور کواکب عطارد جس کواکب سے ملاقات کرتا ہے نہایت دوست ہو جاتا ہے اور اب کواکبہ بخورات کا معلوم کرنا چاہئے مثلاً زحل کا بخور سیاہ دانہ اور اسپند اور سیاہ مرچ اور زعفران اور قند سیاہ وغیرہ اور بخور مشتری ناگرموتھ عود اور سندروس اور گوندا اور حب الغار اور بخورات مریخ کندر رومی مصطگی اور افیون اور دارچینی اور مرچ سرخ اور بخور شمس زعفران اور گلنار اور شکر اور گل ڈھاک اور ہلدی اور بخور زہرہ عطر لوبان اور عود اور مشک و شنگرف و زعفران و عنبر و خشخاش اور پوست دوڈا اور بخورات عطارد کشنیز و کرمانی اور چنبیلی کی جڑ اور بادام اور لوبان و گوگل اور بخور قمر حب الغار اور کافور و صندلین وغیرہ وقت پر تیار کر کے بخور سوز آتش میں جلاوے تاکہ عمل بامراد ہوئے اول کتاب میں جدولیں حروف کی تقسیم کواکب اور برج عناصر کا بیان کر چکا ہوں اس جائے معلوم کرنا ضرور ہے اور جدول میں حروفات اور موکلات کی تقسیم معلوم کرنا چاہئے۔

خانہ ہائے کواکب خانہ آفتاب کا برج اسد ہے اور خانہ قمر کا سرطان ہے اور زحل کے دو خانے ہیں اول جدی اور دوم برج دلو اور مشتری کے دو خانے اول قوس اور دوم برج حوت اور مریخ کے دو خانے ہیں اول حمل اور دوم برج عقرب اور زہرہ کے دو خانے ہیں اول ثور اور دوم برج میزان ہے اور عطارد کے دو خانے ہیں اول جوزا اور دوم سنبلہ اور اگر اپنے گھر سے خانہ ہفتم میں آوے تو وبال ہے مثلاً برج حمل مریخ کا خانہ ہے برج حمل سے ساتواں خانہ برج میزان ہے وبال مریخ ہے اب شرف کواکب کا بیان ہے شرف آفتاب کا برج حمل میں ۱۹ درجے پر ہے اور ہبوط آفتاب کا برج میزان ہے اور قمر کو شرف ہے برج ثور کے تین درجے اور برج عقرب میں ہبوط قمر کا ہے اور زحل کا شرف برج میزان کے ۲۱ درجے پر ہے اور ہبوط برج حمل کے ۲۱ درجے پر ہے اور مشتری کو شرف برج سرطان میں ۵ درجے پر ہے اور ہبوط برج جدی میں ہے اور مریخ کو شرف برج جدی میں ہے ۲۸ درجے پر۔ اور ہبوط برج سرطان میں ۲۹ درجے پر اور زہرہ کو شرف برج حوت کے ۲۷ درجے پر ہے اور ہبوط زہرہ کو برج سنبلہ میں ہے اور عطارد کو شرف برج سنبلہ کے ۱۵ درجے پر ہے اور ہبوط برج حوت کے ۱۵ درجے پر ہے یعنی ہر برج کے مقابلے میں ہے مگر علم تکسیر میں نظرات کواکب کو معلوم کرنا ایک رکن عظیم ہے

فصل ۳۔ بیان حروف تہجی میں ایک ایک حرف فرد کا خواص بیان کیا جاتا ہے

اسکو معلوم کرنا چاہیئے اگر الف کو واسطے تالیف کسی شخص کے عمل کرے تو بوقت طلوع درجہ اول برج حمل کے جسوقت ہو سیسے کی تختی پر ایک ہزار الف لکھے اور بخورات کو روشن کرے اور بوقت [illegible] زیر آتش دفن کرے تا کہ گرمی پہونچے مقصود حاصل ہوگا گر پشت تختی مذکور پر نام طالب اور مطلوب کا امتزاج دیکر لکھے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا اور جسوقت کہ عطارد برج سنبلہ یا جوزا میں ہوئے اور زہرہ یا مشتری کیساتھ نظرات تسدیس یا تثلیث کی قمر سے ہو اور طلوع طالع میں عطارد ہوئے تو تختی نقرہ پر ہزار الف لکھے اور طفل کی گردن میں ڈالے کہ سینے کے اوپر رہے تو وہ لڑکا کمال زیرک اور عاقل اور علم میں بہرہ ور ہوگا اگر ۱۰۱۳ الف مشک اور زعفران سے لکھے اور تیرہ ہزار بار پڑھے اور بخور خوشبو آتش پر روشن کرے اور اپنے گلے یا بازو پر

باندھے جزائے عظیم ہوگی اور جمیع آفات وبلیات ارضی وسماوی اور شر جن وانس سے محفوظ رہیگا۔ خواص حرف با کے جسوقت کہ طلوع کرے برج دلو ۲ درجے اور ۲۰ دقیقے تو اسوقت دو ہزار حرف با لکھے اوپر پوست آہو کے مشک اور زعفران سے اور اپنے پاس رکھے تو بہت بلاؤں سے محفوظ رہیگا اور اگر قیدی کو دیوے تو وہ قید سے خلاص ہو جائیگا۔ خواص حرف تا کے واسطے زبان بندی کے جسوقت کہ طلوع سات درجے برج جوزا ہوئے تو ۳۰ حرف تا اوپر سفال آب نارسیدہ کے لکھے اور خاک میں دفن کرے اور بخور رومی مصطگی آتش پر روشن کرے اور جو شخص کہ تین ہزار چار سو اناسی حرف تا کو مشک اور زعفران سے لکھے اور شربت شہد خالص یا مصری کا ہوئے اسمیں دھو کر پلا دیوے اگر مریض کی ناک یا منہ سے خون جاری ہوگا تو بند ہو جاویگا اور صحت کامل ہو جائیگی۔ اگر حرف تا کو ہزار بار مشک اور زعفران سے لکھے جسوقت قمر اپنے شرف میں اور پاس اپنے رکھے تمام خلق اللہ میں عزیز اور محترم ہوگا خواص حرف ثا کے ضد اعمال الف کے ہیں جسوقت کہ طلوع کرے ۸ درجے پر برج عقرب تو سفید کاغذ پر لکھے ایک ہزار تین سو چار حرف ثا اور موم کر کے چاہ یعنی کنوئیں میں ڈالدے اور وقت لکھنے کے بخور روشن کرے اور اس گولی کو موم پر دم کر کے کنوئیں میں ڈالدے تو چشم زخم یعنی نظر بد سے اور بدخوابی سے محفوظ رہیگا اور اگر تین سو حرف ثا کو لکھے اور اپنے گلے میں ڈالے تو ڈرنا خواب میں زائل ہو جائیگا۔ خواص حرف جیم کیواسطے عقد لسان یعنی زبان بندی کے جسوقت طلوع ۳ درجے برج سنبلہ کا ہو تو ۹۰ جیم لکھے صورت دائرہ سے اور بدگوئیوں کے نام لکھے اور اس کاغذ کو موم کر کے زمین میں دفن کر دے بدگویوں سے محفوظ رہیگا اور اگر ۱۹۲۰ حرف ج مشک زعفران سے لکھے اور اپنے گلے میں یا بازو پر رکھے جزائے عظیم ہوگی۔ اور مرگ مفاجات یعنی امراض مہلکہ مثل طاعون اور ستیلا اور وبا سے محفوظ رہیگا اور اگر سات سات ج ہر روز متواتر لکھے اور اول جمعہ کے روزے روزہ رکھے اور لکھنا شروع کرے اور شیر برنج سے روزہ افطار کرے اور ہر روز غسل کرے اور کپڑا پہنے اور عطر اور خوشبو کا استعمال کرے اور بخور ہر شب روشن کرے

اور قوہر اولیاء رحیم کو پڑھے یا حوکل میں یا کھکائیل یا بحق یا ج اور جس اولیاء اور انبیاء
کو یا اپنے پیر یا کسی شہید کو یا اپنے مادر اور پدر یا کسی عزیز کی روح کو اس کا ثواب
بخشے اور بخور روشن کرے اور ہر شب زمین میں سوئے اور اپنے گلے میں تعویذ باندھ کر
ڈالدے تو خواب میں اس شخص سے سوال و جواب بخوبی ہوگا اور ایک ہزار رجم چینی
کے پیالے میں مشک اور زعفران سے لکھے اور نصف شب کو پانی دریا سے یا کنوئیں سے
لاوے اور وہ پیالہ دھو کے بیمار کو پلاوے اگر مرض مہلک ہوگا صحت جلد حاصل
ہوگی خواص حرف حا کے واسطے بند کرنے خواب معشوق کے جسوقت طلوع کرے ۳ درجے
برج جوزا کا تو ۱۹ حرف حا کو لکھے اوپر خشت خام کے اور رات کیوقت خشت مذکور کو
اوپر آتش کے رکھے اور پوست مار یعنی کینچلی کا بخور کرے تو خواب بند ہو جائیگا مگر نام بھی
اس شخص کا لکھے اور اگر ۹، ۲، ۳ حرف حا کو لکھے اور طباق مٹی کے مشک اور زعفران
سے اور نصف شب کو پانی دریا یا کنوئیں کا لاوے اور حرف مذکور کو دھو کے پلاوے
انشاء اللہ تعالے صحت پاویگا اور اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن کو سخر کرے تو روز جمعہ
کے دو سو بار حرف مذکور اوپر خاک قبر شہید یا بزرگ کے پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے
گھر میں ڈالدے تو وہ دشمن دوست جانی ہو جاویگا اور اگر شب جمعہ کسی بیمار کیواسطے
یا کسی کے درد شدت سے ہو اور وہ درد قدیم مرض کہنہ ہوئے تو اس موقع پر دم
کرے درد اور تشنج سے رہائی پاویگا۔ اگر بیماری لوت یا طاعون یا سرطان یا ورم
کی ہو تو صرف حا کو ۷ بار پڑھ کر دم کرے تو بیمار صحت پاویگا اس بیماری سے ...
خواص حرف خا کے واسطے عداوت کے چاہیے کہ جسوقت طلوع کرے عقرب ۹ درجے اور ۳۰ دقیقے پر تو ۶۰۰ حرف خ کے لکھے اور ...
پانو پر باندھے اور نور ا بخور روشن کرے مگر ۵، ۲، ۳ حرف خ کے لکھے لیکن تاریخ ۲۸ یا
۲۳ ہو اور روز سہ شنبہ کا ہو اول وقت طلوع آفتاب کے مسجد ویران میں بیٹھ کر لکھے
اور منہ طرف مشرق کے کرے اور بخور سینگ اور مرچ دراز کا کرے اور اوپر ٹھیکری
کے لکھے اور خانہ دشمن میں دفن کرے اور موافق اعداد نام دشمن کے پڑھے یا ...
بحق ... دشمن آوارہ اور خراب ہو جائیگا اور گھر بھی ویران اور ...

ستاراج ہو جائیگا اور اگر کھڑی میں بیستر ہوگا عذر کیو دیکھے لکھے اور ہر دو کا کاٹ کے کفن
میں پیٹ کے دفن کرے تو کی دعا مقصود دعا حاصل ہوگا اور اگر کوئی شخص چاہے کہ
خواب میں ہر ایک کام کی خبر معلوم ہو جاوے خیر نیک یا بد ہو اسطرح پر عمل کرے
کہ اول وضو کرے اور بلند جگہ پر جا کے نماز پڑھے دو رکعت اور ستر بار حرف مذکور کو
پڑھے اور جسطرح غائب ہو اسطرح دم کرے اور نام اس غائب کا لکھے اور وقت
سونے کے نیچے سر کے رکھے احوال تمام اور کمال اس غائب کا معلوم ہو جاویگا۔
خواص حرف دال کے جسوقت کہ چوتھا درجہ برج جوزا کا طلوع کرے تو ۶ ۴۴ حرف
دال مشک اور زعفران سے لکھے اور اپنی پگڑی میں رکھے تو اسکو مرتبہ بزرگی
کا حاصل ہوئیگا اور اگر وقت صبح کے سر برہنہ ہو کے ستر بار پڑھے اور نیت دشمن
کی کرے اور نام اس کا ایکطرف آسمان کے دم کرے چھ مہینے متواتر تو وہ دشمن
ہلاک ہو جائیگا اور اگر تین مہینے تک ورد رکھے اور ہزار مرتبہ یا دال ہر روز پڑھے
تو وہ شخص توانگر اور دولتمند ہو جائیگا۔ خواص حرف ذال کے جسوقت طلوع کرے
برج عقرب کا ۱۱ درجے ۱۶ دقیقے ۹۰ ذال اوپر سفال آب نارسیدہ کے لکھے اور دریا میں
ڈالدے اور کافور روشن کرے واسطے سردی غائب ہونے کے یا واسطے غلبہ ہوا کے
ستر بار ذال کو مشک و زعفران سے لکھے اور پاس اپنے رکھے تو تمام خلق اللہ میں
عزیز اور محترم ہوگا اور دشمن اسکے زیردست ہونگے اور جمعہ کیدن بعد نماز فجر کے
سات ہزار ... ال کو پڑھے اور ورد کرے ہر روز کا تو انشاء اللہ تعالے وہ شخص
صاحب دولت چند روز میں ہوگا خواص حرف را کے عمل واسطے عداوت اور
دشمنی کے جس وقت ۳ درجے طلوع ہوں برج عقرب کے تو اوپر شاخ نرگس کے
۲۰ کو لکھے اور پانی میں ڈالدے اور بخور مرچ دراز اور ہینگ کا کرے تو درمیان
دو شخصوں کے عداوت اور جدائی واقع ہوگی اور اگر ۲۰۰ را مشک اور زعفران سے لکھے
اور مرغ کے گلے میں ڈالدے مگر مرغ خانگی سفید رنگ کا ہوئے اور جس جگہ
... کا ہوئے اس جا مرغ کو چھوڑ دے مکان شہر ...

ہوگا اس جا مرغ چونچ اور پنجے سے کھودے گا اور بانگ دیگا جس جا پر دفینہ
یا گنج یا دولت دفن ہوگی معلوم ہوجائیگا۔ خواص حرف ن ا کے جو عورت فاحشہ
مرد کی شہوت کو باندھ دے کہ سوائے اس عورت کے اور دوسری عورت پر قادر
نہ ہو اس کا علاج یہ ہے کہ جسوقت طلوع برج جدی کا چودھواں درجہ ہو تو ۱۲ حرف
ن ا لکھے اوپر نئے کپڑے کے اور گوگل اور کافور جلاوے اور اس کو لپیٹ کر مٹی اسپر
لگا کر جس کنوئیں میں پانی نہ ہو دفن کرے بہت مجرب ہے مگر نام اس شخص کا ضرور ہوئے
اگر سات سو حرف ن ا مشک اور زعفران سے لکھے اور بخور خوشبو جلاوے کیسی مشکلات
ہو آسان ہوجائے گی۔ اگر ۵۰۰ حرف ن ا مشک اور زعفران سے لکھے اور پاس اپنے رکھے نظر
خلق اللہ میں عزیز ہوگا۔ خواص حرف سین کیواسطے زبان بندی کے جسوقت کہ طلوع
کرے درجہ اول برج جوزا کا ہمراہ اسم حاسد کے مرغ کے بیضے پر لکھے اور دفن زمین میں
کردے اور بخور روشن کرے لوبان وغیرہ سے مطلوب حاصل ہوگا اور اگر ۶۰ سین مشک
اور زعفران سے لکھے اوپر کاسہ چینی کے اور شربت یا پانی سے دھوئے اور بیمار کو پلائے
انشاء اللہ تعالے چند روز میں صحت کلی حاصل ہوگی۔ اگر ۶۰ سین لکھے اور گلے میں
لڑکے کے ڈالدے تو لکنت زبان کی جلد دفع ہوگی۔ اور اگر بعد نماز ظہر کے آٹھ ہزار بار
یاسین یاسین اگر تین سال تک پڑھے تو صاحب کشف ہوگا یہ مجرب ہے۔ خواص
حرف شین کے واسطے عداوت دو شخصوں کے جسوقت طلوع کرے ۳ درجے برج عقرب کا اسوقت
دو شخصوں کا نام لکھے اور ہمراہ اسکے ۳۰ شین کاغذ پر لکھے اور دریا میں ڈالدے
درمیان دو شخصوں کے عداوت قائم ہوگی مجرب ہے مگر افیون کا بخور کرے اور اگر
۳۰۰ شین مشک اور زعفران سے ساعت زہرہ یا مشتری میں لکھے اور پاس اپنے
رکھے تو تمام آدمی اسکو دوست رکھیں گے اور اگر نیت معلوم کرے احوال حاملہ
کی ہو تو دو سو بار شب جمعہ کو پڑھے اور لکھے اور اپنے سر کے نیچے رکھ کر سوئے بیٹا
یا بیٹی جو کچھ ہو وہ معلوم ہوجائیگا۔

خواص حرف صاد کے جسوقت طلوع کرے آفتاب ۹ درجے پر برج عقرب سے اسوقت ۹۰
صاد ہمراہ اسم دو شخصوں کے پوست آہو پر لکھے یا حریر پر اور پانی میں ڈالدے۔ اور
ہینگ کا بخور کرے یعنی آگ میں جلاوے ہر دو اسم مذکور میں عداوت اور جدائی ہوگی
اور اگر صاد بطریق دائرے کے لکھے اور موم میں لپیٹ کر اپنے بازو راست پر باندھے
مرد اوپر بازو راست کے اور عورت اوپر بازو چپ کے زبان جمیع بدگویوں کی بند
ہوجائے گی اور اگر ایک ہزار صاد ہو تو دشمنوں کے مکر اور فریب سے محفوظ رہیگا۔ خواص حرف
ضاد کے واسطے عداوت کے خوب ہے جسوقت طلوع ۱۳ درجے برج دلو کے ہو تو ۲۱
حرف ضاد اوپر کاغذ کے لکھے اور ہوا میں لٹکاوے اور پوست پیاز بخور کرے تو عداوت
درمیان دو شخصوں کے ہوجائیگی مگر وقت لکھنے کے دونوں نام بھی لکھے اور اگر ۹۰ ضاد
کاسہ چینی پر لکھے اور شہد خالص میں دھو کر پلاوے اگر مرض مہلک ہوگا تو صحت کلی
ہوگی۔ خواص حرف طا کے جسوقت طلوع درجہ نہم برج عقرب کا ہو تو ۱۹ حرف طا کو
اوپر برگ تنبول سفید کے لکھے اور پانی میں کنوئیں کے ڈالدے دونوں شخصوں کے درمیان
میں جدائی ہوجائیگی اور اگر ایک ہزار دو سو حرف طا لکھے مشک اور زعفران سے باسم
طالب اور اسکی ماں کا نام اور مطلوب اور اسکی ماں کا نام اور شربت میں دھو کے حلوا
تیار کرکے مطلوب کو کھلائے محبت اور الفت جانی ہوجائیگی اور اگر ۹۰۹ حرف طا
کو اوپر کاغذ کے لکھے اور آب خالص سے دھو کے عاشق کو پلاوے عشق عاشق کے سینے سے
باطل اور زائل ہوجائیگا۔ خواص حرف ظا کے واسطے عداوت کے جسوقت کہ طلوع ۱۳
درجے اور ۳۰ دقیقے برج دلو سے طلوع ہو ۷۰ ظا اوپر سیسے کے لکھے اور ہوا میں لٹکاوے
اور برج کا بخور کرے تو عداوت ظاہر ہوگی اور نام دونوں کا لکھے اور اگر نماز پنجگانہ
میں ہزار مرتبہ حرف ظا کو لکھے انشاء اللہ تعالے ظالم مطیع اور فرمانبردار ہوگا۔ خواص
حرف عین کے واسطے محبت اور الفت کے جسوقت کہ طلوع کرے دوسرا درجہ
برج اسد سے چار عین اوپر تختی تانبے کے لکھے اور آگ میں دفن کردے اور صندل
دراز بخور کرے مطلوب محبت اور الفت سے پیش آوے گا۔

اور اگر ... عین مشک اور زعفران سے لکھے اور شربت میں دھو کے پلاوے معشوق طالب
کا مطیع اور فرمانبردار ہوگا۔ خواص حرف غین کے جسوقت طلوع درجہ نہم برج دلو کا
ہوئے اگر ہزار غین یا یا میم وساعت منحوس اور سر برہنہ گورستان میں جاکر اوپر
کفن مردہ کافر کے لکھے اور گھر میں دشمن کے دفن کرے وہ دشمن خراب اور آوارہ ہو
جائیگا۔ خواص حرف فا کے واسطے جدائی زن ومرد کے اور باندھ دینا شہوت کا مرد
ہو خواہ زن جسوقت طلوع ہو اول درجہ برج جدی کا ۲۹ دقیقے پر حرف فا اوپر شانہ
گوسفند کے لکھے مع چاروں اسم کے قبر کہنہ میں دفن کرے اور بیل کا بخور کرے
درمیان طالب اور مطلوب کے جدائی ہو جائے گی اور اگر نو ہزار حرف فا اوپر کپڑے
کے لکھے بنام چارکس کے مشک اور زعفران سے اور مصری اور شہد خالص و
روغن گاؤ زرد میں ملا کر ساعت زہرہ یا مشتری میں اور نظر تسدیس یا تثلیث ہو
اوپر سہ پایہ چوب انار شیریں یا نیشکر یعنی گنے کے اور زمین پاک مکان خلوت میں
کہ اس جا غیر کا لگاؤ نہ ہووے اور فلیتہ بڑا بناوے اور تانبے کے چراغ میں جلاوے اور
منہ چراغ کا طرف خانہ معشوق یا مطلوب کے ہووے اور ہمراہ توکل کے پڑھے یا فاجی
یا سرجائیل یا سرجائیل بحق فا موافق عدد ہر دو کے پڑھے یعنی نو ہزار بار پڑھے۔
مطلوب طالب کے پاس حاضر ہوگا۔ خواص حرف قاف کے جسوقت کہ طلوع ہو درجہ
اول اور چالیس دقیقے برج دلو کے ہوں واسطے محبت کے ایک سو قاف اوپر کاغذ
کبود کے لکھے اور ہوا میں اسکو لٹکاوے دل اس کا دوسرے کیطرف سے سرد ہو کر
طرف طالب کے رجوع کرے گا اگر دو سو قاف طالب اور مطلوب مع نام مادر کے
روز چہارشنبہ اول ساعت عطارد میں لکھے اور نیچے سنگ گراں کے دباوے تو
مطلوب بند ہو جائیگا۔ خواص حرف کاف کے واسطے زبان بند کرنے کے جسوقت
طلوع ۳۰ درجے برج جوزا کے ہوں اس وقت چالیس کاف اوپر کاغذ کبودی کے
لکھے اور اس کو موم میں لپیٹ کر کے نیچے بڑے پتھر کے دباوے اور وہ مکان تاریک
ہو اور رومی مصطکی کا بخور کرے مطلوب حاصل ہوگا۔

اور اگر کوئی ارادہ بھاگنے کا کرے تو اول سات سو حرف کاف لکھے اور اپنے بازو پہ
باندھے اور سات سو دفعہ یا موکل پڑھے اس طرح پر یا ہمردائیل بحق یا کاف اور
قصد دروازے سے باہر آنے کا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسکو کوئی نہ پہچانے گا جدھر
چاہے چلا جاوے خواص حرف لام کے واسطے محبت کے جسوقت طلوع ہوں ۲۵ درجے
برج قوس کے تو ۸ لام اوپر کوزے برتن کے مع نام چارکس کے لکھے اور آتش خانہ
میں دفن کرے اور بخور صندل کا اوپر آگ کے روشن کرے مطلوب حاصل ہوگا اور
اگر ۷ لام سونے کے ورق پر لکھے یا ورق چاندی کا ہو اور نام اپنی ماں کا اور اپنا نام
لکھے اور لام تمام دائرے سے ہوں اور نیچے پتھر گراں کے دریا کے کنارے دباوے اور
پانی اس پتھر کے بہتا ہووے تو وہ عامل نظر میں تمام مخلوقات کے عزیز اور محترم
ہوگا خواص حرف میم کے واسطے محبت کے جسوقت ۴ درجے برج جوزا کے طلوع کریں
تو ۱۲ میم مع نام کے اور بخور خوشبو عطر وغیرہ آتش پر روشن کرے مطلوب حاصل ہوگا
اور شیخ ابو العباس بونی قدس سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ جو شخص چالیس روز صبح کے
وقت میم پر نظر کرے اور یہ شکل مممہ کی لکھے اور کسی بزرگ مغربی سے روایت کی ہے
کہ آیت قرآن مجید قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تا بِغَيْرِ حِسَابٍ پڑھتا جائے اور
میم پر نظر کرتا جائے تو اس شخص کو طرح طرح کی جمعیت اور بہت فتوحات ہوگی اگر
سو میم مشک اور زعفران سے اوپر پوست آہو کے لکھے اور اسکو موم کر کے اپنی زبان کے
نیچے رکھے اور سلاطین اور حکام اور خواتین معظمہ سے حاجت چاہے حاجت روا ہوگی
خواص حرف نون کے واسطے محبت کے جسوقت اول درجہ اور پچاس دقیقہ طلوع
کرے برج ثور سے اسوقت ۸ نون اوپر کاغذ کے لکھے اور روغن زیتون و مرچ سیاہ
کے ہمراہ پلیتے میں مطلوب حاصل ہوگا اور اگر پچاس نون اوپر کاغذ کے لکھے اور
اپنے بازو پر باندھے تو وہ مطلب حاصل ہوگا جس کی خواہش ہے۔
خواص حرف واؤ کے واسطے محبت کے لازم ہے جسوقت ۶

درجے برج اسد سے طلوع کرے تو ۳۶ واؤ تانبے کی تختی پر لکھے اور انگیٹھی میں دفن کردے اور اوپر خوشبو بخور کرے اگر کسی شخص کا کسی وجہ سے جائے مطلوب پر جانا نہیں ہو سکتا تو حرف واؤ چھ سو مرتبہ پڑھے اور اس طرف دم کرے جانا ضرور ہوگا اور وہ شخص مانع نہ ہوگا۔

خواص حرف ھا کے۔ واسطے محبت کے بہت خوب ہے جسوقت ۵ درجہ برج ثور سے طلوع کرے تو حرف ہا کو پڑھے مع مؤکل کے بنام ہر جہار کس یعنی اپنا اور اپنی ماں کا نام اور مطلوب اسکی ماں کا سات سو زسات دانے پرچ سیاہ کے شکر اور موم میں لپیٹ کر نیچے چوکھٹ مطلوب کے دفن کرے اور بخور روشن کرے مطلب حاصل ہوگا۔ اگر پہلے نماز صبح سے ہزار حروف ہا مؤکل کے پڑھے تو چند روز میں تمام موجودات اسکے حکم میں ہو جائینگے۔

خواص حرف یا کے واسطے محبت کے اگر وقت طلوع دس درجے برج قوس کے کاغذ سفید یا حریر پر ۲۱ حرف یا لکھے اور فتیلہ بڑا بنا کر روغن زیتون میں یا روغن گاؤ خالص میں ہمراہ شہد خالص کے روشن کرے اور بخور خوشبو جلاوے مطلب حاصل ہوگا۔ اور اگر حرف یا ۳۶۰ دائرہ کر کے لکھے اس طرح ہی اور اسمیں موافق قاعدہ مقررہ کے چاروں نام درج کرے اور تعویذ بنا کر اپنے بازو پر باندھے مطلب حاصل ہوگا اور اسی طرح اگر بدھ کے دن بوقت طلوع آفتاب کے واسطے زبان بندی کے لکھے اور نیچے پتھر گراں کے تاریک جگہ میں دفن کرے زبان تمام بدگویوں کی بستہ ہوگی۔

فصل ۴۔ خواصات حروف عناصر اربعہ مرکبات کے بیان میں

معلوم کرنا چاہیے کہ ابجد کے چار قطع کئے چار عناصر پر اور سات حرف آتش پر تقسیم ہوئے یعنی ا ہ ط م ف ش ذ اور، حرف ہوا پر تقسیم ہوئے یعنی ب و ی ن ص ت ض بعد اسکے سات حرف پانی پر تقسیم ہوئے یعنی ج ز ک س ق ث ظ اور سات حرف خاک پر تقسیم ہوئے یعنی د ح ل ع ر خ غ اول جو سات حرف آتش کے ہیں ان کا خواص یہ ہے واسطے تفریح قلب کے تمام امورات میں فائدہ مند

اور رکھنے والا ان حروف کا نزدیک تمام خلائق کے باعزت ہوئے اور تمام امور غمنا کی اور اندوہ سے خلاصی پاوے اور تمام کام اسکے سہل ہوں اور کل حاجتیں برآویں اور قطب حروف آتشی کے ۱۱۳۰۵ ہیں اگر ان اعداد کو مربع نقش میں پر کرے تو سریع التاثیر ہے واسطے دفع مرضہائے رطوبت مثل تپ لرزہ تپ بلغمی اور درد وغیرہ جو کہ سردی سے ہوں طریقہ اس کا یہ ہے کہ موافق اعداد مذکورہ کے صبح یکشنبہ وقت طلوع آفتاب کے چینی کے برتن میں مشک اور زعفران سے لکھے اور کیوڑہ و گلاب سے دھو کر پلاوے تمام امراض رطوبت کے دفع ہونگے حروف ہوا ب و ی ن ص ت ض بوقت طلوع آفتاب روز جمعہ کے لکھے واسطے قوت دماغ اور قوت قلب اور قوت باہ کے نہایت فائدہ مند ہے حروف آبی ج ز ک س ق ث ظ روز دوشنبہ بوقت طلوع آفتاب کے کاسہ چینی پر لکھے اور شہد سے شربت کر کے پلاوے تو حرارت کے امراض یا تشنگی یا تپ محرقہ دفع ہونگے اور واسطے حاجات کے مبارک ہے حروف خاکی د ح ل ع ر خ غ چہارشنبہ کو وقت طلوع آفتاب کے چینی کے برتن میں لکھے جسکو تپ محرقہ اور ورم اور ابلہ اور سیتلا اور پھوڑا اور طاعون اور کھنیلہ اور بغلک ہو یا جسکو دمہ ہوئے یا خون بدن میں کم ہو گیا ہو اور امراض رطوبات کو نہایت مفید ہے۔ فصل ۵۔ خواص حروف تہجی جو کہ نقطہ دار ہیں ان کے بیان میں ب ت ث ج خ ذ ز ش ض ظ غ ف ق ن ی ۱۵ حروف ہوئے ان حروفات کے ترکیب دینے سے پانچ اسم ناطق ہوئے تبث جخذز شضظغف قنی ان اسمائے پنجگانہ کو بروز یکشنبہ بوقت طلوع آفتاب کاغذ پر مشک اور زعفران اور گلاب سے لکھے اور نیچے سر خوابیدہ کے رکھدے لیکن اس شخص کو معلوم نہ ہوئے اور سات مرتبہ ان اسموں کو پڑھے یَا مُتَکَلِّم یَا مُتَکَلِّم یَا نَجَایَا مُعَجَلَا یَا مُسَخِّرَ امر یَا اَنْ یَا لَا تَبَارَکَ یہ دحایہ ھایہ وَمَا بہ تَکَلَّمَ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ تعالیٰ وہ شخص جو کہ خوابیدہ ہے باتیں کرے گا جو کچھ اس کے دل میں پوشیدہ باتیں ہیں وہ سب بیان کریگا۔ حروف صوامتہ یہ ہیں۔ ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ ۱۳ حرف ہیں۔

ان حروف کے چار اسماء قرار دیئے ہیں وہ چار اسم یہ ہیں احد رسص طوکل موہ جو کر ان اسماء کو ہر مہینے کی ۲۹ یا ۲۸ یا روز خسوف اور کسوف کے سیسے کی تختی پر لکھے اور انگوٹھی کے نگینے کے نیچے رکھے تو زبان حاسدوں اور بدگویوں کی بند ہو جائیگی، اور بدگوئی اور غمازی سے محفوظ رہے گا اور جو چھ حرفوں مذکورۂ ذیل کو لکھے اور دیوار پر گھر میں قبلہ رخ لگائے یا صندوق پر لگادے تو وہ گھر آتش اور دزدی سے محفوظ رہے گا اور یہ حروف چودہویں تاریخ ہر مہینے کی لکھے اور عمل میں لاوے اور جسوقت آفتاب برج اسد میں ہو ان حروفوں کو لکھے اور انگوٹھی کے نیچے رکھے تو جس شخص کے ہاتھ میں یہ انگوٹھی ہوگی تمام رنجوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا وہ چھ حرف مذکورہ بالا یہ ہیں اذ وس زہ حروف متواخیہ یہ ہیں ب ت ث ج ح خ د ذ ہ ز س ش ص ض ط ظ ع غ ان حروفات کو مشک اور زعفران اور شیر عورت کا اسمیں ملائے لیکن جس عورت کے کہ پہلا بیٹا ہوا ہو اس کا دودھ ملاکر کے لکھے اور تعویذ کر کے ٹوپی یا پگڑی میں رکھے جسوقت وہ شخص ٹوپی یا پگڑی پہن کر گھر سے باہر آویگا. ہر بلایات سے بقدرۃ اللہ تعالےٰ محفوظ رہے گا. خواص حرف آتشی کہ جس میں اسرار الٰہی ہے دوبارہ رقم کرتا ہوں اہ ط م ف ش ذ. وقت حاجت کے لکھے مگر جس وقت کہ قمر برج آتشی یعنی برج حمل یا اسد اور برج قوس میں ہوں تو لکھے اور جس کسی کے پاس حاجت لیکر جاویگا حاجت روا ہو جائیگی اور جو کچھ عرض حال کریگا وہ قبول ہوگا دوسرا خواص یہ ہے جب کبھی کسی شہر یا موضع یا گاؤں یا محلہ یا گھر میں آگ لگے تو ان حروف آتشی کو اوپر لکڑی کے لکھے اور اس لکڑی سے اشارہ طرف آگ کے کرے اور نام ملائکہ برج حمل یا اسد یا قوس اوپر زبان کے جاری کرے اللہ تعالیٰ کی قدرت سے وہ آگ دفع ہوگی نام ملائکہ یہ ہیں یا بلد حل شواطیل.

اور دوسری کتاب میں جمیل شراطیل یا سرافیل ہے. خواص حروف جزاو میزان و دلو کا یہ ہے کہ اگر کسی شخص کو انسان یا کسی چیز کی خواہش ہو اور ری اس حاجت کیطرف متوجہ رہتا ہو یا دولتمند سے حاجت ہو اور عامل اور عمل

کرنیوالا اس دولتمند تک نہ پہونچ سکتا ہو تو ان حروف تفغظلض کو اور دوسری کتاب میں اس طرح پر لکھا ہے قطغفطکس اگر ان حروف کو اوپر برگ ریحان کے لکھے اور نام ملائکہ برج مذکور کو پڑھے یا جبرائیل یا صہائیل تو جو کچھ مطلب ہوگا وہ حاصل ہوگا اور خواب میں اس کا بھید معلوم ہوگا خواص ۱۶ حروف وتر جنکے اعداد در ہر مرتبے کے طاق آتے ہیں ان کو حروف وتر کہتے ہیں. حروف وتری یہ ہیں ا ی ق غ ج ل ش ہ ن ث ز ع ذ ط ص ظ نہایت مبارک ہیں. عدد حرف وتر کے ۵، ۳، ہیں واسطے درازی عمر کودک اور دفع گریہ کے اعداد حروف وتر کے نقش ہفت در ہفت میں بھرے اور واسطے نظر اور خواب میں ڈرنے اور شام کیوقت گریہ کرنے لڑکے کے مفید ہے بعض استاد واسطے گریہ طفل کے نقش مخمس بھرتے ہیں اور لڑکے کے گلے میں ڈالدیتے ہیں واسطے دفع بلایات کے مگر دائرہ میں حروف وتر کو لکھے خدا کی قدرت سے ہرگز کسی جن و انس کی نظر سے طفل کو آسیب نہیں پہونچے گا خواص حروف شفع بارہ ہیں اور عدد ان کے ہر مرتبہ جفت ہیں مثلاً ب ک ر د م ت و س خ ح ض ف یہ نہایت مبارک ہیں اور عدد ان حروف کے یہ ہیں ۲۲۲۴ بارہ نقش مربع لکھے اور چار عناصر پر عمل کرے یعنی آگ میں جلاوے اور خاک میں دفن کرے اور پانی میں ڈال دے اور ہوا میں لٹکادے واسطے عمل محبت اور الفت تسخیر آدمی کے بہت خوب ہے خواص دوسرے حروف تہجی واسطے اعمال محبت اور خیرات کے یہ ہیں. د ج م ل ہ س ن ق ر ش ت ث خ ذ ض غ ان حروفوں کو ایک ایک لکھے بنام طالب اور مطلوب کے یعنی امتزاج دے ہوا کو ہوا سے آتش کو آتش سے اور آبی کو آبی سے اور خاکی کو خاکی حروف سے امتزاج دے اور آتشی کو آگ میں جلاوے اور خاکی کو خاک میں دفن کرے اور آبی کو پانی میں ڈالدے اور بادی کو ہوا میں اڑائے اگر عمل تفرقہ کا ہے تو برخلاف امتزاج دے یعنی آتش کے حروف کو آبی سے امتزاج دے اور خاکی ہوا کے ساتھ امتزاج دے اسی طرح چاروں عناصر کے حروف کو عمل میں لاوے. مقصد حاصل ہوگا.

اور خواص حروف تہجی یہ ہیں ی ج ہ و ر ط ب ل ن غ ف اور عمل ان حرفوں کا واسطے
دشمنی اور عداوت اور مفارقت کے اعداد حرفوں کے پانچ ہزار سات سو تیرہ ہیں یہ حروف
۱۱ ہیں واسطے دشمنی اور عداوت اور مفارقت کے لازم ہے کہ ایک ایک حرف لکھے اور
مؤکل ہر حرف کا اسکے ساتھ لکھے اور چار عناصر پر عمل میں لاوے اور بخور اس کا تلخ
اور شور اور قابض ہے اور اعداد حروف یہ ہیں ۱۲۷۲ اور خواص حروف تہجی کہ شمار
میں ۱۳ حرف ہیں ا د ہ و ح ط ک ل م س ع ذ ی اور عمل ان حرفوں کا واسطے بغض
اور قتل اور بیمار ڈالنا اور تفرقہ اور ہلاک کرنا دشمن کو اور زبان بندی کے کرے اور
عدد ان کے یہ ہیں ۳۴۳۵ ان کو عمل میں لاوے اور دوسرا خواص حروف مقطعات
کہ قرآن مجید کی سورتوں کے اول میں نازل ہوئے ہیں وہ یہ ہیں ا ح ط ی ک ل م
س ع ص ق ر ن اور با طہارت اور با وضو ہو کر اعداد حروف کے استخراج کرے اور
یہ اعداد ۶۹۲ ہیں اس کا نقش سات اور سات میں پر کرے چینی کے کاسے میں مشک
اور زعفران سے دھو کے پلائے جس شخص زہر نباتی یا کانی کھایا ہوگا فوراً زہر اگل دیگا
اور دوسرا قاعدہ وقت عمل کرنیکا بیان کیا جاتا ہے اسکو خوب معلوم کرنا چاہیے کہ حکمائے
سابق یعنی فلاسفہ نے تجربہ کرکے اس کا بیان لکھا ہے جو شخص کہ اسپر عمل کرے گا
خطا نہ اٹھاویگا اور کلمات حکیم بطلیموس اور بلیناس اور ضدر طاس اور بقراط
اور جالینوس اور افلاطون کے بہت معتبر ہیں اگر قمر جو وقت نظر نیک سے گذرے
اور دوسری طرف نیک ستارہ نظر دوستی کی رکھتا ہو اور جتنا عرصہ درمیان دونوں
کے ہو اس عرصے میں عمل تسخیرات اور محبت والفت کرنا چاہیے۔ کہ نظر تالیف
القلوب کی ہے اگر زہرہ سے نظر تسدیس یا تثلیث قمر کی ہو اور اس جگہ حرکت
کرکے پھر نظر مشتری سے تثلیث یا تسدیس قمر کی ہوئے اور کسی ستارے پر نظر نہ
ہوئے بجز ان دو کے اس درمیان میں جو عرصہ ہوئے تو بہت مبارک ہے واسطے
تسخیرات اور نیک کام کے اختیار کرنا چاہیے جو چاہے سو کرے اور کار بد یا

دشمن کیواسطے قمر سے زحل کا مقابلہ ہو اور مریخ سے تربیع یا قران ہو تو جتنا عرصہ
ہیں ہوئے اسمیں اختیار رکھتا ہے یہ علم نجوم کا نہایت نیک وقت ہے اگر عمل
عشق اور محبت اور الفت کے ہو یا نکاح کیواسطے ہو تو ساعت زہرہ کی ہو اور سر
نظر تثلیث یا تسدیس سے ہوئے اگر ساعت واسطے محبت زن و مرد کے ہو تو روز جمعہ
کا اور ساعت زہرہ کی اسکا بیان پہلے ہو چکا ہے ایک نظر باقی تھی اس کا بھی بیان
کردیا۔ فصل ۶ ابجد حسب قول آصف بن برخیا کے بیان میں اب بیان کیا جاتا ہے
کچھ بیان ابجد کا قول آصف بن برخیا ہے کہ اس کا بھی جاننا ضرور ہے۔ چنانچہ آصف
بن برخیا وزیر حضرت سلیمان علیہ السلام تھے ان کا قصہ پروردگار عالم قرآن مجید میں
فرماتا ہے اور محمد ساجد ولی مغربی قول آصفی سے اپنی کتاب میں بیان فرماتے ہیں۔ کہ
ابجد واسطے بندی کے ہے اور اعداد بیان ابجد کے ہوتا ہے خوب معلوم کرنا چاہیے
اگر کسی شخص کو شوق عملیات ہو اسکے واسطے حرف اعمال ابجد کے کفایت کرتے
ہیں مثلاً ابجد کے ۲۸ حروف ہیں اور منازل قمر کے ۲۸ ہیں تو ایک حرف ایک منزل پر
منقسم ہے مثلاً الف منزل شرطین پر منقسم ہے اور با بطین پر قسمت ہے اور جیم منزل
ثریا پر قسمت ہے اور دال منزل دبران پر قسمت ہے علیٰ ہذا القیاس ۲۸ منزل ۲۸ حروف
ہیں اور حروف تمام ابجد کے سب کلمات کے سید اور رئیس ہیں اور اسم اعظم اول
جس سے مراد الف سے ہے اور اگر الف حرف ہوا سے ملے تو نہایت مقوی المزاج ہو اور
اگر ترتیب سعود ہو تو مقام فلک سابع کا ہو اور عدد الف کا ایک ہے اور ملفوظات میں
۱۱۱ ہیں اور ابجد عددی میں الف کے ۱۳ عدد ہیں ان کو جمع کیا اور شکل مثلث قمری میں
پر کیا اکائی کو قائم رکھا اور دہائی اور سیکڑے کو دو چند کیا چنانچہ ۲۴۶ عدد جمع ہوئے
اور اسمیں ۱۲ عدد کو طرح کیا ۲۳۴ باقی رہے تو ایک حصے میں یہ عدد آئے مثلث
میں پر کیا اسکے تین حصے مثلث حرف الف یہ ہے کہ
... ہے اور عزیمت پڑھے الف کی سطر پر ...
...

	۲۴۶	
۸۱	۸۶	۷۹
۸۰	۸۲	۸۴
۸۵	۷۸	۸۳

صَبُورٌ مُحِيٌّ يَا عَزِيزُ يَا مُعِزُّ اور عزیمت الحروف ادقال اذقال ااعاا عخلخال
دبذہ ش علیہ شکل وس قمہا عدد تا مگر جسوقت اس مثلث کو تیار کرے پہلے منزل
شرطین کو لکھے اور طالع وقت کو معلوم کرے اور اس کے ستارے کو معلوم کرے اور
ساعت معلوم کرے اور اسکے ستارے کو معلوم کرے اور یوم اور صاحب یوم کو
معلوم کرے اور مؤکل اس روز کا علوی خواہ سفلی ہو قمر معلوم کرے کس برج میں
ہے اور صاحب برج کو معلوم کرے اور جس منزل پر قمر ہے اور ان سب کے اعداد جمع
کرکے میزان دے اور اس عدد کا موکل تیار کرے اور جو حروف کہ حاصل ہوں ، اُن
حرفوں کو بسط عزیز سے مقوی اور موافق طبع کرکے ایک مؤکل تیار کرے اور حروف
تالیف طبع مع مؤکل پشت پر مثلث کے لکھے تو قلب جمیع مخلوقات اور ملوک اور اکابر
ذی مرتبہ کا اوپر عمل کرنے والے کے راغب ہوگا اور وہ شخص تمام امور میں مشہور نام
مشرق سے مغرب تک ہوگا۔ نقش کی پشت پر ایک صورت بنائے مثل اسکے کہ ایک
مرد کرسی پر بیٹھا ہوا ہے اور گرد اس کے تمام اسمائے مستخرجہ اور اوپر سر کے نام مؤکل
مستخرجہ کا لکھے اور طریقہ اس کے عمل کا یہ ہے مثال اسکی طالع وقت برج حمل اور
صاحب طالع مریخ ہے اور روز دوشنبہ کا اول ساعت قمر کی اور صاحب قمر ہے
اور منزل قمر کی اس روز دبران ہے اوّل الف متعلق منزل شرطین سے ہے اور ملک
علوی اور صاحب یوم دوشنبہ میکائیل اور صاحب سفلی برقان ان تمام اسماء کے
عدد استخراج کرے اس صورت پر کہ ساعت اول کے عدد ۶۲۵۔ اور عدد قمر کے
۳۷۱۔ اور عدد برج حمل کے ۱۰۹۔ اور عدد صاحب طالع کے ۱۳۱۴ اور عدد صاحب
سفلی برقان کے ۳۶۱۔ اور عدد میکائیل ۱۲۲ اور عدد منزل قمر دبران کے
۲۵۹۔ اور عدد منزل شرطین ۶۰۰۹ اور عدد یوم دوشنبہ ۶۶۸ اور ترتیب اس
عمل کی اسی طرح افلاطون نے لکھی ہے اور اسم اللہ اعظم عدد ۱۱ حروف اور
سب اعداد کو یکجا میزان دیا ۳۵۱۰ ہوئے یا لام ث شین غ ض غ ض پھر
غ وزن ض اور یہ امتزاج کے کلمے ہوئے بل ثش غض غض غض اور پہلے

جو تصویر کرسی پر مرد کی بیان کرچکا ہوں اور اعداد کا مؤکل بنا چکا ہوں پس یہ مؤکل
سر پر تصویر کے لکھے اور حروف مستخرجہ میں معلوم کرے جو عنصر کہ غالب ہو اسی عنصر
میں اس لوح کو ترکیب دے یہ عمل تمام ہوا مگر جسطرح کی مثال دی اسی طرح پر ۲۸ حروف کے اور ۲۸
منازل کے عمل تیار کئے ہیں اور جو کہ مثال دی ہے اسیطرح پر تیار کرے فقط۔
اب بیان حرف با کا ہے اور با سے تعلق منزل بطین ہے اور با حرف خاکی نزدیک
حکمائے یونان کے ہے اور حکمائے یونان ابجد کو اوپر عناصر کے اسی طرح پر تقسیم
کرتے ہیں مثلاً الف آتش کا ہے اور با خاکی ہے اور ج ہوا کا ہے اور دال آبی
کا ہے یہ محل قوت حیات انسانی ہے اور حکیم آصف بن برخیا اب دوسری شکل
کا بیان فرماتے ہیں حروف با کا تعلق منزل بطین سے ہے اور با کے عدد رقمی ۲۔ اور
لفظی ۳۔ اور عددی ۶۱۱۔ ان سب اعداد کو جمع کیا تو یہ ہوئے ۶۱۶ طرح باقی حصہ ۲۰۱ ۲۰۴ ۱۴۰
کبیر مثلث حرف ب یہ ہے اور حرف با کی عزیمت یہ ہے بنایال شنیال اثنیال

۲۰۴	۲۱۰	۲۰۲
۲۰۳	۲۰۵	۲۰۸
۲۰۹	۲۰۱	۲۰۶

الھیال ثنایال تاثیال اس عزیمت حرف
با کے عمل کو خوب جاننا چاہیئے تاکہ جذب تمام مخلوقات کبیر
اور صغیر اور غنی اور فقیر کا طرف صاحب عمل کے ہوئے
امیر اور امرا اور حاکم وقت سب قدر و منزلت صاحب عمل کی کریں اور طریقہ اس
عمل کا یہ ہے جسطرح سے استخراج الف کا پہلے کیا ہے مع طلوع طالع و ساعت وغیرہ
گیارہ چیزوں کا استخراج کرے جیسا کہ مثال الف میں بیان ہوا ہے اور تمام اعداد
جمع کرے اور مؤکل تیار کرے اور اوپر سر تصویر کے لکھے اور تمام ترکیب درست کرے
اور روز شنبہ کا ہوئے اور اول سے ساعت پانچویں ہو اور سب عمل بدستور استخراج
کرے اور بخور صندلین آتش پر روشن کرے مگر لوح یعنی تختی قلعی کی عامل اپنے گلے میں
رکھے بخوبی تمام تاثیر ہوگی ۔ اب تیسری شکل بیان کی جاتی ہے یعنی حرف جیم کا
اور جیم کا منزل ثریا سے تعلق ہے اور دوسری منزل وہ استخراج کرلے کہ اس دن جس
منزل پر قمر ہو ۲۸ منازل کا استخراج کرے اور حرف جیم ہوا کا مرتبہ رکھتا ہے اور

محل مقام فلک سابع قوی رکھے اور عالم انسانی سے ہے عدد رقمی ۳ و لفظی ۵۳ و عددی ۱۰۵۶
شکل مثلث قمر اس صورت سے جمع طرح باقی ثلث حصہ عزیمت جھشال
۱۰۹۲ ۱۰۸۰ ۱۲ ۳۶۰
جحشال یعحال مجحال تالیشال یشمحال انسیال طمحال ھشالیال
مثلث حرف ج یہ ہے

۳۶۳	۳۶۸	۳۶۱
۳۶۲	۳۶۴	۳۶۶
۳۶۷	۳۶۰	۳۶۵

اور حاصلات جیم کا عمل یہ ہے اور تصرف کا یہ جو کہ خدام اور ارواح روحانیہ و کل شئی روحانی اطاعت میں صاحب عمل کے ہو گی اور طریقہ استخراج حرف جیم کا یہ ہے کہ روز دوشنبہ کے اول ساعت مشتری میں تختی چاندی کے اوپر یا ورق کے اوپر لکھے اور بخور قمر کا روشن کرے وہ البتہ موافق عمل کے ہو۔ چوتھی شکل دال کی اور منزل دبران سے متعلق ہے اور حرف مرتبہ اول آب کا ہے اور اس ستارے کا مقام فلک اول پر ہے اور تصرف اس کا تمام عالم پر ہے اور عدد دال کا رقمی ۴ اور ملفوظی ۳۵ اور عددی ۳۰۸ جمع کل طرح باقی حصہ
۲۱۶ ۱۲ ۲۰۴ ۱۰۱
کبیر اور عزیمت دھابرال دوھابال دعلدوال لددھال ابرھال اعا دال براعال علد دھال ھابرکال اور تصرف
مثلث حرف د یہ ہے

۲۰۵	۱۱۰	۱۰۲
۱۰۳	۱۰۶	۱۰۸
۱۰۹	۱۰۱	۱۰۷

اس کا یہ چشم خلائق اور طلا اور نقرہ اور ماکولات میں ہے اور ہر طرح پر روحانیہ اس عامل کی اطاعت کرتے ہیں اور عمل اس حرف کا بطریق پہلے حرف کے ہے بخور موافق اسکے روشن کرے اور عزیمت پڑھے یا سلسطال یا سلشھلسطال اور اس عزیمت کو موافق اعداد کے حروف بنائے اور جسوقت یہ تیار ہو گی جس امر پر چاہے کرے تاثیر بخشے گی واللہ الموفق اب طریقہ پانچواں حرف ھا کا یہ ہے اور پانچواں حرف ھا ہے اور اس سے منزل ہقعہ کا تعلق ہے اور اس حرف کا درجہ آتشی ہے اور ستارہ اس کا فلک دوم پر ہے اور سیر روحانیہ ہے اور عدد ھا رقمی ۵ اور
مثلث حرف ہ یہ ہے

۲۳۸	۲۴۳	۲۳۵
۲۳۶	۲۳۹	۲۴۱
۲۴۲	۲۳۴	۲۴۰

لفظی ۶ اور عددی ۲۰۵، شکل مثلث جمع طرح باقی حصہ کبیر اور عزیمت
۲۳۲

ھمحال ھمحال اساءاسال حمینہ جھال ھمھ سلسال سم اھھال اور تصرف اس کا یہ حصول مراتب اور مقامات محمودہ کے ہے اور بزرگ قدر و ظہور فخر اور ولایت کا اور نوار الہی کا اور عمل اس کا موافق عمل حرف الف کے ہے وباللہ التوفیق اب طریقہ حرف واؤ کا بیان کیا جاتا ہے عنصر میں درجہ خاک کا ہے اور مقام دوسرے فلک پر اسکا ہے اور منزل ہنعہ اور عدد رقمی ۶ اور لفظی ۱۳ اور عددی ۴۶۵ اور تمام عدد کی جمع طرح باقی حصہ کبیر عزیمت یہ ہے وھووال ردھوال اماتال ھودھال
۴۸۴ ۱۲ ۴۷۲ ۱۵۷
دوھوال سال تاتال تصرف اس کا واسطے تسخیر امرا و ملوک و مقہوری اعداد عزیز خلق کے ہے ساتویں شکل حرف ز ا کے بیان میں ہے کہ حرف
مثلث حرف واو یہ ہے

۱۶۰	۱۶۶	۱۵۸
۱۵۹	۱۶۱	۱۶۴
۱۶۵	۱۵۷	۱۶۲

زا درجہ ہوا کا اور عدد رقمی ۷ ہیں اور لفظی عدد ۸ ہیں اور عددی ۱۳۷ ان تمام عدد کو جمع کیا جمع طرح حصہ کبیر
۱۵۲ ۱۲ ۴۶ ۲
اور عزیمت اس حرف کی واسطے طول کتاب کے نہیں بیان کی کیونکہ طریقہ استخراج عزیمت انشاءاللہ تعالےٰ آگے بیان ہو گا اور یہ حرف ز ا واسطے محبت کے اور تسخیر میں قدرے
مثلث حرف ز یہ ہے

۵۰	۵۵	۴۷
۴۸	۵۱	۵۳
۵۴	۴۶	۵۲

روئی کو لیکر پانی میں تر کر کے ایک قرص تیار کرے اور اسپر زعفران اور مشک سے اس نقش کو لکھے اور گرد نقش مثلث کے ۲۰ حرف ز ا لکھے اور ایک فتیلہ بزرگ تیار کرے اور وقت شب کے چراغ گلی میں روغن گاؤ اور شہد خالص میں تر کر کے روشن کرے اور منہ چراغ کا طرف خانہ مطلوب کے کرے اور طریقہ اسکے استخراج کا اول الف میں بیان کر چکا ہوں یعنی نام طالب اور مطلوب کا اور طالع اور ساعت اور منازل ہر دو وغیرہ اور موکل اور عوان اس کا یہ ہے شلاً اسم موکل تائیل اور اسم عوان میموش اور طلسم اور قسم وغیرہ تلخ ہیں اور جس روز فتیلہ روشن کریگا اسی روز وقت شب کے طالب کے پاس مطلوب حاضر ہو گا یہ بہت مجرب ہے خواص حرف ح کا یہ ہے مراتب آٹھواں ہے اور منزل نثرہ اس سے منسوب ہے اور درجہ پانی کا ہے اور
مثلث حرف ح یہ ہے

۲۰۷	۲۱۳	۲۰۴
۲۰۵	۲۰۸	۲۱۰
۲۱۱	۲۰۳	۲۰۹

عدد رقمی ۸ اور عدد لفظی ۹ اور عددی ۶۰۷ اور ان سب کو جمع کیا تو جمع طرح باقی حصہ کسیر واسطے الفت اور محبت کے یہ شکل ہے جو استخراج الف میں ہو چکا ہے۔ اسی طرح پر استخراج کرے اور بخور بھی روشن کرے مگر صدف بحری یعنی سیپی پر لکھے اور کنارے دریا کے دفن کرے یا مطلوب کو دھو کے پلائے مراد حاصل ہوگی۔ خواص حرف نہم طا کے بیان میں حرف طا اور اس سے منزل طرفہ منسوب ہے اور طا دقیقہ آتش کا ہے اور عدد رقمی ۹ ہیں اور لفظی ۱۰ اعددی ۵۳۵ ان سب کو جمع کیا جمع ۵۵۴ طرح باقی حصہ کسیر یہ عمل واسطے حاضر کرنے جذب روحانیت عالم انسانی بلوانا مسافرین کو اور حاضر کرنا روحانیات مجسم کا منزلوں اور دور کے شہروں سے اور بخور خوشبویات روشن کرے اور پوست آہو پر یا کاغذ سبز پر لکھے اور فتیلہ بنا کر چراغ میں روشن کرے اور اس عزیمت کو چالیس بار پڑھے

مثلث حرف طا یہ ہے

۱۸۴	۱۸۹	۱۸۱
۱۸۲	۱۸۵	۱۸۷
۱۸۸	۱۸۰	۱۸۶

حاضر ہوں گے اور روحانیاں حاضر ہونگی عامل کے پاس اگر عامل اقرار ان سے لیلے کہ ہم جب تم کو یاد کرینگے فوراً حاضر ہونا اور عزیمت یہ ہے یا شمخشال یا طھیطیال طال جعط یا مطیطال یا دعطھطیسال یا دخطیطال بالخصطال قسمت علیکم بالحروف الاعظم وصاحب المقام الاقوم والمحال الافخران تسمعوا وتطیعوا وتجیبوا الداعی وتسمعوا قولی وبلغوا ما ارید الی وما ارید کیف ما ارید وتضع ما اودت من الافعال اور اگر تو چاہے کہ جو شخص غائب یا اسیر ہو اور اسکو طلب کرے یا مال مسروقہ کو یا کوئی چیز غائب یا پوشیدہ ہو اس کو حاضر کر سکتا ہے مگر شیخ محمد بن عبداللہ مغربی عامل کامل فرماتے ہیں کہ عمل طا کا وصل مطلوب کا طالب سے کرا سکتا ہے اگر قسم انسان ہے تو اسمیں بہت اسرار پوشیدہ ہے فقط خواص حرف یا کے اور یہ شکل مثلث کی دسویں ہے اور یا حرف پر منزل قمر کے جبہ اور یا دقیقہ خاک کا ہے اور عدد رقمی ۱۰ ہیں اور لفظی ۱۱ اور عددی ۵۰۵ ان سب کو جمع طرح باقی حصہ کسیر اور طریقہ حرف مثلث یا ہے اسکے عمل

۱۹۸	۲۰۳	۱۹۵
۱۹۶	۱۹۹	۲۰۱
۲۰۲	۱۹۴	۲۰۰

جیسا کہ بیان الف میں ہو چکا ہے وہی ہے طالع وقت سے اسم طالب اور مطلوب استخراج کرکے اور اس مثلث کو پوست سگ یا گربہ ہو تو بہت مناسب ہے۔ والا چمڑے پر مثلث کو لکھے اور اگر اس مثلث کے چالیس حرف یا لکھے اور لفظ عداوت اور خصومت کے عدد لیکے اسکے حرف بنائے اور جمع کرے اور موکل اس کا تیار کرے اور طالب مطلوب کی دو تصویریں کھینچے اور تصویر مذکور کے سر پر موکل کا نام لکھے اور دوسری تصویر کے سر پر عدد موکل کے لکھے اور تصویریں اس طرح پر ہوں کہ دونوں کی پشت ملی رہے اور ایک کی طرف سے دوسرا روگردان ہو اور دشمن کے مکان میں دفن کرے کہ جہاں دونوں کی نشست و برخواست ہوئے دونوں شخصوں میں عداوت تا زندگی رہے یہ عمل اسرار غیب سے ہے۔ خواص حرف کاف کے اور یہ شکل گیارہویں ہے اور منزل زہرہ سے منسوب ہے اور کاف دقیقہ ہوا کا ہے اور عدد رقمی ۲۰ اور عدد لفظی ۱۰۱ اور عددی ۶۳۰ ہیں ان سب کو جمع کیا جمع طرح حصہ کسیر یہ عمل واسطے تسخیر قلوب کے ہے اگر ایک ہو تو مثلث حرف کاف یہ ہے۔

۲۴۹	۲۵۵	۲۴۷
۲۴۸	۲۵۰	۲۵۳
۲۵۲	۲۴۶	۲۵۱

اسم ایک مطلوب کا لکھے والا تمام مخلوقات کو مطلوب لکھے اور اسم رفعت جاہ اور مراتب جیسا اسکا طلب ہے اسم موکل کا زائل عائیل اور عدد جمع اور نقش مثلث لکھے اور دست راست پر نام موکل کا لکھے اور نقش کے دست چپ پر عدد موکل کو لکھے اور اگر اس مثلث کے چالیس کاف لکھے بقیہ مرغ پر اور بقیہ مذکور کو اپنے ساتھ رکھے تمام مخلوقات رجوع کرے بالذات عامل کے اور حرمت و عزت دو چند کریگی۔ نقش مثلث میں اسرار الٰہی ہے اور عجائبات بے شمار ہیں۔ خواص حرف لام کے اور منزل [illegible] سے متعلق ہے اور یہ دقیقہ پانی کا ہے اور عدد رقمی ۳۰ عدد اور لفظی [illegible]

[illegible]

[illegible] حاجات و التفات اور کل ذی منصب کے اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ جس وقت [illegible]

مثلث حرف لام یہ ہے

۳۹۶	۴۰۲	۳۹۳
۳۹۵	۳۹۷	۴۰۰
۴۰۱	۳۹۲	۳۹۸

درجۂ شرف میں ہوئے ایک لوح طلائی یا نقرہ کی تیار کر کے یہ
نقش اسپر لکھے اور گرد مثلث کے یہ حرف لکھے ل ل ل اج
ل اور پشت لوح پر ایک تصویر مرد کی کہ اوپر کرسی کے بیٹھا
ہوا ہے بنائے اور اسکے سر پر چار لام لکھے اس صورت پر لل لل اور عدد اسم رفعت
اور جاہ کے استخراج کر کے حرف بنائے اور نام مؤکل کا لکھے اور دست راست کو صورت کے
اعداد لکھے اور دست چپ کو اعداد نام مؤکل کے لکھے اور عامل اس لوح کو اپنے پاس رکھے
درجۂ بزرگی اور رفعت اور جاہ و جلال کو پہونچے گا اور روز بروز ترقی اس شخص کی ہوگی
اور ہمیشہ فرح و سرور میں رہے گا اور اس شخص کا نام تمام خلق اللہ میں مشہور ہوگا اور
تمام طرف سے رزق رجوع کریگا مگر واسطے تحصیل رزق کے جو اعداد اس ملک کے ہیں
مطابق اعداد کے اسم مزمل پڑھے پس فصیل ارزاق اور اسباب کی ہر طرف سے ہوگی
خواص حرف میم کے اور یہ شکل تیرھویں ہے اور اسی سے منزل عوا تعلق رکھتی ہے۔ میم
ثانیہ آتش کا ہے اور عمل اس کا واسطے طلب ملک اور مکان اور ولایت کبریٰ کے
اور عدد رقمی ۴۰ اور لفظی ۹۰ اور عددی ۳۳۳ ان سب اعداد کو جمع کیا تو جمع طرح باقی (۴۶۳ ۱۲ ۴۵۱)
اور حصہ کسر (۱۵۰) اور طریقہ اسکے عمل کا یہ ہے جسوقت آفتاب شرف میں ہوئے اول درجہ
۱۹ پر اسی وقت شروع کرے ایک نگینۂ بلور کی خوب صاف

مثلث حرف میم یہ ہے

۱۵۳	۱۵۹	۱۵۱
۱۵۲	۱۵۲	۱۵۷
۱۵۸	۱۵۰	۱۵۵

ہو اور اس پر یہ نقش مثلث لکھے یا کندہ کراوے، اگر
آفتاب نحوست سے سالم ہوئے اور پشت پر لوح کے
ایک تصویر مرد کھڑے ہوئے کی اور اس تصویر کے سر پر تین میم لکھے چنانچہ صورت
یہ ہے مممم اور صورت طلسمات کی ہاتھ میں مرد مذکور کے ہوئے
اور اسم مؤکل کا طرف دست راست کے ہو اور عدد مؤکل کے طرف دست چپ کے
ہویں تو عامل اپنی مراد کو پہونچے گا اور ترکیب مؤکل بنانے کی اوپر بیان ہو چکی ہے
اور لوح بلور کی پارچۂ ریشمی میں لپیٹ کر اپنی پگڑی میں رکھے خواص حرف نون کے
اور یہ شکل مثلث کی چودھویں ہے اور حرف نون منزل سماک سے منسوب ہے، اور

یہ ثانیہ خاک کا اور عدد رقمی ۵۰ اور عدد لفظی ۱۰۶ اور عددی ۶۰، ہیں اور ان کو جمع کیا۔ تو
جمع طرح باقی حصہ کسر حاصل اسکے عمل کا یہ ہے کہ واسطے حصول مقاصد مال اور دولت (۲۱۶ ۱۲ ۹۰۴ ۳۰۱)
کے اور طریقہ عمل کا یہ ہے کہ ایک چمڑے یا کپڑے پر لکھے یا چاندی کے ورق پر مشک و زعفران
سے لکھے اور گرد مثلث کے چالیس نون لکھے عامل اس کا ہمیشہ

مثلث حرف نون یہ ہے

۳۰۴	۳۱۰	۳۰۲
۳۰۳	۳۰۵	۳۰۸
۳۰۹	۳۰۱	۳۰۶

کو مسرور رہے اور فرح میں رہے اور طرح طرح کی نعمتیں ام
عامل کو پہونچیں اور استاد سید الطلیل آصف بن برخیا فرماتے
ہیں کہ عمل واسطے جلب قلب محبت کے آدمیوں کو اپنی طرف
رجوع کرے اور تمام خلق اسکی اطاعت کرے۔ خواص حرف س کے اور حرف سین منزل
غفرہ سے منسوب ہے اور ثانیہ ہوا کا ہے اور عدد رقمی ۶۰ اور لفظی ۱۲۰ اور عددی ۵۲۰
ان سب کو جمع کیا جمع طرح حصہ کسر (۲۲۹ ۱۲ ۱) اور اس عمل سے تمام مخلوقات رجوع کرے اور
خلقت روحانی کو اس سے کھینچتی ہے اور درمیان جمیع مخلوقات

مثلث حرف سین یہ ہے

۲۳۲	۲۳۸	۲۳۰
۲۳۱	۲۳۳	۲۳۶
۲۳۷	۲۲۹	۲۳۴

کے محترم ہو۔ اس مثلث کو روٹی پر لکھے یعنی روٹی کو گوند
اور بالچھڑ اور ناگرموتھا کے پانی میں بھگو کر ایک قرص تیار
کرے اور اس نقش مثلث کو لکھے اور اس قرص کی پشت پر نام مطلوب اور اسم ابجد لکھے
اور حروف جمع کرے ایک اسم مؤکل کا تیار کرے اور بخور خوشبو آتش پر جلاوے اور فلیتہ
روئی کا تیار کر کے چراغ میں روشن کرے روغن گاؤ اور شہد میں پڑھے یا سین یا سین
یا مؤکل فلاں بحق یا سین مطلوب ایک ساعت کے عرصہ میں پیش طالب حاضر ہوگا
مگر ابو عبد اللہ مغربی فرماتے ہیں کہ قرص مذکور کو زمین میں دفن کرے مگر ترکیب اول
صحیح ہے۔ خواص حرف عین کے یہ منزل زبانہ سے منسوب ہے ثانیہ پانی کا ہے عدد
رقمی ۷۰ اور عدد لفظی ۱۳۰ عددی ۱۹۲ مجموع اس کا ۳۹۲ طرح ۱۲ باقی ۳۸۰ حصہ ۱۲۶
کسر ۲، اور تصرف اس عمل کا یہ ہے حرکات و امساک الریاح مگر عمل اس کا اس
روز کرنا چاہیے کہ منزل زبانہ ہو تو تاثیر بہت ہے خواص حرف خا کے اس سے منزل
اکلیل منسوب ہے اور عمل اس کا واسطے عداوت اور خصومت کے یہ ثالثیہ

مثلث حرف عین یہ ہے

۱۳۰	۱۳۵	۱۲۷
۱۲۸	۱۳۱	۱۳۳
۱۳۴	۱۲۶	۱۳۲

آتش کا ہے اور عدد رقمی ۷۰ لفظی ۱۳۰ عددی ۶۵۱ سب کو جمع کیا جمع ۸۵۱ طرح ۱۲ باقی ۸۳۹ حصہ ۲۶۹ کسر ۲ طریقہ عمل کا یہ ہے کہ پارچہ یا چمڑے پر نقش مثلث اور جمع عدد کو معکوس طرف دست چپ کے لکھے چنانچہ عدد ۸۱۳۱ اور پشت کے لکھے اور اسم مطلوب کے اور لفظ عداوت اور خصومت اور بغض کو لکھے اور اسکے عدد استخراج کرکے حروف بنا کے اسم ملائک کا لکھے اور بخور موافق عمل کے کرے اور جس مکان میں ان سب شخصوں کی نشست ہوتی ہے اس مکان میں دفن کرے درمیان ان شخصوں کے عداوت و خصومت پیدا ہوگی نہایت درجے کی خواص حرف صاد کے اس سے منزل قلب منسوب ہے اور مثالثہ خاک کا ہے اور عدد رقمی ۹۰ اور لفظی ۹۵ عددی ۵۹۰ ہیں ان سب کو جمع کیا تو یہ جمع ۷۷۵ طرح ۱۲ باقی ۷۶۳ حصہ ۲۵۴ اور کسر خواص مثلث صاد کا یہ ہے کہ جو عورات کہ پوشیدہ حرام کاری کرتی ہیں اور یہ خوف ہے کہ حمل نہ رہے تو اس مثلث کو لکھے جس وقت قمر در عقرب ہوئے مکان خلوت میں دفن کردے حمل زنا کار عورت کے نہ رہیگا۔

مثلث حرف ظا یہ ہے

۲۷۰	۲۷۵	۲۶۷
۲۶۸	۲۷۱	۲۷۳
۲۷۴	۲۶۶	۲۷۲

مثلث حرف صاد یہ ہے

۲۵۷	۲۶۳	۲۵۵
۲۵۶	۲۵۸	۲۶۱
۲۶۲	۲۵۴	۲۵۹

خواص حرف قاف کے یہ ہیں اس کا منزل شولہ سے تعلق ہے اور مثالثہ ہوا کا ہے اور عدد رقمی ۱۰۰ لفظی ۱۸۱ عددی ۵۶ ہم سب کو جمع کیا جمع ۷۳۴ طرح ۱۲ باقی ۷۲۲ حصہ ۲۴۰ کسر ۲ اس شکل مثلث کو واسطے مرض صرع یعنی مرگی اور درد شقیقہ یعنی کنپٹی کے لکھے اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ اس نقش مثلث کو چمڑے پر لکھے اور بعد اسکے پشت پر مثلث کے ان موکلوں کا نام لکھے اور عدد استخراج کر کے جمع کرے اور حرف ملک کا نام موکل لکھے پشت پر اور مرض کی جگہ پر باندھ دے صحت ہو جائیگی اور شیخ محمد ساجرونی مغربی فرماتے ہیں کہ واسطے جذب کرنے ان مضمون کے اس طلسمات کو ہمراہ مثلث کے لکھے

مثلث حرف قاف یہ ہے

۲۴۵	۲۵۰	۲۴۲
۲۴۳	۲۴۶	۳۸
۲۸۵	۲۸۰	۲۴۷

مثلث حرف را یہ ہے

۳۰۳	۳۰۸	۳۰۱
۳۰۲	۳۰۴	۳۰۶
۳۰۷	۳۰۰	۳۰۵

خواص حرف را کا یہ ہے اور منزل نعائم اس سے منسوب ہے اور مثالثہ آب کا ہے اور عدد رقمی ۲۰۰ لفظی ۲۰۱ عددی ۵۱۱ ان سب کو جمع کیا جمع ۹۱۲ طرح ۱۲ باقی ۹۰۰ حصہ ۳۰۰ اور خواص اس نقش مثلث کا واسطے حفاظت حمل کے اور خلاصی قیدی کے سریع التاثیر ہے چاہئے کہ اس مثلث کو اوپر چمڑے کے مشک زعفران اور گلاب میں حل کرکے لکھے اور اس نقش کو حاملہ اپنے پاس رکھے حمل ہرگز نہ گریگا اور یہ نقش ہمیشہ حاملہ اپنے پاس رکھے اور وقت ولادت کے شکم سے کھول لے اسی وقت لڑکا پیدا ہوگا اور آصف بن برخیا فرماتے ہیں کہ جس وقت حاملہ اس نقش کو شکم سے کھولے گی اسی وقت لڑکا تولد ہو جائیگا اور اگر محبوس کو یہ نقش لکھ کر دیوے تو محبوس قید سے خلاصی پاویگا خواص حرف شین کا یہ ہے اور منزل بلدہ کی اس کو منسوب ہے اور رابعہ آتش کا ہے اور عدد رقمی ۳۰۰ اور لفظی ۳۶۰ و عددی ۱۴۹۲ اور ان سب کو جمع کیا جمع ۲۱۵۲ طرح ۱۲ باقی ۲۱۴۰ حصہ ۷۱۳ کسر اور طریقہ اس نقش مثلث کا یہ ہے کہ جس وقت قمر منزل سعد پر ہو اور مشتری اپنے شرف میں ہو اور تحت الشعاع نحوست سے سالم ہو تو لکھے اس نقش مثلث کو اوپر تختی قلعی کے اس لوح کو جو شخص اپنے پاس رکھے وہ تمام امرا اور ملوک اور حکام کے نزدیک جلیل القدر ہو اور قدر و منزلت بڑی ہو پاس حکام کے اور تمام مخلوقات میں خواص حرف تا کے اور یہ حرف متعلق منزل ذابح کے ہے اور رابعہ خاک کا ہے عدد رقمی ۴۰۰ لفظی ۴۰۱ عددی ۳۴ مجموع ۱۵۳۵ طرح ۱۵ باقی ۲۳۱۲ حصہ ۵۰۷ کسر ۲ یہ نقش مثلث واسطے سانپ اور بچھو اور کھٹمل اور مچھر اور چیونٹی جو کہ حشرات الارض مکان میں رہتے ہوں اور آدمیوں کو ایذا پہونچاتے ہوں پس اس مثلث کو لکھے اور گھر میں دفن کرے طریقہ اس کے لکھنے کا یہ ہے کہ مثلث اوپر سفال آب نارسیدہ کے لکھے اور جو کہ حشرات الارض

مثلث حرف شین یہ ہے

۷۱۶	۷۲۲	۷۱۴
۷۱۵	۷۱۷	۷۲۰
۷۲۱	۷۱۳	۷۱۸

مثلث حرف تا یہ ہے

۵۱۱	۵۱۶	۵۰۸
۵۰۹	۵۱۲	۵۱۴
۵۱۵	۵۰۷	۵۱۳

تکلیف دیتے ہیں انکا نام علیحدہ لکھے اور عدد استخراج کرے اور انکے حرف بنائے اور نام ایک موکل کا لکھے اور تصویر ان جانوروں کی اس نقش کی پشت پر لکھے اور موکل کو لکھے اور اس نقش کو دفن کرے اور اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا گم ہو گیا ہو تو نقش مثلث کو لکھے اور اس شخص کے نام کے عدد لکھے اور حرف کر کے نام موکل بناوے اور ایک تصویر اس شخص کی کھینچ کر کے اس تصویر کے سر پر نام لکھے اور دفن کرے وہ شخص جلدی خود بخود مالک کے پاس حاضر ہوگا مجرب ہے۔ خواص حرف ثا کے اور اس سے منزل بلغ متعلق ہے اور رابعہ ہوا کا ہے اور عدد رقمی ۵۰۰ اور لفظی ۵۰۱ اور عددی ۱۱۶۱ اور انکو جمع کیا۔ جمع ۲۱۶۲ طرح ۱۲ باقی ۲۱۵۰ حصہ ۷۱۶ کسر ۲ اور خواص اسکا یہ ہے کہ جس گھر میں جن یا شیاطین یا خبیث یا گفتار اور موذی کا گذر ہوئے یا اذیت اور تکلیف پہونچاتا ہے رہنے والوں کو یا کوئی اعضا انسان کا بیکار کر دیا ہو تو طریقہ اسکے دفع کا یہ ہے کہ ایک لوح قلعی کی لیکر لوہے کے قلم سے اس مثلث کو لکھے اور گھر میں لوح کو دفن کر دے تمام تکلیف دینے والے اس مکان سے بھاگ جائیں گے۔

حرف مثلث ثا یہ ہے

۷۸۶

۷۲۰	۷۲۵	۷۱۷
۷۱۸	۷۲۱	۷۲۳
۷۲۴	۷۱۶	۷۲۲

خواص حرف خا کے منزل سعود سے تعلق رکھتا ہے اور رابع پانی کا اور عدد رقمی ۶۰۰ لفظی ۶۰۱ و عددی ۹۲۱ ان سبکو جمع کیا جمع ۲۱۲۲ طرح ۱۲ باقی ۲۱۱۰ حصہ ۷۰۳ کسر ۱ خواص اس شکل مثلث کا یہ ہے کہ اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آوے تو اس نقش مثلث کو زعفران سے چمڑے پر لکھے اور گرد میں مثلث کے حرف خ کے چالیس لکھے اور حامل اپنے سر پر پگڑی میں رکھے تمام مشکلات حل ہو جائیں گی۔ اور ہمیشہ شاد و مسرور رہے گا۔

حرف مثلث خا یہ ہے

۷۸۶

۷۰۶	۷۱۲	۷۰۴
۷۰۵	۷۰۷	۷۱۰
۷۱۱	۷۰۳	۷۰۸

خواص حرف ذال کے اور منزل اجنبیہ اس سے تعلق رکھتی ہے اور خامسہ آتش کا ہے اور عدد رقمی ۷۰۰، لفظی ۷۳۱، عددی ۵۹۱ سب کو جمع کیا جمع ۲۰۲۲ طرح ۱۲ باقی ۲۰۱۰ حصہ ۶۷۰۔ اور خواص اس مثلث کا واسطے محبت کے سفال آب نارسیدہ پر مثلث کو لکھے اور پشت پر مثلث کے صورت مطلوب

کی لکھے اور اسم مطلوب اور طالب کے اعداد بنا کر اسکے حرف بنائے اور موکل بناوے اور تصویر کے سر پر نام موکل لکھے اور اس سفال کو طالع وقت آتشی میں دفن کرے انشاء اللہ تعالیٰ مراد طالب حاصل ہو گی۔ خواص حرف ضاد کے اور منزل اسکی مقدم ہے اور خامسہ خاکی کا ہے اور عدد رقمی ۸۰۰ اور لفظی ۸۰۵ اور عددی ۱۰۶۲۔ ان سب کو جمع کیا۔ جمع ۲۶۶۷ طرح ۱۲ باقی ۲۶۵۵ حصہ ۸۸۵ اور تصرف اس کا مانند صاد ہے۔

مثلث حرف ذال یہ ہے۔

۷۸۶

۶۷۳	۶۷۸	۶۷۱
۶۷۲	۶۷۴	۶۷۶
۶۷۷	۶۷۰	۶۷۵

خواص ظا کے اور منزل اسکی مؤخر ہے اور خامسہ ہوا کا اور عدد رقمی ۹۰۰ لفظی ۹۰۱ عددی ۹۹۱ سب کو جمع کیا تو یہ جمع ۲۷۹۲ طرح ۱۲ باقی ۲۷۸۰ حصہ ۹۲۶ کسر ۲ ایک عدد زیادہ کیا خواص اس مثلث کے واسطے تسخیر حکام و ملوک و وزرا و امرا کہ مزاج ان کا جلال پر ہو۔ اور طریقہ اسکے عمل کا یہ ہے کہ ایک قطعہ پولاد جو خوب صیقل کیا ہوا ہو اس پر مثلث لکھے اور جو شرائط کہ الف میں بیان ہو چکے ہیں وہ تمام استخراج کرے اور درست کر کے لکھے لوح کی پشت پر ایک تصویر مرد کی اور اسکے ہاتھ میں یہ طلسم دے مسمط ح وح صر صر ص ۲۲ اور وہ تصویر کھڑی ہو اور ہاتھ میں عصا ہو اور گرد تصویر کے چالیس حرف ظا لکھے اور حامل اس لوح کو اپنی پگڑی میں رکھے اور دربار میں حاضر ہو ملوک و وزیر اور امرا و حاکم وقت حامل کے ساتھ قدر و منزلت سے پیش آوینگے جسوقت نظر اسکی صورت پر پڑے۔

شلث حرف ضاد یہ ہے

۷۸۶

۸۸۸	۸۹۳	۸۸۶
۸۸۷	۸۸۹	۸۹۱
۸۹۲	۸۸۵	۸۹۰

خواص حرف ظا یہ ہے

۷۸۶

۹۳۰	۹۳۵	۹۲۷
۹۲۸	۹۳۱	۹۳۳
۹۳۴	۹۲۶	۹۳۲

خواص حرف غین کے اور اس سے منزل رسا تعلق رکھتی ہے اور خامسہ پانی کا ہے اور عدد رقمی ۱۰۰۰ ہیں اور لفظی ۱۰۶۰ اور عددی ۱۱۱ جمع ۲۱۷۱ طرح ۱۲ باقی ۲۱۵۹ حصہ ۷۱۹ کسر ۲ اور خواص اس مثلث کا حاصل ارزاق اور اموال اور کسب معاش اور زیادتی باغ اور زراعت اور کشت اور باغ میں درختوں کا ہونا اور طریقہ اسکے عمل کا یہ ہے کہ موم خام زرد قریب آدھ پاؤ کے گرم کر کے مثل روٹی کے بڑا قرص بنائے

شلث حرف غین یہ ہے

۷۸۶

۷۳۳	۷۲۸	۷۲۰
۷۲۱	۷۲۴	۷۲۶
۷۲۷	۷۱۹	۷۲۵

اور اُسپر یہ مثلث حرف عنین کا لکھے موافق استخراج الف کے تمام کر کے اور امتزاج دے کر حروف علیحدہ تیار کرے اور نیچے مثلث کے لکھے اور پشت پر مثلث کے یعنی دوسری طرف ایک تصویر مرد کی کہ بیٹھا ہوا ہو اور گرد تصویر کے چالیس حرف عنین کے لکھے اور بعد اسکے ایک کوری ہانڈی میں یہ قرص مثلث رکھے اور پانی سے بھر دے اور ہانڈی مذکور کو اپنے گھر میں معلق لٹکا دے اور بعد ہفتے کے پانی روز تازہ دیتا رہے تاکہ پانی خشک ہونے پاوے تو ہر چہار طرف سے رزق کی آمد ہوگی روپیہ اشرفی وغیرہ اور اگر باغ یا زراعت میں برکت چاہے تو اس قرص کو ایک ہانڈی میں رکھے اور کنارے باغ یا کھیت کے دفن کر دے انشاءاللہ تعالےٰ محاصل کثیر پیدا ہوگا۔ مجرب ہے۔

باب پندرھواں بیان اعمال حکیم افلاطون میں شامل اور پانچ فصلوں کے

طرح ۱۲ تتمہ ۱۰۳ حصہ ۲۵ کسر ۲ ربع حصہ ۲۰۰ نقش مربع دوہرا ابھرے اور ہر خانے میں چار چار عدد زیادہ کرتا جاوے اور اس نقش کو ساعت زہرہ یا مشتری میں پر کرے اور نظر تثلیث یا تسدیس

۲۵ / ۲۸۸	۷۸ / ۳۴۰	۶۶ / ۳۲۸	۵۳ / ۳۱۶
۷۰ / ۳۳۲	۴۹ / ۳۱۲	۲۹ / ۱۹۲	۷۳ / ۳۳۶
۴۵ / ۳۰۸	۵۸ / ۳۲۰	۸۶ / ۳۴۸	۳۳ / ۲۹۶
۸۲ / ۲۴۴	۳۷ / ۳۰۰	۴۱ / ۳۰۴	۶۲ / ۳۲۴

زہرہ یا مشتری میں عمل کرے اور بخور خوشبو وغیرہ جلاوے اور ایک فتیلہ تیار کرے باشرائط تمام سات روز اس عمل کو بجالاوے اور ۲۷ فتیلے تیار کرکے ہر روز

روشن کرے عمل جفر سے یہ قاعدہ ہے کہ تمام حروف عمل کے شمار کرے اور اس طرح کے تمام حروفات اور پر چار عناصر کے تقسیم کرے پس معلوم کرے کہ کون سا عنصر غالب ہے اگر غالب ہے تو ایک ہفتہ میں مراد حاصل ہوگی اور اگر عنصر ہوا کا غالب ہے تو مراد دو ہفتے [illegible] ہوگی۔ اور اگر آب غالب ہے تو مراد تین ہفتے میں حاصل ہوگی اور [illegible] وسائل کی چار ہفتے میں حاصل ہوگی اس عمل [illegible] کہ چار ہفتے میں مراد حاصل ہوگی [illegible] کا ۷ روز میں ہو [illegible] ہیں اور ۲۸ منزل کی سیر کر [illegible] ہے اگر چار ہفتے اس فتیلے کو روشن کرے [illegible] ہو اور مکان خالی ہو کہ کوئی غیر اس جا پر نہ جاوے [illegible] سلا کے فتیلہ روشن کرے۔ چراغ تانبے کا [illegible] مطلوب کا تصور کرے اور آپ مقابلے میں [illegible] مطابق شمار حروف کے یا شمار [illegible] کے مطلوب اگرچہ قلعہ آہنی میں [illegible] ہوگا تو بھی حاضر ہوگا اس [illegible] کو نااہل سے پوشیدہ رکھے عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم [illegible] علیکم واقسمت علیکم یا ایھا الارواح المسخرون من بسط عدد الحروف الشریفۃ یا فائیل یا کبائیل یا ذکائیل یا دکبائیل مقلب القلوب والمودۃ والمحبۃ محمد بن آمنہ فی قلب علی بن فاطمہ بحق یا مقلب القلوب الواجب البشیر الھادی یا حبیب یا لطیف یا عزیز یا ودود یا ایھا الاعوان یا ہکیموش یا شکیموش یا نکیموش یا یثیموش احرقوا القلب والفواد والنفس وجمیع جوارح البدن علی بن فاطمۃ بالمحبۃ والمودۃ محمد بن آمنہ بحق لا الہ الا اللہ مقلب القلوب

الواجب البشیر الدائم المجیب اللطیف العزیز الدائم العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا اور طریقہ نقش وحروف آتشی علوی وسفلی کا بطریق مذکور مربع میں لکھے اور اس کو آتش میں دفن کردے اور مربع بادی کو درخت میوہ دار میں لٹکادے اور اگر اس کا پھل میٹھا ہو اور بانی کا مربع دریائے رواں میں ڈال دے اور خاکی کو خوابگاہ محبوب میں دفن کرے مگر جس وقت تثلیث زہرہ سے مشتری کے ساتھ یا تسدیس ہو یا قران ہو یا مربع کی نظر زہرہ سے ہو یا قمر کی نظر زہرہ یا مشتری سے یہ نظریات بہت اکسیر ہیں اور یہ عمل مجرب وآزمودہ میرا ہے اور یہ عمل خاص جناب معصوم علی شاہ صاحب کا تھا۔ یعنی شاہ صاحب ممدوح خود مغرب سے حاصل کرکے لائے تھے اور اس عمل کو نہایت عزیز رکھتے تھے۔ مگر میں نے بارہ برس جناب شاہ موصوف کی خدمت کرکے حاصل کیا اور علاوہ اسکے اور بھی بہت سے اعمال حاصل ہوئے جو کچھ جناب شاہ صاحب موصوف سے حاصل ہوئے وہ سب اس کتاب میں لکھے جس برادر اور مومن کو اس سے فیض پہونچے بدعائے خیر یاد فرماوے اور ایک عمل بندے کے پاس ہے وہ بھی بیان کرتا ہوں۔

معلوم کرنا چاہئے کہ میرے پاس ہزاروں آدمی آتے تھے ہر ایک مطلب کے واسطے ایک روز ایک بی بی ضعیفہ میرے گھر شب کو تشریف لائیں اور نام ان کا رحمت بی بی تھا اس خاکسار سے بامنت کہنے لگیں کہ میرا روئی کا ٹھکانا کہیں نہیں۔ ایک میری لڑکی ہے سو چند سال کا عرصہ گذرا کہ اسکی شادی کردی اب ماشاءاللہ سے دو نواسے میرے ہیں میں اپنی لڑکی کے پاس رہتی تھی آج دو ہفتے کا عرصہ گذرا کہ میرا داماد مجھ پر خفا ہوا اور اپنے گھر سے نکال دیا میں گھر بہ گھر پھرتی ہوں۔ سوائے خدا کی ذات کوئی میرا نہیں ہے برائے خدا ورسول خدا میں یہ بات چاہتی ہوں کہ میرا داماد مجھ کو بامنت لے جاوے یہ کام خدا کی راہ کا ہے اور اب میں حکیم عسکری کے گھر میں ہوں۔ مجھ کو رحم آیا اور میں نے رحمت بی بی کی خدمت میں

عرض کیا کہ تمہارے داماد کا کیا نام ہے اس نے کہا میر انور علی اور انکی والدہ کا نام محمدی ہے میں نے کہا کہ ایک کپڑا میر انور علی کا لاؤ کہ جسمیں پسینا لگا ہو چنانچہ ایک کرتے کا میلا پسینہ لگا ہوا اس خاکسار کے پاس لائیں روز پنجشنبہ کو یہ تعویذ اس کپڑے پر لکھدیا اور فتیلہ کرکے کورے چراغ میں روشن کردیا تین روز فتیلے کو رات دن روشن رکھا کچھ اثر نہ ہوا وہ بی بی پھر آئی اور عجز وانکساری کرنے لگی خاکسار نے پھر روز پنجشنبہ کو اول ساعت میں مشتری کی لکھا اور روغن گاؤ اور شہد م... یہ فتیلہ روشن کیا اور خوشبو جلائی برو... تھا کہ داماد اس کا حکیم عسکری کے گھر میں آیا اور اس ضعیفہ ... نہایت کرکے اور قدموں پر سر دھر کے اپنے گھر لے گیا اور ر... لیکن بعد ایک ہفتے کے خاکسار کے پاس آئی اور تمام کیفیت بیان کی مگر اس ایام میں میرے شوق کی ابتدا تھی پس اس روز سے مجھے زیادہ شوق ہوا اور جناب شاہ صاحب یعنی حضرت معصوم شاہ صاحب مرحوم ومغفور کی خدمت میں رہ کر اس علم کی طرف رجوع کی۔ نام طالب بی بی رحمت بنت اللہ رکھی مطلوب میر انور علی ابن محمدی فتیلے کے نیچے لکھدیا اس طرح پر کہ جو زیر تعویذ لکھا ہے۔ دوسری ترکیب جو کوئی شخص چاہے کہ مہربانی سلاطین یا امرا کی مجھ پر رہے جس وقت نظر تثلیث زہرہ یا مشتری کی ہوئے اعداد اسم طالب اور اعداد مطلوب کے استخراج کرے اور اعداد اس آیت کے وَ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اور اعداد اس آیت کے یہ ہیں وقت ہمراہ اسم طالب اور مطلوب اور نقش مربع لوح پر طلا کے کندہ کرادے اور نام طالب مع مطلوب اور اسماء الحسنیٰ

وہ تعویذ یہ ہے

ملح ۳	۷ هون	سلح ۸	۱۲ ملحد
کملخ ۱۰	بدیع احمر	امسا۱۳	۱۱ ج
طاس ۵	۴ سلح	۹ سلح	۱۱۱ ملح

میر انور علی ابن محمدی کو الفت اور محبت میں رحمت بی بی بنت اللہ رکھی کے جلد حاضر اور بیقرار کرکے اس کے قدموں پر ڈالدے، العجل العجل العجل۔

یا دَدُوْدُ ان تین کے اعداد ایک جا جمع کرے اور حرف بنائے جو کلمہ کہ حاصل ہوئے وہ اوپر سر لوح کے کندہ کرے اور یہ چار اسم ملائکہ ہیں ان کو پشت پر لوح کے کندہ کرے اور بخور جلاوے اور اپنے بازو پر باندھے اور آگے اس امیر کے جاوے عجائبات نظر آوینگے وہ ملائکہ یہ ہیں یا ملہیاپل یا مکیاپل یا اصباوٹ یا اھیا اور دوسرا عمل یہ ہے کہ پہلے لوح طلائی تیار کرے اور نام طالب و مطلوب کے اعداد جمع کرے اعداد اس آیت کے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ اور اعداد اس آیت کے یہ ہیں جمع ۱۲۰۶۔ ان دونوں اعداد کو ایک جا پر جمع کیا تو یہ ہوئے جمع ۰۰۰م اس کا نقش مربع بناوے اور لوح مذکور پر کندہ کرے اور پشت پر یہ نام لکھے یا کقیموپل یا علیقوپل اور اپنے پاس رکھے نظر میں بادشاہ یا حاکم یا امیر کے عزیز اور مکرم رہے۔ یہ عمل مولانا محمود شیرازی کا ہے واسطے مست خاں کے بنایا تھا خان مذکور اس قدر جاہ و جلال کو پہونچا کہ امارت فارس میں پائی۔

باب انیسواں جفر کے طریقوں شامل اور یہ دو فصلوں کے

فصل ۱۔ طریقۂ جفر خانیہ میں جس وقت کہ کوئی مہم پیش آوے یا کسی چیز میں دل حسرت کرتا ہوئے یا کسی دشمن نے تنگ کر رکھا ہو یا ہلاکت اسکی منظور خاطر ہوئے یا دولت یا نعمت درکار ہوئے یا کوئی مطلوب ہو اس کو چاہتا ہوئے اور طریقہ اس عمل کا یہ ہے اپنے مطلب کو ایک پرچہ کاغذ پر لکھے اور جو کہ مراد ہو لکھے اور حرف اس مراد کے شمار کرے کہ کتنے حرف ہیں موافق ان حروف مذکور کے اسمائے الٰہی استخراج کرے مثلاً اگر ایک حرف ہو تو ایک اسم الٰہی اور اگر دو ہوں تو دو اسم اس طریقے پر استخراج کرے اور دوسرا طریقہ استادوں سے یہ ہے اسکو معلوم کرنا چاہیے جو کچھ کہ سوال ہو اس کے حرفوں کو جدا جدا لکھے اور معلوم کرے کہ یہ جو مراد کے ہیں یہ کون کون اسمائے الٰہی میں سے ہیں ان اسماء کو مطابق اعداد جمل کبیر کے

اور مراد کے پڑھنا شروع کرے مراد حاصل ہوگی یہ عمل نہایت مجرب ہے مثال اسکی یہ ہے کہ اس شخص نے سوال کیا کہ میں گھوڑا طلب کرتا ہوں تو اسپ کے نام میں تین حرف ہیں یعنی الف اور سین اور پے اسمائے الٰہی یا ھادی یا دا یاسمیع یا تواب اسطرح پر استخراج کرے [illegible] اور عدد جمل کبیر اسمائے الٰہی کے یہ ہیں ۲۱۴ ۹۵ ۲۰۹ مراد ہو تو بعد نماز فجر کے پڑھے انشاء اللہ تعالے مراد حاصل ہوگی۔ اور دوسری مثال اسکی یہ ہے ایک شخص نے سوال نان [illegible] تو نان میں دو نون ہیں اور ایک الف بیچ ایک نون مکرر تھا اس کو [illegible] اور ایک نون باقی رہا تو دو اسماء استخراج کئے یا دا نی یا [illegible] پانچ سو سینتالیس بار پڑھے مراد حاصل ہوگی بہت مجرب اور [illegible] تمام کرنے اسماء کے درود پڑھے اور بعد ختم آخر دعائے مطلب کو درگاہ جناب باری سے ہاتھ اٹھا کر مانگے انشاء اللہ تعالےٰ وہ مراد حاصل ہوگی ضرور اور اسمائے استخراج کے حاصل کرنے کی صورت یہ ہے کہ ہر حرف کون سا ہے اگر الف ہو تو الف اور اگر یا ہو تو یا اور تمام اس قاعدے کے قیاس کرلے اور اسکا طریقہ پڑھنے کا یہ ہے معلوم کرے کہ پہلے حرف اسم کا کس عنصر سے تعلق رکھتا ہے شیخ ابو العباس بونی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شیخ احمد غزالی ارقم رحمۃ اللہ علیہ قاعدہ اختیارات میں فرماتے ہیں کہ اسم اعظم جناب باری تعالےٰ جل شانہٗ کا درمیان ان دونوں کے پوشیدہ ہے الف یا شہادہ و اللہ الموجودات الھنلوا الحنل الا اللہ الا انت یا احد یا اول یا آخر یا علیم یا کبیر یا ارحم الراحمین یا احکم الحاکمین یا احسن الخالقین یا اسرع الحاسبین یا اھل المغفرۃ یا بدیع السموات والارض یا باری یا باسط یا بسیط یا باطن یا باقی علی ذا القیاس جو اسم اول ہو اور اس حرف سے تعلق رکھتا ہو اسماء کو لاوے اور اوپر اس طریقے کے عزیت بنا کر پڑھے مراد حاصل ہوگی۔

فصل ۲. قاعدہ جفر احمر میں معلوم کرنا چاہیے کہ جفر احمر کا کیا طریقہ ہے اول مطلوب اور مقصود جو کچھ اس کے حرف ہوں ان کو علیحدہ علیحدہ لکھے اور تمامی کے اعداد لکھ کر جمع کرے اور اس عدد کی طرح اوپر ۱۲ بروج فلک کے کرے جو کہ ۱۲ سے کم ہے پس اسکو بروج حمل سے قسمت کرے جس برج پر منتہی ہو اس برج کو طالع اس عمل کا کرے اور صاحب طالع کون ستارہ ہے اور کون سے روز کا مالک ہے اس روز وہ عمل شروع کرے اور برج اور ستارہ کے معلوم کرنے کا اول کتاب میں حال بیان ہو چکا ہے اور طریق اسکے پڑھنے کا یہ ہے کہ جس روز عمل کی خواہش ہو اس روز اس کا استخراج کرے اور اسکے دوسرے دن کا مالک جو ستارہ ہو اُسپر عمل کرے مثلاً اگر روز شنبہ ہے تو روز زحل کا ہے اور اعداد زحل کے ۴۵ ہیں تو تین اسم کے اعداد ۴۵ ہوئے یعنی یَا حَیُّ یَا وَھَّابُ یَا اَحَدُ ان کو ہفتے کے دن پڑھے یہ اسم کے اعداد ہوئے اور زحل ستارے کے دو بروج ہیں ایک جدی اور دوسرا دلو ان دو برجوں سے زحل تعلق رکھتا ہے۔ اور برج جدی کے ۱۰ عدد ہیں۔ اور برج دلو کے ۴۰ عدد ہیں یا ودود یا ھادی ان دو اسم کے ۴۰ عدد ہوئے تو گویا روز شنبہ کو یہ اسم پڑھے یا حی یا وھاب یا احد یا ودود یا ھادی ایک سو دو مرتبہ پڑھے اور بخور زحل ستارے کا روشن کرے اور دوسرا روز یکشنبہ ہے اور مالک اس روز کا شمس ہے یا زکی یا مفرح اور اعداد برج اسد کے ۶۵ ہیں۔ اسم الٰہی یا دیان روز یکشنبہ میں ہوئے اور تیسرا روز یعنی دوشنبہ ہوا اور ستارہ اس روز کا قمر ہے ۲۴۰ عدد ہیں ان اسموں کو پڑھے یا مَلِکُ یا قدوس یا حبیب اور برج سرطان ہے ۳۰۲ یا قہار یا وھاب اگر روز سہ شنبہ ہو تو مریخ ستارہ مالک ہے ۵۰۰ عدد ہیں یا ودود یا مقتدر یا بدیع برج حمل اور عقرب یا حکیم یا مالک یارب یا حبیب اور اگر روز چہارشنبہ ہے تو اس روز کا مالک ستارہ عطارد ہے یا وھاب یا کریم یا جواد اور برج سنبلہ ۱۴۰ یا عَلِی یا حی یا وَلی اور اگر روز

پنجشنبہ ہے مالک اس روز کا ستارہ مشتری اسم الٰہی یا مُذِلُّ یا سَمِیعُ یا قُدُّوسُ یا عَزِیزُ یا بَاسِطُ اور بروج قوس اور حوت ۵۰۰ یا مُذلُّ یا سمیعُ یا قدوسُ یا عزیز یا باسط اسی طرح اسمائے الٰہی استخراج کرے۔

باب بیسواں بیان زکوٰۃ اسمائے الٰہی میں شامل اوپر دو فصلوں کے

فصل ۱. طریق زکوٰۃ مشایخوں میں معلوم کرنا چاہیے کہ علم تکسیر میں [illegible] اسمائے الٰہی درکار ہوتے ہیں مگر تھوڑا سا بیان چالیس اسمائے [illegible] جاتا ہے اور طریقہ استخراج کا یہ ہے کہ جو شخص ان کی دعوت [illegible] کے وہ شخص صاحب کشف القلوب اور کشف القبور ہو جائیگا اور سیف زبان [illegible] اسمیں کمال اسرار اور تاثیر ہے اور اسمیں اسم اعظم ہے اور جن شخصوں کو تعلیم کامل ہوتی ہے وہ شخص بدرجہ اولیاء اللہ کے اور ابدال اور غوث اور قطب کے پہونچتا ہے اور کرامات اس سے ظاہر ہوتے ہیں طریقہ شرائط دعوت کا بیان کیا جاتا ہے اور جو اس امر کے جویاں ہیں وہ شخص خوب خیال سے دریافت کرتے کرتے ہیں مثلاً اگر کوئی شخص اسمائے الٰہی کی دعوت کرے اور اسم کے بیس حرف شمار میں ہوں تو ہر حرف کو ہزار بار شمار کر کے پڑھے مثلاً بیس حرف کو بیس ہزار پڑھے اور بیس حرف کو بیس ہزار میں جمع کیا اور ۲۰ حرف کو اندر ۲۰ کے ضرب کیا ....۴۰ اور حاصل ضرب کو جمع کیا اس کو نصاب کہتے ہیں اور جو اس کو نصف کیا تو وہ زکوٰۃ اسم کی ہوئی اسکو نصف کیا تو اس کو عشرہ کہتے ہیں اور اول ۲۰ کے نصف کو قفل کہتے ہیں اس کے دس ہزار ہوئے اور دور دور کو برابر نصاب کے شمار کرے اور بذل کے سات ہزار اور ختم کے بارہ سو اس حساب سے اسم کو پڑھے اور درمیان اُس دعوت کے قفل بذل اور ختم اس طرح پر تمام اسمائے الٰہی کا بیان ہے مثلاً دعوت اسم اول کی یا ھمر ائیل یا ھمواٸیل بحق استجشا اور تفسیر اسمائے

الہیٰ کا یہ بیان ہے سبحانکؑ لا الٰہ الا انت یارب کل شیئ ووارثہؑ ورازقہ
دراحمہؑ درمیان اسم کے ۴۶ حرف ہیں بقاعدۂ مذکور استخراج عدد جمل کبیر اسم کے یعنی
۴۶ کو ۴۶ میں ضرب کیا تو یہ عدد ۲۱۱۶ ہوئے اور یہ ترکیب نصاب کی اور وہ یہ ۱۵۰۰۰
اور زکوٰۃ یعنی اسکے ۵۲۹۰۰ اور عشر و تفل ۱۰۰۰۰ اور دور مدور کے برابر نصاب کے
اور بذل ۷۰۰۰ اور ختم ۱۲۰۰ یہ پڑھے اور بعد اس نیت کے دعوت کے ۴۶ روز ہر روز
۴۶ ہزار بار پڑھے اس مثال سے تمام چالیس اسم کو تیار کرے ہرگز خطا نہ کرے گا۔
اب خواص اسمائے الہیٰ کے کہ ہر ایک اسم اعظم ہے اور خاصیت اسم اول کی بیان
کرتا ہوں ملاقات سلاطین اور پرورش دل اور دفع سرکشی محبوب اور میراث کا لینا
اور خاصیت اسم دوم کی واسطے تسخیر خلائق اور دفع تنگدستی اور رجوع دولت وحشمت
کے اور درجات علوی کا حاصل ہونا اور بر آنا۔ حاجت دارین کا اور کمال مشہور ہونا
خاصیت اسم سوم کی بر آنا حاجات کا اور تسخیر خلائق اور دفع مضرت یعنی نحوست
قمر کی اور کواکب کی اور دوست رکھنا خلق اللہ کا خاصیت اسم چہارم بر آنا حاجات
دارین کا اور محبت محبوب کی اور رجوع کرنا بادشاہ کا ف صاحب دعوت کے اور دفع
بدخوئی اور فریفتہ کرنا کسی کو اور پر کسی کے یا اپنے اوپر خاصیت اسم پنجم بر آنا حاجات
کا اور زندہ ہونا دل مردہ کا اور صحت بیمار کو خاصیت اسم ششم حصول ثبات حضوری
دل اور کشائش کارہائے مہم اور حاصل کرنا اسباب چوری گئے ہوئے کا۔
خاصیت اسم ہفتم واسطے دفع فکر و باطن اور ڈر اور خوف اور قہر دشمن وغیرہ کے
اور تسخیر بادشاہ اور خلائق کے اور حصول ذوق و شوق حق کے خاصیت اسم ہشتم
واسطے حصول استحکام عمل باطن و حکومت سلاطین پر اور واسطے ہر ایک کار کے
خاصیت اسم نہم واسطے بر آنے حاجات اور دفع خصائل بد اور محبت درمیان د
وزن کے۔ خاصیت اسم دہم بر آنا امورات دارین اور بر آنا حاجات اور عقد
لسان زبان بندی کرنا حاسدوں اور دشمنوں کی اور کشف ارواح اور راہ دکھلانا
حق کا۔

خاصیت اسم یازدہم بر آنا حاجات کا بادشاہوں کی طرف سے اور امداد کرنا وزراء کا اور
خلاصی پانا قرضداری سے اور تسخیر بادشاہ اور گدا کی اور تابع کرنا نفس امارہ کا۔
خاصیت اسم دوازدہم بر آنا حاجات کا اور دفع سحر اور برص اور جذام کا اور جو امراض
مہلک ہوں اور محفوظ رہنا جن اور کید شیطان اور انسان سے۔ خاصیت اسم سیزدہم
بر آنا ہول دل کا اور تسخیر جن اور شیاطین کی اور حاضر کرنا انسان کا۔ خاصیت اس
چہاردہم واسطے فراخی روزی اور کشائش رزق اور حصول رزق کے۔
خاصیت اسم پانزدہم ہلاکت دشمن اور خلاصی ظالم کے ہاتھ سے اور مو
معرفت حق کا۔ خاصیت اسم شانزدہم واسطے بینائی اور روشنی
کی لکنت سے پاک ہونا۔ اور اگر کان کی سماعت کم ہوگئی ہو تو اس کی ۔۔۔ سے شفا
پانا۔ خاصیت اسم ہفتدہم مخلصی پانا قرضداری سے اور ترقی روزگار کی اور مرض کا
دفع ہونا۔ خاصیت اسم ہیژدہم دفع بلاہا و رنج باطل کرنا جادو وغیرہ کا۔
خاصیت اسم نوزدہم حاضر کرنا غائب کا یا خبر معلوم کرنی • خاصیت اسم بستم حصول محبت حق تعالےٰ اور کسی کو تابع کرنا
خاصیت اسم بست ویکم تسخیر عالم الارواح علوی کی۔
خاصیت اسم بست ودوم تسخیر خلائق اور عاشق ہونا معشوق کا اور دولت علوی
مرتبے سے ظاہر ہونا اور دفع رجعت کواکب سے محفوظ رہنا۔
خاصیت اسم بست وسوم واسطے دفع پریشانی احوال ظاہری کے یا حاضر کرنا غائب کا۔
خاصیت اسم بست وچہارم واسطے تبولیت دلہا اور علوم ترتبہ دارین اور رجعت
اسم کواکب کے۔
خاصیت اسم بست وپنجم واسطے حصول غنا اور خصوصاً حاجات دونوں جہان کے
اور کشف عالم جبروت اور لاہوت اور تسخیر وغیرہ۔
خاصیت اسم بست وششم واسطے دفع اعدائے ظاہری اور باطنی اور زلزلہ اور
برق وباراں اور برکت کشت اور زراعت اور میوہ جات میں۔

خاصیت اسم بست و ہفتم ہزیمت لشکر بیگانہ اور دفع اعدا اور کشادگی آواز سینہ اور چوری کا نکالنا۔

خاصیت اسم بست و ہشتم واسطے علو درجات دارین اور قربت حق کے۔

خاصیت اسم بست و نہم واسطے مقہوری اعدائے ظاہری اور باطنی اور رو برو حاضر ہونے بادشاہوں اور حاکم جابر کے اور تسخیر عطارد کے۔

خاصیت اسم سی ام واسطے معرفت توحید و لطف حق تعالےٰ کے اور آسمان و زمین کے اور مہارت ظاہری و باطنی و دفع درد سر کے مفید ہے۔

خاصیت اسم سی و یکم واسطے تسخیر کوکب مشتری اور پانا مرتبہ عالی کا

خاصیت اسم سی و دوم موصوف ہونا ساتھ جمیع صفات کے حق تعالےٰ سے اور زندہ ہونا مردے کا بحکم خالق کے اور شفا پانا مریض کا اور خلاصی پانا ظالم کے ہاتھ سے۔ خاصیت اسم سی و سوم حصول مقاصد کونین و دفع اعدا اور مرتبہ حاصل ہونا۔ خاصیت اسم سی و چہارم زیادتی مراتب دارین و مقاصد کونین اور قطع اوصاف اور قبولیت عالم میں اور موصوف ہونا بصفات حق کے تسخیر کوکب زحل۔ خاصیت اسم سی و پنجم واسطے حصول علو درجات اور حصول مال وجاہ و فضل دارین اور مریخ کی تسخیر۔ خاصیت اسم سی و ششم واسطے حصول اطاعت ظالمان و حاسدان و بدکاران سے۔ خاصیت اسم سی و ہفتم واسطے مقاصد دارین کے۔ خاصیت اسم سی و ہشتم واسطے حصول مرادات اور زبان بندی بدگویان اور پیدا ہونے عجیب و غریب علوم اور حکمت وغیرہ کے۔

خاصیت اسم سی و نہم واسطے خلاصی محبوس اور شفا پانے مریض کے۔

خاصیت اسم چہلم محفوظ رہنا بدگو یوں سے اور کشف ہونا ۱۸ ہزار عالم پر اور معلوم کرنا تمام خیر اور شر مخلوقات کا اور رجوع کرنا خلائق کا۔ فصل ۲۔ بیان احوال دعوات حرفی میں معلوم کرنا چاہیئے کہ ہر حرف کو ایک بعد دوسرے کی تفصیل کی ہے ۲۸ حروف ابجد کے جو اصل میں ہیں اور ۱۲۸ اسمائے الٰہی ہیں ہر حرف کے ساتھ

منسوب ہیں اور ہر برج فلک پر ایک ایک روحانی ایک ایک حرف پر موکل ہے پس اسمائے الٰہی اور ۲۸ منزلیں قمر کی ہیں جیسا کہ پہلے اسکے ابجد میں اس کا ذکر ہو چکا ہے جو کچھ کہ عالم میں ہے ان اسمائے الٰہی کا ظہور ہے ملک اور باطن ملکوت ایک دوسرے سے ہیں اور رنگ آمیز طرح بطرح کے رکھتے ہیں مگر یہ کیفیت معلوم نہیں ہوتی جب تک کہ اسمائے الٰہی کی دعوت نہیں کی جاتی اور جو کوئی اس [illegible] کو کرے عنداللہ و عندالناس عند جمیع الموجودات قبول ہوتی ہے اور [illegible] اور مراتب ہیں اور سب کی تجلیات حرف سے ظاہر ہوتی آتی ہیں [illegible] موجودات سے ہیں اور جو سالک اس دعوت سے مشرف ہو [illegible] کے جانے اللہ تعالےٰ کی عنایت سے مراد کو پہونچے گا سند شر[illegible]م کرے۔ حروف مکتوبی مدغم بیچ اسم کے اسکو جمع کرے مثلاً بیس حروف ہوئے پس ایک حرف سو دفعہ پڑھے نصاب مرتب ہوا اور جمع دو ہزار ہوئے اور نصف اس کا اسپر زیادہ کرکے پڑھے تو زکوٰۃ کا مرتبہ ہوا اور جمع اسکی تین ہزار ہوئے اور نصف اس کا نصف پر جمع کرے اور پڑھے تو عشر کا مرتبہ ہوا اور جمع اس کی تین ہزار اور پانچسو ہوئے اور نصف اس کا پڑھے تو قفل کا مرتبہ ہوا اور عدد اس کے دوسو پچاس ہوئے بشمار عشر اور قفل کے دو چند کرکے پڑھے تو دور مدور مرتبے کا ہو اور بہ نیت بذل کے سات ہزار اور بہ نیت ختم بارہ سو دفعہ پڑھے اس دعوت حرفی میں سہ حرفی ہے اسم اعظم کے بذل اور ختم کی تمام قرأت اس قدر ہوئی اور جو کہ شرائط تھے وہ سب بیان کردیئے گئے فقط۔

اور دوسرا طریقہ دعوت کا یہ ہے اس کو معلوم کرنا چاہیئے اسم کو بشرائط تمام حروف اس کے شمار کرے اور جو کہ قاعدہ حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ جس اسم الٰہی کی دعوت کرے اول اس کے حروف کو شمار کرکے جدا جدا لکھے مثلاً شمار میں دس حرف آئے تو بیس حرف شمار میں لائے

یعنی ایک حرف کے تین حرف لے اور بعد اسکے عدد جمل کبیر ان تمام حروف کے جمع کرے جو کچھ میزان مطابق اسکے ہو پڑھے اس طرح سے کہ جس روز پہلے دعوت شروع کرے ہزار بار سورۂ فاتحہ پڑھے مع تسمیہ کے فضل الہٰی سے سریع الاجابت ہوگا اور جلد ظہور ہوگا دعوت اسم سبحانک تا آخر نصاب ۶۴۵۰ بار اور عشر ۶۰۰۰ اور تمل ۵۶۳ ۔ اور دور مدور ۱۶۳۷۶ بذل ۱۰۰۰ اور ختم ۱۲۰۰ بس بارہ سوم رتبہ پڑھے جو کہ حکم قاعدہ مذکور کا ہے۔ درمیان اس اسم کے ۱۳۵ حروف ہوئے قرأت حروف کے عدد جمل جمع کرکے اول اور آخر سورۂ فاتحہ پڑھے اور جو کہ پہلے مذکور ہو چکا ہے اور باقی اسماء اعظم کو اس طرح پر پڑھے اسم اول۔ سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَارَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ سُبْحَانَكَ اسم دوم یَا اَللّٰهُ الْاِلٰهَةَ الرَّفِیْعَ جَلَالُهٗ یَا اَللّٰهُ اسم سوم یَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ كُلِّ فِعَالِهٖ یَا اَللّٰهُ اسم چہارم یَا رَحْمٰنُ كُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَهٗ یَا رَحْمٰنُ اسم پنجم یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ اسم ششم یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ عِلْمِهٖ وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهٗ یَا قَیُّوْمُ اسم ہفتم یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرَهٗ یَا وَاحِدُ اسم ہشتم یَا دَائِمُ الَّا فَنَاءَ وَلَا زَوَالَ لِمُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا دَائِمُ اسم نہم یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْهٍ وَّلَا شَیْءَ كَمِثْلِهٖ یَا صَمَدُ اسم دہم یَا بَارُّ فَلَا شَیْءَ كُفُوُهٗ یُدَانِیْهِ وَلَا اِمْكَانَ لِوَصْفِهٖ عَظِیْفَةً یَا بَارُّ اسم یازدہم یَا كَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا تَهْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظَمَتِهٖ یَا كَبِیْرُ اسم دوازدہم یَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِهٖ یَا زَاكِیْ اسم سیزدہم یَا زَاكِیَ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِهٖ یَا زَاكِیْ اسم چہاردہم یَا كَافِیَ الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَا فَضْلِهٖ یَا كَافِیْ اسم پانزدہم یَا نَقِیًّا مِّنْ كُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَهٗ وَلَمْ یُخَالِطْهُ فِعَالُهٗ یَا نَقِیُّ اسم شانزدہم یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَتُهٗ وَعِلْمُهٗ یَا حَنَّانُ اسم ہفدہم یَا مَنَّانُ ذَا الْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ كُلَّ الْخَلَائِقِ مِنْهُ یَا مَنَّانُ

اسم ہیجدہم یَا دَیَّانَ الْعِبَادِ كُلٌّ یَقُوْمُ ...
اسم نوزدہم یَا خَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ ... یَا خَالِقُ
اسم بستم یَا رَحِیْمُ كُلِّ صَرِیْخٍ ...
اسم بست ویکم یَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ كُنْهَ ...
اسم بست ودوم یَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ یَبْغِ فِیْ اِنْشَائِهَا ...
اسم بست وسوم یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَلَا یَعُوْدُ شَیْءٌ مِّنْ حِفْظِهٖ ...
اسم بست وچہارم یَا حَلِیْمُ ذَا الْاَنَاةِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ ...
اسم بست وپنجم یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاهُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ ...
اسم بست وششم یَا حَمِیْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ ... یَا حَمِیْدُ
اسم بست وہفتم یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی اَمْرِهٖ فَلَا شَیْءَ یُجَادِلُهٗ یَا عَزِیْزُ
اسم بست وہشتم یَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَاهِرُ بعد اسکے یہ عبارت زیادہ کرے کشتم ودفع کردم وہلاک نمودم وخراب ساختم جملہ دشمنان ومخالفان را ... اسم بست ونہم یَا قَرِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ كُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِهٖ یَا قَرِیْبُ

اسم سی ام یَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِهٖ یَا مُذِلُّ
اسم سی ویکم یَا نُوْرَ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُدَاهُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِهٖ یَا نُوْرُ
اسم سی ودوم یَا عَلِیُّ الشَّامِخُ فَوْقَ كُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِهٖ یَا عَالِیُّ
اسم سی وسوم یَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ فَلَا یُعَازُّهٗ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلَا اِنْتِهٖ یَا قُدُّوْسُ
اسم سی وچہارم یَا مُبْدِئَ الْبَرَایَا وَمُعِیْدَهَا بَعْدَ فَنَائِهَا بِقُدْرَتِهٖ یَا مُبْدِئُ
اسم سی وپنجم یَا جَلِیْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ یَا جَلِیْلُ
اسم سی وششم یَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْاَوْهَامُ كُلَّ كُنْهِ ثَنَائِهٖ وَمَجْدِهٖ یَا مَحْمُوْدُ۔

یعنی ایک حرف کے بِرَبِّهِمُ الْعَفُوُّ وَالْعَدْلُ، اَنْتَ الَّذِیْ مَلَاءَ کُلَّ شَیْءٍ عَدْلُهٗ
وہشتم یَا عَظِیْمُ الْفَاخِرُ ذَا الثَّنَاءِ الْکِبْرِیَاءِ فَلَا یَذِلُّ عِزُّهٗ
جو کچھ میزان منزلسی وہم یَا عَجِیْبُ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِکُلِّ اٰلَائِهٖ وَ
ہزار بار ثَنَائِهٖ یَا عَجِیْبُ اسم جہیلم یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ
ظہ قُرْبُهٗ یَا قَرِیْبُ اسم جہیل وکیم یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَةٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ
کُلِّ شِدَّةٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَةٍ وَمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَةٍ یَا رَجَائِیْ
حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعَاظِمِ
اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَرْزُقَنِیْ اِیْمَانًا وَاَمَانًا وَعَافِیَةً
مِنْ عُقُوْبَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَنْ تَحْبِسَ عَنِّیْ اَبْصَارَ الظَّلَمَةِ وَالْمُرِیْدِیْنَ
فِی السُّوْءِ وَاَنْ تَصْرِفَ قُلُوْبَهُمْ عَنْ شَرِّ مَا یُضْمِرُوْنَهٗ اِلٰی خَیْرٍ لَا یَمْلِکُهٗ
غَیْرُكَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَاءُ مِنِّیْ وَمِنْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ مِنِّیْ وَ
عَلَیْكَ التُّكْلَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی
عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

تمام ہوئے جہیل اسماء۔

اگر چاہے کہ تمام جن وانس اور ارواحوں کو اپنی تسخیر میں لاوے اور وہ سب فرمانبردار ہوں پس طریقہ ادب سند دوگانہ کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے بشرائط تمام تمام بجالاوے اور عمل میں عامل مشغول ہو اس طریقے سے کہ نصاب مجموع تمام اسمائے عظام کا کرے جس طرح پر اسم اول سبحانك یا غیاثی تک اکتالیس ہزار مرتبہ اس کا نصف زکوٰۃ اور نصف اس کا عشر اور نصف اس کا قفل اور نصف اس کا دور مدور یا دو چند نصاب بشرائط مذکور پڑھے اور بذل وختم ایسا ہے: جو درمیان دعوت حرفی کے ذکر ہو چکا ہے بعد شرائط تین خلوتیں ہیں گوشے میں بیٹھ کرکے کہ اس گوشے میں کوئی نہ آوے بلکہ آواز بھی کانوں میں نہ جاوے شہر میں نہ ہو کسی دامن صحرا میں یا کوہ پر جا کر خلوت تمام کرلے اور جس جگہ ایک خلوت کرے

اسی جگہ تین خلوتیں تمام کرے اگر اکیلا ہو تو ہر بار تغیر رنگ کرے یعنی خلوت اول میں تمام پوشاک اور مصلہ وغیرہ شنگرفی رنگ لے اور ہر روز تریسٹھ بار بہ نیت دعوت سات روز پڑھے اول ہفتے میں علامت ظاہر ہوگی اور آخر ہفتے میں تمام جن فرمانبردار ہونگے اور روبرو حاضر آویں گے اور عذر کریں گے اور وعدہ صحیح کرینگے لیکن صاحب عمل دعوت میں مشغول رہے اور ان سے ہمکلام نہ ہو اور اشارے سے کچھ نہ کہے آخر الامر جب وہ عاجز ہونگے ان کو پھر طلب کرکے اقرار مستحکم کرے کہ جسوقت ہم طلب کریں اسیوقت [illegible] ہو جب اقرار ان کا کامل ہو جائے تو اسپر عمل کرے مگر اس اسرار کو کسی [illegible] نہ کرے اور طریقہ خلوت دوم کا یہ ہے کہ لباس رنگ مع مصلائے [illegible] سات خلوتیں کرے اور تلاوت اور قرأت اسمائے مذکور کی کرے ہر ہفتہ [illegible] بھور دوسرا ہوگا اور ہر ہفتے آخر میں جنس انسانی سے یعنی فرزندان آدم سے کوئی نظر نہ آوے جب وہ اطاعت میں حاضر ہوں گے اور جب اس مرتبے کو پہونچے تو اپنے آپ کو بچاوے تاکہ برخورداری حاصل ہو اور صحبت دنیا سے احتراز کرے۔ طریقہ خلوت سوم کا رنگ سبز مع لباس و مصلا سبز ہو اور قرأت اسمائے مذکور کی کرے۔ عجائب اور غرائب ظاہر ہو۔ اور سالک مستقل اور مستحکم ہو کسی طرح کا خیال اور وسوسہ اپنے دل میں نہ لاوے سات ہفتے اختیار کرے ہر ہفتے میں طرح طرح کے آثار نظر آوینگے اور شاغل پر ظاہر ہوگا اول ہفتے سالک اپنے حجرے سے تا آسمان اول جائیگا اور جماعتیں روحانی کی حاضر ہونگی اور ہاتھ عامل کا پکڑ کر ارادہ آسمان پر لیجانے کا کرکے سیر آسمان اول کی دکھلاوینگی اور تمام روحانیاں آسمان اول پر عامل کو آشنا کرادیں گی اسی طرح پر آٹھویں آسمان تک تمام روحانیاں انبیا اور اولیا کی حاضر ہوں گی اور سب عامل سے پوچھیں گی کہ تم کیا حاجت رکھتے ہو اگر کہو تو ہم تمہاری حاجت برلادیں اور یہ بات سب ارواحیں آپس میں کہیں گی کہ حضرت باری تعالےٰ کی طرف توجہ کرکے اس امر کو قبول کرالیں گے بعد قبولیت کے ہاتھ پکڑ کر اوپر لوح محفوظ کے لیجائیں گی جو کچھ کہ پوشیدہ ہوگا وہ سب ظاہر ہوجاویگا مگر عامل کسی کو اس امر سے مطلع نہ کرے اگر خبر دیگا تو یہ سب امر

جاتا رہیگا۔ فصل ۳۔ حصول مطلب میں یہ چند قاعدے علم تکسیر کے جاننا لازم ہیں تاکہ جلد مراد کو پہونچے۔ اول وقت استخراج عمل کے باطہارت تمام ہوئے اور علم حساب خوب جانتا ہو اور نجوم سے خبردار ہوئے سعت سعید اور نحس سے کہ کون کام کس ستارے کی ساعت میں نظرات میں یا کون طالع بروج میں ہے تو ہرگز خطا نہ کریگا ہر مہم اور مطلب کیواسطے ہے اگر حصول غنا وغیرہ چاہے تو تمام اسماء الحسنیٰ میں نظر کرے کہ مطلب کس اسم الہٰی سے برآویگا اگر انعام چاہے تو یامنعم کو استخراج کرے اور اگر بخشش چاہے تو یاوہاب کو استخراج کرے واسطے ہر مطلب کے اس اسم کی تکسیر کرے مراد برآوے گی اور یہ چند قاعدے چہل اسماء کے واسطے شائقین کے لکھے ہیں اور یہ طریق شائع کے زکوٰۃ دینے کا ہے اور اہل مغرب جو کہ صاحب تکسیر ہیں ان کیواسطے صرف یہ بات کفایت کرتی ہے کہ جب ساعت موافق اس کام کے آوے اور قلم اٹھاکے وہ تحریر کردیں جلد وہ مراد حاصل ہوگی باطہارت ہوں اور بخور اس وقت ستارے کا روشن کریں اور اسکی ترکیب کریں جو کچھ لکھا ہے بہت مجرب اور آزمودہ ہے واللہ اعلم بالصواب

باب اکیسواں غضب بادشاہ سے ایمن ہونے میں شامل ۶ فصلوں پر

فصل ۱۔ حفاظت غضب سلطانی میں اگر کوئی شخص غضب بادشاہ یا حاکم وقت میں آگیا ہو اور کوئی صورت اسکے بچاؤ کی نہ ہو اور اس نے قطع امید اپنی زندگی سے کرکے پروردگار عالم کی طرف رجوع کی، وہ غفور رحیم اپنے بندے پر مہربان ہوگا تو اس کی صورت یہ ہے کہ اس عبارت کے اعداد استخراج کرے وَمِنْ شَرِّ ... اور یہ استخراج اس روز کرے کہ نظر آفتاب اور مریخ سے تثلیث یا تسدیس پر ہو اور قمر نحوست سے پاک ہو اگر روز پنجشنبہ ہو تو بہتر ورنہ کوئی سا روز ہووے مشتری کی ساعت میں لکھے اور بخور روشن کرے اور ایک ورق طلائی لاکے کاغذ پر لگاوے اور اس کاغذ کو ریر نقش مربع لکھے اور اعداد اس عبارت کے یہ ہیں ۶۲۴۰ یہ نقش مربع اس شخص کے پاس پہونچ جاوے

انشاء اللہ بادشاہ کا غضب شفقت سے بدل جائیگا جسوقت وہ شخص اپنے گھر آوے تو اس نقش کو سورۂ تبارک میں رکھدے نہایت مجرب ہے اور یہ عمل شیخ علی شاد علیہ الرحمہ نے واسطے حسین بیگ کے کیا تھا فضل الہٰی ہوا۔ فصل ۲۔ حفاظت قتل میں جس شخص کو غضب سلطانی سے قتل کا خوف ہو وہ یہ اعداد آیہ کریمہ کے نقش مربع ورق طلائی پر لکھے اور ساعت کا اول بیان ہوچکا ہے اور کچھ شیرینی سنہ میں رکھے اور کچھ تصدق بھی کرے موافق اپنی مقدرت کے انشاء اللہ تعالیٰ بادشاہ فوراً مہربان ہوجاویگا اور خون سے درگذریگا اور لطف سے پیش آویگا استادان متاخرین کا بہت آزمودہ ہے چند شخصوں کو گردن مارے جانے سے بچایا ہے اور حضرت شیخ بہاء الدین رحمۃ اللہ علیہ نے واسطے آقا عنایت اللہ کے یہ عمل کیا تھا تازندگی بادشاہ کے غضب سے امن میں رہا اور اس لوح میں اسرار الہٰی ہے عامل اس کو بہت عزیز رکھے یہ اسرار مجربہ استادان متقدمین اور متاخرین نے جب تیار کیا مجرب پایا ہے اور بارہا قتل اور غضب حکام اور سلاطین سے خلاصی پائی ہے مولانا مرزا جان کو کاشان سے طلب کرکے بادشاہ نے فرمایا، کہ میدان میں لیجاکر پھانسی دیدو یہ لوح مولانا کے پاس تھی۔ تین بار رسی پھانسی کی ٹوٹ گئی مولانا قہقہہ مار کر ہنسے اور کہا کہ میں جس عمل کو جانتا ہوں اسے کوئی نہیں جانتا ہے مجھ کو کوئی نہیں مار سکتا سوائے خداوند کریم کے یہ خبر مولانا کی بادشاہ کو پہونچی اور بادشاہ نے مولانا کو طلب فرمایا اور ان کے خون سے درگذرا اور بادشاہ نے یہ عمل مولانا سے طلب کیا مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے یہ عمل مع ترکیبات تحریر کرکے بادشاہ کی نظر گذرانا۔ چنانچہ یہی نقش مربع تھا کہ محمد بیگ کو بادشاہ نے فرمایا کہ میدان میں لیجاکر سرکاٹو بموجب حکم بادشاہ محمد بیگ کو جلاد میدان میں لیگئے اور یہ نقش مرزا کے عمامے میں تھا اور ان کے گلے پر جلاد نے تین بار شمشیر چلائی لیکن کچھ اثر نہ ہوا یہ خبر بادشاہ نے سنی اور مرزا محمد بیگ کو میدان سے طلب فرمایا اور پوچھا سبب اسکا کیا ہے بیان کرو ہمنے تمہاری جان بخشی کی اور تمہارے خون سے درگذرے تم اندکو

عرض کی کہ ایک نقش مربع میرے پاس ہے اور سوائے مدد پروردگار کوئی سبب نہیں ہے
بادشاہ نے فرمایا کہ ایک نقش مربع میرے واسطے تیار کر دو. جسوقت وہ مربع تیار
کر کے بادشاہ کی نظر گذرانا بادشاہ نے اپنے عمامے میں رکھا یہ عمل سید حسین اخلاطی
کا ہے بارہا تجربے میں آیا ہے اور نااہلوں اور ظالموں سے مخفی کیا ہے اگر لڑائی میں
کوئی شخص اپنے پاس رکھے اس کا حافظ و ناصر اللہ تعالےٰ ہوگا جسوقت ساعت سعید
اور قمر خالی نحوست سے ہوئے اسوقت اس مربع کو لکھے اور بخور خوشبو آگ پر جلاوے
مجرب ہے. فصل ۳ محفوظ رہنے غضب سلطانی کے بیان میں جسوقت تحقیق ہو کہ بادشاہ
یا سلاطین یا امراء نے حکم مارے جانے فلاں شخص کا دیا اسوقت یہ اعداد کریمہ
کے ۱۳۸۲۹، اعداد نام اجل گرفتہ کے جمع کر کے نقش مربع ورق طلائی پر تیار کرے
اور اس شخص کے پاس پہونچاوے انشاء اللہ تعالےٰ قتل سے محفوظ رہے گا اور یہ اعداد
بہت شخصوں نے تلاش کیے لیکن معلوم نہ ہوا کہ یہ کس آیت یا کون سورۃ کے یہ اعداد
ہیں اور جناب آخون صاحب شاگرد حضرت شیخ بہاؤالدین رحمۃ اللہ علیہ جسوقت
لڑائی پر جاتے تھے تو یہ مربع کاغذ پر لکھ کے ہر شخص کو عنایت کرتے تھے اور شاگرد آخوند
صاحب بیان کرتا ہے کہ استاد کی بندے پر تاکید تھی کہ جو شخص غضب سلطانی
میں آجاوے یا تقصیر کی ہو تو یہ نقش مربع اسکو ضرور پہونچا دینا اُس وقت کا یہ تذکرہ
ہے کہ شیخ بہاؤالدین کے پاس مرزا افضل الدین محمد گئے اور کہا کہ میرے بھائی
ولی محمد کو بادشاہ نے گردن مارنے کا حکم دیا ہے اور باہر سے طلب ہو کر آیا ہے.
اور وہ روز شب برات یعنی ۱۴ تاریخ ماہ شعبان ۱۰۰۱ھ ہجری کی تھی جناب شیخ
صاحب نے مربع تیار کر دیا ولی محمد خاں کو یہ نقش پہونچا دیا گیا نصف ساعت نہیں
گذری تھی کہ بادشاہ اسکے خون سے درگذرا بارہا تجربے میں آیا ہے فصل ۴. ایمن
غضب سلطانی کے بیان میں واسطے ایمن غضب سلاطین و حکام وغیرہ سے
لوح مربع تیار کرے روز یکشنبہ بساعت اول شمس وقت سعید اور قمر کی شمس سے
نظر تثلیث ہو اور قمر خالی نحوست سے ہو اعداد آیۂ کریمہ کے یہ ۱۱۳۹۰ اور اعداد

اس شخص کے نام کے سب ایک جا کر کے مربع تیار کرے چاندی کے ورق پر اور بخور آگ
پر روشن کرے اور تقصیر وار کے بازوئے چپ پر باندھے انشاء اللہ تعالےٰ وہ خطا
مبدل بعفو و سرفرازی ہوگی اور بادشاہ غضب سے درگذر کریگا نہایت مجرب ہے بارہا
تجربے میں آیا ہے وہ آیت یہ ہے سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَسَلَامٌ
عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ فصل ۵ تسخیر سلاطین کے بیان میں
واسطے تسخیر سلاطین وغیرہ و شوکت و امارت و حکومت اور عزیز ہونے کے نظر خلائق
میں یہ عمل شیخ بونی علیہ الرحمہ کا ہے پہلے اعداد اس اسم کے چہل اسماء میں سے ایک اسم
ہے اور اعداد اپنے اسم اور اسم سلطان کے ان سب اسموں کے اعداد ایک جا
نقش مربع اوپر ورق طلا کے شرف آفتاب میں یا کہ آفتاب برج اسد
قمر کی تثلیث یا تسدیس آفتاب سے ہوئے تیار کرے اور مہر کندہ
یہ ہے یَا اَللّٰہُ الْاِلٰهُ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ اور اعداد اسم کے صحیح یہ ہیں ۵۹۳
اور اس عمل کو مولانا عبد اللطیف گیلانی نے واسطے مرشد علی قلی خاں کے تیار کیا
تھا بقوت اس مہر کے بادشاہ نے تمام و کمال اختیار دیا کہ جو کچھ چاہتے تھے کرتے
تھے. فصل ۶ تسخیر سلاطین و تالیف قلوب کے بیان میں اگر چاہے کہ تسخیر قلوب
بادشاہان و سلاطین زماں و حکام وقت کی کرے کہ بغیر تیرے ایک لحظہ اور ایک دم نہ
رہیں اور اپنے ہم چشموں میں سب سے بزرگ اور باعزت اور حرمت سے رہے تو لازم ہے کہ
شرف آفتاب میں یہ اعداد اور سلاطین زماں اور اپنے نام کے اعداد سب کی ایک جا
کرے اور بعد اسکے ایک نقش مسدس لوح طلائی پر لکھے اور بخور روشن کرے مگر
جسوقت کہ لوح تیار ہو جاوے اسوقت اس سلطان زماں کی خدمت میں حاضر ہو
عجائبات مشاہدہ ہونگے کہ بیان نہیں ہو سکتا یہ عمل شیخ ابو علی نے شیخ یحییٰ عرب سے
حاصل کیا تھا کہ وہ بڑے عالم اور عامل تھے ان سے مولانا احمد لاری کو پہونچا تھا یہ عمل الہ وردیخان
حضرت شیخ بہاؤالدین قدس اللہ سرہ العزیز کے پاس لایا تھا اور شیخ صاحب ممدوح
واسطے تسخیر قلوب جمیع مخلوقات و سلاطین زمانہ کے شرف آفتاب میں کرتے تھے.

چنانچہ ایک مرتبہ بادشاہ نے شیخ صاحب سے فرمایا کہ کوئی امر ایسا ہو جس سے سلطنت کو رونق ہو شیخ صاحب نے یہ نقش ۱۰۰۰ھ میں تیار کر کے بادشاہ کے بازو پر باندھا پہلے فتح طبریز کی ہوئی اور بعد اسکے روز بروز جہاں گیری اور ترقی دولت وحشمت ہوتی رہی پھر واسطے نواب عالیۃ العالیہ کے تیار کیا ان کا مرتبہ یہ ہوا کہ تمام زمانے میں مشہور ہوئے اعداد جو کہ آیت کی تسخیرات میں ہیں ان کو ایک جا پر تحریر کرتا ہوں صحت کے ساتھ آیۂ کریمہ اَللّٰهُ لَطِيفٌ تا عَزِيزٌ ۱۲۳۸۔ اور اعداد آیۂ کریمہ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۲۸۷۲ اور اعداد آیۂ کریمہ زُيِّنَ لِلنَّاسِ تا آخر ۲۶۲ اور اعداد آیۂ کریمہ وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ تا آخر ۸۲ اعداد آیۂ کریمہ صرف واسطے خواتین معظمہ یا ملوک کے لَقَدْ جَآءَكُمْ تا عَزِيزٌ ۹۳۰۔ اور تمام آیہ جمیع مخلوقات کے لئے تا غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۳۸۹۸۔ ان میں سے جس آیت کے اعداد چاہے شرف آفتاب میں لیکر لوح طلائی تیار کرے نقش مسدس میں کہ جس کا بیان ہو چکا ہے اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ لوح طلائی تیار کرا کے اور مہر کند وضو کر کے پہلے سپر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھے اور حاشیہ پر وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ لکھے۔

باب بائیسواں طریقوں زبان بندی میں شامل اوپر ۶ فصلوں کے

فصل ۱۔ بیان زبان بندی بدگویاں وحاسدان میں اگر چاہے کہ زبان کسی بدگو کی بند ہو اور اسکے شر اور فساد سے محفوظ رہے اسکے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نزول اور قمر در عقرب یا تحت شعاع یا شروع طریقہ ہوئے یا وقت کسوف یا خسوف ہو تو بہت خوب ہے اعداد حروف صامت کے لے اور اسم طالب اور اسم مطلوب کے حرف جدا جدا لکھے اور ایک سطر کرے بعد اسکے تکسیر صدر مؤخر میں گردش دے جسوقت کہ زمام بر آوے تمامی حرف صامت کو مرکب کر کے لکھے سیسے کی لوح پر اعداد استخراج کر کے نقش مثلث میں پُر کرے اور گرد مرکب حروف صامت کے لکھے اور یہ لکھے بستم عقل وہوش ونطق ظاہری وباطنی پسر یا دختر فلاں اور غرض وحق فلاں بنت فلاں اور اس لوح کو خانۂ تاریک میں دفن کر دے اور سنگ گراں

اوپر لوح مذکورہ کے رکھے اور وقت لکھنے نقش کے عامل اپنے منہ میں موم رکھے اور کہے کہ زبان فلاں حق تعالے از بدگوئی بستہ گردد، زبان اسکی بند ہو جاویگی اور یہ عمل مجرب ہے مولانا حسین صاحب کا فصل ۲۔ زبان بندی میں اگر چاہے کہ زبان کسی بدگو کی باندھے جسوقت کہ نزول ماہ ہوئے یا قمر در عقرب ہوئے یا شروع طریقہ ہوئے یا تحت الشعاع ہوئے یا محاق ہوئے تو یہ وقت مجرب ہیں اور مؤثر ہیں اور جانب قبلے کے بیٹھ کر لکھے اور تھوڑا موم منہ میں رکھے اور اعداد فی مت فرصا اور اعداد اسم مطلوب جتنے شخص ہوں ان سب کو جمع کرے اعداد حروف صامت کے ۲۴۳۵ میں انا اعداد آیۂ کریمہ ہیں ۲۶۲۴۔ ان تمام اعداد کو جمع کر کے نقش مثلث کاغذ کبودی پر لکھے اور خانۂ تاریک میں دفن کر کے سنگ گراں اسکے اوپر دھرے یہ عمل مجرب مولانا حسین اخلاطی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور یہ عمل جاہل اور نااہل سے پوشیدہ رکھے۔ فصل ۳۔ زبان بندی کے بیان میں یہ عمل زبان بندی کا شیخ بہاؤالدین محمد عاملی رحمۃ اللہ علیہ نے واسطے ایک شخص کی محبت کے تیار کیا تھا۔ طریقہ یہ ہے کہ اول دو صورتیں موم کی بنا دے اور یہ اعداد نقش مربع میں لکھے اور موی تصویر کے منہ میں تعویذ رکھ کر خانہ تاریک یا جائے نمناک یا مردے کی کھوپڑی میں رکھدے تو وہ شخص فرمانبردار ہوگا اور تابع حکم رہے گا اور یہ عمل شیخ صفی الدین کاشانی اور اس فن کو اکثر بزرگوں اور مجتہدوں نے کیا ہے تجربے میں درست آیا اس عمل میں ہرگز خطا نہیں۔ ایک وقت میں نواب قارچقا خاں کے لڑکے نجف بیگ نے اپنے نکاح کیواسطے چاہی اور رقعہ بھیجا مگر لڑکی کے ماں باپ اور کوئی راضی نہ تھا نجف بیگ نے بادشاہ سے عرض کیا بادشاہ نے فرمایا کہ اگر ماں باپ لڑکی کے راضی نہیں ہوتے تو کسی صورت سے راضی کرنا چاہیئے ... ... شیخ صفی الدین نے کہ دربار میں حاضر تھے عرض کیا کہ عمل صورت موم کا عقد لسان کیواسطے کفایت کرتا ہے بموجب حکم بادشاہ کے موم لا کر اس عمل کو بنایا ماں اور باپ بلکہ تمام عزیز لڑکی کے راضی ہو گئے اور بادشاہ سے عرض کیا کہ جہاں پناہ کو اس لڑکی کا اختیار ہے اسی وقت بادشاہ نے مرزا نجف بیگ کو طلب فرما کر حکم شادی کا دیا اور شیخ بہاء الدین عاملی نے واسطے ایک شخص کے اس عمل کو کیا تھا کہ اسپر بادشاہ بہت ناراض ہوئے اور حکم قتل کا دیا ببرکت اس

عمل کے حکم قتل بادشاہ کی خاطر سے فراموش ہوگیا اور بعد چند روز کے اس شخص کو وزیر اعظم کیا۔ فصل ۴۔ زبان بندی محبت کے مقدمے میں اور یہ عمل حضرت شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ اور اخوند ملا حسین نے واسطے مقصود بیگ ناظر کے کیا تھا اس نے اس بلا سے نجات پائی اور طریقہ اس میں یہ ہے کہ عمل کو ایک پرچہ کاغذ پر لکھے اور گیہوں کے آٹے میں پیسٹ کرا اگر عمل واسطے مرد کے ہو تو خر خر یعنے گدھے کو کھلاوے اور اگر عورت کیلئے ہے تو مادہ خر کو کھلاوے کمال محبت دونوں میں ہوجائیگی وہ حرف عمل کے یہ ہیں یامندیع یا مستطیع یامسطع یاالنور سمعونی یادیاہ یاسیل اہ یامولاہ اصیاؤث اھیا اش ھیا ھوالحی القیوم یاباقی العظمۃ الہ السلطان یااللہ یااللہ الرفیع الجلال لنٰ فصل ۵۔ بیان محبت عقداللسان میں ایک روز شیخ صاحب ممدوح نے اخوند کو طلب کیا اور فرمایا آج کے دن ایک شخص کو اپنی محبت میں گرم کرنا چاہئے، ایسا کہ بیقرار اور بے آرام ہوجائے جناب اخوند صاحب نے صبح شنبہ یا یکشنبہ کو مکان خلوت میں جاکر اس عمل کو کیا جسطرح پر شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے واسطے عقد لسان کے کیا تھا اور اخوند صاحب نے تغیر ترکیب کر کے پہلے ایک لوح مسی تیار کروائی اور بعد اسکے یہ نقش لوح مذکور پر لکھا اور بخور روشن کیا اور گرد اس لوح کے یہ آیت لکھی۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ط اور اس طالب اور مطلوب کو بطریق جفر خانی لکھا اور تکسیر صدر مؤخر کی اور اس تکسیر صدر مؤخر کا فتیلہ تیار کر کے شہد اور روغن گاؤ میں تر کیا اور چراغ مسی میں اخوند صاحب نے روشن کیا ہنوز فتیلے نے روشنی اچھی طرح نہ پکڑی تھی کہ وہ شخص خود بخود آ کے حاضر ہوا۔

فصل ۶۔ زبان بندی کے بیان میں چاہیئے کہ یہ ترکیب کرے یعنی کاغذ نقرئی پر اس آیت کے الفاظ لکھے اور اپنے پاس رکھے وقت قمر در عقرب چھپے ہوئے یا شروع طریقہ یا تحت الشعاع یا محاق ہوئے بسم اللہ الرحمن الرحیم مہ

مہ مہ مہ مہ مہ مہ ادا ادا ادا ادا ادا ادا ادایہ یہ یہ یہ یہ یہ یہ الا الا الا الا الا الا المراعہ المراعہ المراعہ المراعہ المراعہ المراعہ مالا مالا مالا مالا مالا مالا ھما ھما ھما ھما ھما ازدلی ازدلی ازدلی ازدلی ازدلی اھیا اش اھیا اش اھیا اش اھیا اش اھیا اھیا اش اھیا اش اھیا ایمیاؤث امباؤث امباؤث امباؤث امباؤث امباؤث امباؤث امباؤث ن الحق وبالحق انزلنا بالحق وانزلنا بالحق انزلنا بالحق انزلنا بالحق ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

باب تیسواں مقدمہ عداوت اور دشمنی میں علم تکسیر سے شامل ۱۴ فصلوں پر

فصل ۱۔ عداوت میں واسطے عداوت کے دو شخصوں میں نہایت بے نظیر ہے جسوقت ارادہ کرے کہ درمیان دو شخصوں کے عداوت ہوجائے تو اول اسم طالب اور مطلوب مادرین لکھے اور حرف ہر اسم کے علیحدہ علیحدہ کرے اور عدد ہر دو اسم کے علیحدہ جمع کر کے بارہ بروج پر طرح کرے جس برج پر بارہ سے کم رہیں اس برج کے طالع معلوم کرے اور شروع طرح برج حمل کرے جسوقت کہ طالع دونوں ناموں کے معلوم ہوجائیں ان کو علیحدہ علیحدہ لکھے اور ہر دو طالع کے علیحدہ لکھے مطابق اس جدول کے جو پہلے اس مقدمے میں بیان ہوچکی ہے اور حروف طالع وقت عمل کے لئے اور حروف برج آفتاب کیلئے جس برج میں آفتاب وقت عمل کے ہو اور حروف اس برج کے لئے جسمیں مریخ ہوئے اور اسم طالب اور مطلوب اور اسم عداوت کی ایک سطر لکھے اور دوسری سطر حروف برجوں کی لکھے۔ دونوں سطروں کو امتزاج دے کے ایک سطر لکھے اس ایک سطر کو تکسیر صدر مؤخر کرے یعنی گردش دے تاکہ زمام بر آوے سطر زمام کے حروف نورانی علیحدہ اور حروف ظلمانی علیحدہ کرے اور حروف نورانی کے عدد استخراج کرے بعد عدد طالب

مطلوب کے اعداد حروف ظلمانی پر زیادہ کرے اور ان کا ایک نقش مثلث تیار کرے
یعنی جو کہ تمام عدد جمع ہوں اسمیں ۱۲ طرح کرے اور باقی تین حصے کرے اور ایک حصے
سے شروع کرے اور جسوقت پانچویں خانے میں کل میزان اول جمع کی بیچ کے خانے
میں لکھے اور پھر بدستور موافق رفتار کے نیل سے لکھے اور بخور فلفل دراز اور اسپند اور
ہینگ جلاوے اور تمام تکسیر کو بغیر حروف نورانی کے تمام حروف ظلمانی کو مرکب کر کے
مثلث کی پشت پر لکھے اور معرب اور معجم کر کے اور جو اعداد نقش کے تمام کرے اگر
مطابق اعداد کل کے کم ہوں تو ان چار اسموں سے اعداد زیادہ کر کے برابر کرلے وہ
چار اسم یہ ہیں اجھز ط یا قہار یا مذل یا قہار ۱۳۹۰ پارچہ کبودی پر لکھے
اور اس تعویذ کو ہمراہ نمک سیاہ اور کالادانہ اور ہرتال اور چونے کے پیٹ کر پیاز
کی گرہ میں کر کے قبرستان میں کافروں کے دفن کردے اس عمل کو ملا الماس نے واسطے نواب
عالیۃ العالیہ کے بادشاہ کی جدائی کیواسطے کیا تھا اور ملا مذکور نے انتقال کیا. گر
درمیان بادشاہ اور نواب عالیہ کے سات برس تک عداوت قائم رہی اور عرصہ حیات
سال میں ایک کو دوسرے نے نہ دیکھا اس عمل کا سیف اللہ نام ہے اور اسی
طرح پر ایک شخص کے واسطے یہ عمل مولانا اسحٰق نے روز شنبہ کو کیا تھا اور جمعہ
۶ ساعت کے وہ شخص مر گیا اور اس عمل سے مولانا اسحاق نے بہت آدمیوں کے خون ناحق کیے بادشاہ نے مولانا
کو طلب فرمایا اور کہا کہ واسطے بیگم خاں کے کوئی ایسا عمل کرو کہ اسکے لشکر کو ہزیمت ہو مولانا نے اس عمل کو تیار کر کے
درمیان لشکر کے دفن کروایا بعد چند روز کے سلیم خاں کا لشکر فراری ہوا اور سلیم خاں مارا گیا میں عرض کرتا ہوں کہ یہ
عمل بہت کامل ہے تمام استادان متقدمین اور متاخرین اس عمل کو کامل بیان فرماتے ہیں ایک مثال اسکی دیتا ہوں تاکہ ہر ایک
مبتدی کی سمجھ میں آوے مثال اسکی یہ ہے کہ درمیان دو شخصوں کے عداوت ہو نام
طالب امجد ۴۸ اور نام مادر مریم ۲۹۰ اور مطلوب واجد ۱۴ نام مادر چھوٹی ۴۲۴ اور
آفتاب برج سنبلہ میں اور ستارہ مریخ برج سنبلہ میں ہے تو سطر اول امجد
واجد نام طالب طرح ۱۲ بروج کی دی تو برج ثور ہوا نام مطلوب اعداد برج میزان کا سنبلہ ہے۔
ص خ ظ آیا برج آفتاب کا سنبلہ ذ ب خ اور برج مریخ

ح م ر ض غ ظ ن ب خ ن ب خ ح ا م ر ن ج ض د غ و ظ ا ن ج ب د خ ذ ب خ ك
یعنی طالب اور مطلوب کے حروف کی ایک سطر لکھے اور حروف طالع طالب برج ثور
کے تقسیم ح م ن اور حروف طالع مطلوب برج میزان کے حروف اور آفتاب اور مریخ
برج سنبلہ کے حروف ان کی ایک سطر لکھے دو سطروں کو امتزاج دیکر ایک سطر کرے
جیسا کہ تکسیر کی ہے اور اعداد تمام تکسیر جمع ۵۳۲۸ حروف ۵۴۴۶ ان سب کے
معہ حروف ظلمانی عدد جمع ۱۰۷۷۴ یہ عمل سیف اللہ ہے اور بہت کامل ہے. اور
نا اہل جاہلوں سے چھپایا ہے۔

ح	ا	م	م	ن	ح	ض	د	غ	و	ظ	ا	ذ	ج	ب	د	خ	ذ	ب	خ	ك
ك	ح	خ	ا	ب	م	ذ	م	خ	ى	د	ح	ب	ض	ج	د	ذ	غ	ا	و	ظ
ظ	ك	و	ح	ا	خ	غ	ا	ذ	ب	د	م	ح	ذ	ض	م	ب	خ	ح	ن	د
د	ظ	ن	ك	ح	و	خ	ح	ب	ا	م	خ	ض	غ	ذ	ا	ج	ذ	م	ب	د
د	د	ب	ظ	م	ن	ذ	ك	ج	ح	ا	و	ذ	خ	غ	ح	ض	ب	خ	ا	م
م	د	ا	د	خ	ب	ب	ظ	ض	م	ح	ن	غ	ذ	خ	ك	ذ	ج	و	ح	ا
ا	م	ح	د	و	ا	ج	د	ذ	خ	ك	ب	خ	ب	ذ	ظ	غ	ض	ن	م	ح
ح	ا	م	م	ن	ح	ض	د	غ	و	ظ	ا	ذ	ج	ب	د	خ	ذ	ب	خ	ك

م ضل عوضل جیل خذبج فصل ۲۔ مریض کرنے دشمن میں۔

نقش یہ ہے

۳۵۸۸	۳۵۹۶	۳۵۹۰
۳۵۹۴	۵۴۴۶	۳۵۸۹
۳۵۹۲	۳۵۸۷	۳۵۹۵

شیخ بہاء الدین محمد عاملی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے واسطے ہلاک کرنے اور بیمار کرنے دشمن کے بہت مجرب ہے،

اور ان حروفات کے اعداد لے اور مطلوب کے نام کے اعداد لے اور جمع کرے اور
ان اعداد کا مثلث اوپر کفن مردے کے لکھے اور صاحب کفن کی قبر کے آگے دفن کرے

بہت مجرب ہے اور اس عمل کو مولانا حسین نے واسطے حاکم یزد کے کیا تھا وہ
کے عرصے میں بیض ہوکر مرگیا اور عدد مثلث کے یہ ہیں ۱۹۳۲ فصل ۳ مقدمۂ عداوت میں اگر دشمن کو
اول ساعت زحل ہو اور تصویر میں طالب اور مطلوب کی اور پر لوح
جسطرح سے ہلاکت دشمن کی منظور ہوئے وہ عذاب اس تصویر پر لکھے
یا اور حربوں سے یا ہاتھی اور گھوڑے سے جیسا منظور ہوئے اور یہ عمل بہت مجرب ہے
مولانا اسحاق نے کتاب صحیفۂ زحل سے اس عمل کو لکھا تھا اور بدبخت مولانا اسحاق
نے پسر قورچی باشی کو کشتہ کیا۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ بادشاہ نے مولانا کو طلب کیا اور
کہا کہ کوئی عمل ایسا ہے کہ قلعہ امیر خاں ہمارے قبضہ میں آجائے مولانا نے عرض کی کہ
ہوسکتا ہے ارشاد ہوا کہ اول کچھ امتحان ہوئے مولانا نے عرض کی کہ جو حکم ہوئے بادشاہ
کو کچھ ملال تھا پسر قورچی باشی سے مولانا کو اسکی طرف اشارہ کیا اور مولانا نے
یہ عمل تیار کیا ایک صورت موم کی بناکر ایک تیر اس تصویر کے پہلو میں مارا بعد چا
کے اتفاقاً بادشاہ حرم سرا میں بیٹھے اور ایک کبوتر صحرائی سامنے آکے بیٹھا بادشاہ نے تیر
وکمان فوراً طلب کرکے تیر کبوتر پر مارا اور تیر کبوتر سے خطا کرکے پسر قورچی باشی کے پہلو میں
ہوا قنات سے دو سانہ ہوکر پہلو کے پار ہوگیا ڈیوڑھی پر تو وہ حاضر رہتا تھا دم میں
اور دربار میں ایک شور ہوا اور بادشاہ کو عرض پہونچائی بادشاہ فوراً برآمد ہوئے اور
فرمایا کہ تیرے واسطے کسی نے دعائے بد کی تھی تیری نجات اس تیر بلا سے نہ ہوگی بادشاہ کو
بہت تعجب ہوا اور مولانا کو بہت کچھ عنایت کیا بعد اسکے یہ عمل واسطے قلعہ امیر خاں کے
تیار کیا چنانچہ ۴۳ روز کے عرصہ میں قلعہ امیر خاں مفتوح ہوگیا یہ عمل بہت مجرب ہے
فصل ۴۔ مقدمۂ عداوت میں اول پسر آدم علیہ السلام نے خون کیا ہے نام قابیل
برادر اپنے کو کہ نام ہابیل تھا مارا اول چاہئے کہ نام دشمن کا لکھے اور اعداد اس کے
جمل کبیر ابجد سے استخراج کرے اور یہ اعداد ۱۰۹۲ دشمن کے اعداد پر زیادہ کرے اور
نقش مثلث پر کرے اور شکم میں صورت ہابیل کی رکھے اور جس طرح کا چاہے صورت

قابیل بناوے اور دشمن کو جس عذاب سے چاہے مارے اور جو حربہ ہاتھ میں قابیل کے
دے گا اس حربے سے دشمن ہلاک ہوگا دونوں تصویریں کھڑی مقابلے میں ہوئیں اور
نام اقسر الشیاطین ابلیس کا گردو پیش میں تصویر کے لکھے اور دونوں تصویریں خانۂ
تاریک میں یا سر دیوار بیت میں یا جلائے سلخ میں دفن کرے تو جلد اثر ہوگا اور یہ عمل بہت مجرب ہے اور بارہا
تجربے میں آیا ہے۔ فصل ۵ عداوت کے بیان میں عمل مربع معکوس کا ہے یہ عمل واسطے
خرابی ظالم کے جو خلق اللہ پر ظلم کرتا ہے یا دشمن کی خرابی مقصود ہو تو اس مربع معکوس
کا تیار کرے پہلے نام اس کا اور اس کی ماں کا لکھے اور عدد دونوں اسم کے استخراج
کرے اور بعد اسکے عدد مذکور کی ۱۲ اور ۱۲ کی طرح کرے بارہ بروج پر اور ابتدا برج
حمل سے کرے جسوقت کہ بارہ سے کم رہیں اسوقت برج معلوم کرے وہ طالع ہے
اور اس کا ستارہ کون سا ہے اور بعد ستارے پر پہلے حرف سے کون ملائکہ ہیں بقاعدۂ
ابجد ملائکہ استخراج کرے اور نام پہلے حرف سے موکل کو لے اور دوسرا طالع موکل لے
اور تیسرا کوکب طالع موکل لے ان موکلوں کے اعداد استخراج کرکے جبکہ میزان انکی جمع
ہو تو یہ اعداد اسپر جمع ہے ۵۰۴۴۔ اور ۳۰ کی اسمیں سے طرح کرے اور باقی ۴ جسے
کرے اور پوست شیر یا چیتے یا بھیڑیے کے یا شانہ سگ یا استخوان مردہ کافر کے لکھے
یعنی مربع معکوس پر کرے روز یکشنبہ یا سہ شنبہ ہوئے اور قمر در عقرب یا مقابلہ مریخ سے
یا قرآن ہو یا زحل مقابلہ یا قرآن یا قمر ہمراہ ذنب کے یا محاق میں اور تاریخ ۲۸ یا
یا روز کسوف یا خسوف یعنی چاند گہن یا سورج گہن ہوئے اور ساعت مریخ یا زحل
کی ہوئے تو چاہئے کہ اس نقش کو پر کرے اور مسجد ویران یا صحرا میں یا قبرستان میں
اور سر برہنہ ہوکے اس نقش کو لکھے اور بخور آتش پر جلاوے یعنی سیاہ دانہ اور
ہینگ یا کچلی سانپ کی یا پوست لہسن یا پیاز اور افیون اور مرچ سرخ
جلاوے اور دو نقش مربع معکوس پر کرے ایک مربع دشمن کی چوکھٹ کے نیچے
دفن کرے اور ایک نقش کو پرانی قبر میں دفن کرے اور بخور جلاوے اور اسوقت

یہ کہے کہ تو موسن ہے یہ کام میرا کر دے تو میں تیری قبر پر پھولوں کی چادر چڑھاؤں گا۔ اور حلوے پر تیری نیاز کروں گا اور ختم قرآن کرونگا اور روشنی چراغ کی کروں گا یہ کہہ کے مشت خاک اس قبر سے اٹھائے اور لا کے خانہ دشمن میں ڈال دے انشاء اللہ تعالےٰ خانۂ دشمن خراب اور ویران ہو جاویگا اور تاراج ہو گا اور دو شخصوں مطلوب میں مفارقت ہو جائے گی یہ عمل نہایت مجرب ہے

خاکہ رفتار نقش معکوس کا یہ ہے

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

